اس حج کے بعد المنصور ربذہ کی طرف روانہ ہوا، ریاح بھی بغرض مشایعت ساتھ ساتھ آیا۔ المنصور نے اولاد حسن بن حسن ان لوگوں کے ہمراہ ان کے ساتھ عراق بھیج دینے کا حکم دیا۔ چنانچہ ریاح نے ان لوگوں کو قید خانہ سے نکال کر ہتھکڑیاں پہنا کر بغیر بچھونے کے اونٹوں پر سوار کرا کے عراق کی جانب روانہ کر دیا۔ جعفر الصادق پردے کی آڑ سے یہ سب معاملات دیکھتے جاتے تھے اور آنکھوں سے آنسو جاری تھے اور ان میں محمد و ابراہیم بدوؤں کے بھیس میں اپنے باپ عبداللہ کے پاس آیا کرتے تھے اور خروج کی اجازت چاہتے تھے۔ عبداللہ بن حسن کہا کرتے تھے "میرے نور نظر! جلدی نہ کرو جب تک مناسب موقع ہاتھ نہ آئے گا۔ اگر ابو جعفر المنصور تمہاری عزت کی زندگی کا مخالف ہے تو تم لوگ اس سے ہو سکے تا کہ عزت کی موت مرو۔" جب وہ پہنچا تو المنصور سخت کلامی سے پیش آیا۔ گالیاں دیں، اس پر بھی جب دل نہ بھرا تو ایک سو پچاس درے لگوائے۔ اس غصہ کا سبب یہ تھا کہ ریاح نے المنصور کو ان کی طرف سے بدگمان کر دیا تھا اور یہ ظاہر کیا تھا کہ اہل شام اس کے ہوا خواہ ہیں کہ ان میں سے ایک بھی اس کی مخالفت نہ کرے گا۔

اس واقعہ کے بعد ابو عون حاکم خراسان نے المنصور کے پاس ایک عرضی اس مضمون کی روانہ کی کہ اہل خراسان میں اندرونی سازشیں بہت ترقی پا رہی ہیں اور یہ لوگ محمد بن عبداللہ کے خروج کا انتظار کر رہے ہیں۔ المنصور نے اس

سے مطلع ہو گئے تھے کہ محمد بن عبداللہ [illegible]

ساتھ چند آدمی بیٹھے ہوئے تھے [illegible]

[illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھا۔ [illegible]

بیان کیا جاتا ہے کہ [illegible]

[illegible]

محمد مہدی کا خروج [illegible]

[illegible]

اور اپنی جانب سے مدینہ منورہ میں عثمان بن محمد بن خالد بن زبیر کو [illegible] عبد العزیز بن مطلب بن عبداللہ المخزومی کو [illegible] پر عبد العزیز بن عمران الزہری کو [illegible] ابوالقلمس عثمان بن عبید اللہ بن عبداللہ بن عمر بن خطاب کو [illegible] عبداللہ بن جعفر بن عبد الرحمن بن مسور بن مخرمہ کو مامور کیا اور محمد بن عبد العزیز کو [illegible] نے ان دونوں کا قصد کیا۔

مدینہ منورہ کے اکثر علماء نے فوری طور پر محمد المہدی کی بیعت کی [illegible] ان کے [illegible] سوا ان چند لوگوں کے [illegible] عبداللہ بن [illegible] ابن خالد [illegible] عبداللہ بن [illegible] حبیب بن ثابت بن عبداللہ بن زبیر کے [illegible] اہل مدینہ نے امام مالک سے محمد کے ساتھ خروج کرنے [illegible] امام مالک نے جواب دیا [illegible] امام مالک [illegible] محمد المہدی نے اسمٰعیل بن عبداللہ بن جعفر کو [illegible] کے لئے طلب کیا [illegible] معاویہ بن عبداللہ بن جعفر [illegible] المہدی کا ساتھ دینے [illegible] اپنے چچا اسمٰعیل بن عبداللہ [illegible] خوف ہے [illegible] ابو محمد المہدی [illegible] لگ گئی۔

محمد المہدی کے مصاحبین میں سے ایک شخص [illegible] ابن ابی الکرام تھا [illegible] المنصور کی خدمت میں حاضر ہو [illegible] عرض کیا [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] محمد المہدی [illegible] محمد المہدی کے متعلق [illegible] المہدی کی طرف [illegible] عبداللہ بن [illegible] منصور [illegible]

تاکہ پوری پوری مطابقت ہو سکے۔ منصور نے اس کا جواب لکھ بھیجا۔ کہا جاتا ہے کہ "اس نے مدینہ میں خروج کیا ہے" [illegible] نے جواب دیا "جس وقت مجھ کو معلوم ہوا کہ ان کی کامیابی کا دروازہ بند ہے اور جعفر بن حنظلہ بہرانی نے جو وقت خروج ابراہیم کے فوج بھیجنے کی رائے دی تھی۔ جب ابراہیم نے اس سمت میں خروج کیا تو ان دونوں کی آراء کی خوبیاں ظاہر ہو گئیں۔ منصور نے جعفر کی رائے پر اعتراض کیا تھا کہ ابراہیم بصرہ میں کیوں خوف رہا ہے؟ جعفر نے کہا جب یہاں لڑائی کا اثر مدینہ جہاں پر محمد نے خروج کیا ہے۔ جنگ [illegible] باقی [illegible] تھیں تو وہ [illegible] ہے [illegible] اہل کوفہ تمہارے قدموں کے نیچے ہیں اور اہل شام [illegible] سے آل ابی طالب کے جانی دشمن ہیں۔ اب [illegible] نے بصرہ کے [illegible] مقام [illegible] کی حفاظت [illegible] کے لئے [illegible] منصور [illegible] رہا۔

اس کے بعد منصور نے قطع حجت کے خیال سے محمد مہدی کو ایک خط [illegible] روانہ کیا۔ محمد مہدی نے اس کے خط کا جواب [illegible] دیا [illegible] کہ [illegible] اپنے [illegible] مطابقت ہے

---

۱ [illegible]

[illegible]

بسم الله الرحمن الرحيم انما جزاء الذين يحاربون الله ورسوله ويسعون
في الارض فسادا ان يقتلوا او يصلبوا او تقطع ايديهم وارجلهم
من خلاف او ينفوا من الارض ذلك لهم خزي في الدنيا ولهم في الآخرة عذاب عظيم
الا الذين تابوا من قبل ان تقدروا عليهم فاعلموا ان الله غفور الرحيم
ولك عهد الله وميثاقه وذمته وذمة رسوله ان اؤمنك وجميع ولدك
واخوتك واهل بيتك ومن اتبعكم على دمائكم واموالكم
واسوغك ما اصبت من دم او مال واعطيك الف الف درهم
وما سألت من الحوائج وانزلك من البلاد حيث شئت وان
اطلق من في حبسي من اهل بيتك وان اؤمن من جاءك وبايعك
وتابعك او دخل في شيء من امرك ثم لا اتبع احدا
منهم بشيء كان منه ابدا فان اردت ان تتوثق لنفسك
فوجه الي من احببت يأخذ لك من الامان والعهد والميثاق ما تثق به والسلام

[illegible]

متعین کیا تھا کہ جس سے احتراز کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ بالاختصار بحث تمام ان کی روایت کی گئی ہے ان خطوط کا طبری نے کتاب الکامل میں نقل کیا ہے۔ فمن اراد الوقوف علیها فلیتتبعها فی اماکنها

محمد المہدی نے نامہ منظور ... محمد بن حسن بن معاویہ بن عبداللہ بن جعفر ... بمقام ... اسحاق ... موسیٰ بن

[illegible]

[illegible]

(۱) طسم تلك آيات الكتاب المبين نتلو عليك من نبأ موسى وفرعون بالحق لقوم يؤمنون ان فرعون علا في الأرض وجعل اهلها شيعا يستضعف طائفة منهم يذبح ابناءهم ويستحيي نساءهم انه كان من المفسدين ونريد ان نمن على الذين استضعفوا في الأرض ونجعلهم ائمة ونجعلهم الوارثين ونمكن لهم في الأرض ونري فرعون وهامان وجنودهما منهم ما كانوا يحذرون. وانا اعرض عليك من الأمان مثل ما عرضت علي فان الحق حقنا وانما ادعيتم هذا الأمر بنا وخرجتم له بشيعتنا وحظيتم بفضلنا وان ابانا عليا كان الوصي وكان الإمام فكيف ورثتم ولايته وولده احياء ثم قد علمت انه لم يطلب الأمر احد مثل نسبنا وشرفنا وحالنا وشرف آبائنا لسنا من ابناء اللعناء ولا الطرداء ولا الطلقاء وليس يمت احد من بني هاشم بمثل الذي نمت به من القرابة والسابقة والفضل وانا بنو ام رسول الله صلى الله عليه وسلم فاطمة بنت عمرو في الجاهلية وبنو بنته فاطمة في الإسلام دونكم ان الله اختارنا واختار لنا فوالدنا من النبيين محمد صلى الله عليه وسلم ومن السلف اولهم اسلاما علي ومن الأزواج افضلهن خديجة الطاهرة واول من صلى الى القبلة ومن البنات خيرهن فاطمة سيدة نساء العالمين واهل الجنة ومن المولودين في الإسلام حسن وحسين سيدا شباب اهل الجنة وان هاشما ولد عليا مرتين وان عبد المطلب ولد حسنا مرتين وان رسول الله صلى الله عليه وسلم ولدني مرتين من قبل حسن وحسين واني اوسط بني هاشم نسبا واصرحهم ابا لم تعرق في العجم ولم تنازع في امهات الأولاد فما زال الله يختار لي الآباء والأمهات في الجاهلية والإسلام حتى يختار لي في الأشرار. فانا ابن ارفع الناس درجة في الجنة واهونهم عذابا في النار ولك الله علي ان دخلت في طاعتي واجبت دعوتي ان اؤمنك على نفسك ومالك وعلى كل امر احدثته الا حدا من حدود الله او حقا لمسلم او معاهد فقد علمت ما يلزمني من ذلك وانا اولى بالأمر منك واوفى بالعهد لانك اعطيتني من الأمان والعهد ما اعطيته رجالا قبلي فاي الأمانات تعطيني امان ابن هبيرة ام امان عمك عبد الله ام امان ابي مسلم؟

[illegible] ... ابو جعفر منصور ... [illegible] ... رسول اللہ ﷺ کی اولاد ... [illegible] ... ﷺ ... [illegible]

عبداللہ کو مامور کیا۔ چنانچہ محمد بن حسن قحطبہ کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ ان کے ہمراہ قاسم بن اسحاق بھی تھے۔ اتفاق [illegible] مصر میں علی بن عبداللہ کی کسی نے مخبری کی۔ جو کہ چار ماہ [illegible] کے بعد موسیٰ بن عبداللہ بھائی گرفتار ہوا اور محمد بن حسن۔ یہ خبر [illegible] تھا کہ محمد المہدی نے اس وقت عیسیٰ بن موسیٰ کو بنانے کا حکم دیا چنانچہ محمد اور قاسم ابن عبداللہ عیسیٰ بن موسیٰ سے

[illegible] سب سے پہلے آپ کی طرف [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] قرابت [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] [illegible] [illegible] عباس [illegible] اللہ [illegible] اطاعت قبول [illegible]

واضح ہو کہ [illegible] منصور [illegible] جب منصور کے پاس [illegible] خط پہنچا تو اس نے [illegible] کا جواب [illegible] لکھا۔

بسم الله الرحمن الرحيم أما بعد فقد بلغني كلامك وقرأت كتابك فإذا جل فخرك بقرابة النساء لتضل به الجفاة والغوغاء ولم يجعل الله النساء كالعمومة والآباء ولا كالعصبة والأولياء لأن الله جعل العم أبا وبدأ به في كتابه على الوالدة الدنيا ولو كان اختيار الله لهن على قدر قرابتهن كانت آمنة أقربهن رحما وأعظمهن حقا وأول من يدخل الجنة ولكن اختيار الله لخلقه على علمه لما مضى منهم واصطفائه لهم وأما ما ذكرت من فاطمة أم أبي طالب وولادتها فإن الله لم يرزق أحدا من ولدها الإسلام لا بنتا ولا ابنا ولو أن أحدا رزق الإسلام بالقرابة رزقه عبد الله أولاهم بكل خير في الدنيا والآخرة ولكن الأمر لله يختار لدينه من يشاء قال الله تعالى إنك لا تهدي من أحببت ولكن الله يهدي من يشاء وهو أعلم بالمهتدين ولقد بعث الله محمدا صلى الله عليه وسلم وله عمومة أربعة فأنزل الله عز وجل وأنذر عشيرتك الأقربين فأنذرهم ودعاهم فأجاب اثنان أحدهما أبي وأبى اثنان أحدهما أبوك فقطع الله ولايتهما منه ولم يجعل بينه وبينهما إلا ولا ذمة ولا ميراثا وزعمت أنك ابن أخف أهل النار عذابا وابن خير الأشرار وليس في الكفر بالله صغير ولا في عذاب الله خفيف ولا يسير وليس في الشر خيار ولا ينبغي لمؤمن يؤمن بالله أن يفخر بالنار وسترد فتعلم وسيعلم الذين ظلموا أي منقلب ينقلبون وأما أمر حسن وأن عبد المطلب ولده مرتين وأن النبي صلى الله عليه وسلم ولدك مرتين فخير الأولين والآخرين رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يلده هاشم إلا مرة ولا عبد المطلب إلا مرة وزعمت أنك أوسط بني هاشم نسبا وأصرحهم أما وأبا وأنه لم يلدك العجم ولم تعرق فيك أمهات الأولاد فقد رأيتك فخرت على [illegible] وفخرت على من هو خير منك نفسا وأبا وأولا وآخرا إبراهيم بن رسول الله صلى الله عليه وسلم وما خيار بني أبيك خاصة وأهل الفضل منهم إلا بنو أمهات أولاد وما ولد فيكم بعد وفاة رسول الله صلى الله عليه وسلم أفضل من علي بن حسين وهو لأم ولد ولهو خير من جدك حسن بن حسن وما كان فيكم بعده مثل ابنه محمد بن علي وجدته أم ولد ولهو خير من أبيك ولا مثل ابنه جعفر وجدته أم ولد ولهو خير منك وأما قولك إنكم بنو رسول الله صلى الله عليه وسلم فإن الله تعالى يقول في كتابه ما كان محمد أبا أحد من رجالكم ولكنكم بنو ابنته وإنها لقرابة قريبة ولكنها لا تحوز الميراث ولا ترث الولاية

[illegible] کے لئے نکلا اور ان [illegible] مکہ کے مارنے کی خبر پہنچی۔ [illegible] کے پاس [illegible] کے [illegible] یہاں تک [illegible] محمد بن علی بن ابو الفضل [illegible] کی طرف چلے گئے۔ تب [illegible]

[illegible]

[illegible]

مدینہ منورہ واپس آ گئے اور مدینہ منورہ سے بصرہ میں آ کے چھپ گئے۔ اتفاق سے ایک روز ان کو [illegible] کے [illegible] عبداللہ کو [illegible] سلیمان بن علی نے گرفتار کر لیا اور چند ساتھیوں کے ہمراہ المنصور کے پاس بھیج دیا المنصور نے ان کو پٹوا کر قید کر دیا۔

[illegible]

اس کے بعد المنصور نے عیسیٰ بن موسیٰ کو محمد سے جنگ کرنے کے لئے مدینہ منورہ روانہ کیا ان کے ہمراہ محمد بن ابی العباس سفاح، کثیر بن حصین عبدی، حمید بن قحطبہ اور دیگر امراء وغیرہ بھی تھے۔ روانگی کے وقت المنصور نے یہ ہدایت کی تھی کہ اگر تم کو ان پر کامیابی حاصل ہو جائے تو اپنی تلوار کو نیام میں داخل کر لینا، امان دے دینا اور اگر وہ روپوش ہو جائے تو اہل مدینہ کو گرفتار کر لینا یہ ان کے حالات کو جانتے ہیں اور آل ابو طالب میں سے جو شخص تم سے ملاقات کرے اس کا نام میرے

۔ چچا نے بنو امیہ پر خروج کیا ان لوگوں نے تم کو قتل کیا، سولی دی، آگ میں جلایا اور شہر بدر کیا یہاں تک کہ یحییٰ بن زید کو خراسان میں قتل کیا تمہارے بزرگوں کو انہوں نے مار ڈالا، لڑکوں اور عورتوں کو قید کر لیا اور بغیر قرآن کے اونٹوں پر سوار کر کے تجارتی لونڈیوں کی طرح شام بھیج دیا یہاں تک کہ ان پر ہم نے خروج کیا اور ہم نے تمہارا معاوضہ طلب کیا، پھر تمہارا بدلہ ہم نے لے لیا اور ہم نے تم کو ان کے ملک کا وارث بنا دیا اور ہم نے تمہارے اسلاف کو بلند کیا اور فضیلت دی۔ کیا تم اس کے ذریعہ سے ہم کو معتوب کرنا چاہتے ہو؟ شاید تم نے یہ گمان کیا ہے کہ تمہارے باپ کو حمزہ، عباس اور جعفر پر مقدم ہونے کی وجہ سے ہم ذکر کیا کرتے تھے۔ حالانکہ یہ ایسا نہیں ہے جیسا کہ تمہارا گمان ہے بلکہ یہ لوگ دنیا سے ایسا صاف ہو گئے ہیں کہ سب ان کے مطیع اور ان کا افضل ہونا مسلم تھا اور تمہارا باپ جنگ و جدال میں مبتلا کیا گیا بنو امیہ ان پر لعنت و ملامت کرتے تھے جیسا کہ کفار پر نماز فرض میں کی جاتی ہے۔ پس ہم نے جھگڑا کیا ان کے فضائل بیان کئے ان پر سختی کی وجہ سے ان کی ملامت کی ان کا ہم نے بدلہ لیا۔ بے شک تم جانتے ہو کہ ہم لوگوں کی بزرگی جاہلیت میں حاجیوں کے پانی پلانے اور زمزم پر منحصر تھی اور یہ عباس کے لئے مخصوص تھی۔ تمہارے باپ نے اس بات میں ہم سے جھگڑا کیا عمر نے ہمارے حق میں اس کا فیصلہ کیا پس ہم اس کے برابر مالک جاہلیت و اسلام میں رہے اور جس وقت مدینہ منورہ میں قحط پڑا تھا تو عمر نے اپنے رب کی طرف توسل و تقرب ہمارے باپ کے ذریعہ سے کیا تھا انہی کے توسل سے پانی مانگا تھا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے پانی برسایا حالانکہ تمہارا باپ اس وقت موجود تھا ان کا توسل نہیں کیا اور یہ تم کو معلوم ہے کہ بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بنی عبدالمطلب میں سے کوئی شخص سوائے عباس کے باقی نہ تھا میراث چچا کی طرف منتقل ہوئی پھر بنی ہاشم میں سے متعدد شخصوں نے خلافت کی خواہش ظاہر کی مگر سوائے ان کے لڑکے کے وہ کسی کو حاصل نہ ہوئی سقایہ انہی کا تھا میراث نبی کی ان ہی کی طرف منتقل ہوئی اور خلافت ان کے لڑکوں میں چلی آئی غرض یہ کہ دنیا و آخرت کی جاہلیت و اسلام میں کوئی شرف اور احسان ایسا نہیں ہے جس کے عباس وارث و مورث نہ ہوئے ہوں اور تم نے جو یہ بیان کیا ہے تو جب اسلام شائع ہوا اس وقت عباس ابو طالب اور ان کے عیال کے کفیل تھے اور قحط کی وجہ سے ان کے خرچ سے دست گیری کرتے تھے اور اگر عباس ان کو نہ سنبھالتے تو ابو طالب و عقیل بھوکوں مر جاتے اور عتبہ و شیبہ کے کھانوں کو چاٹتے رہتے لیکن عباس تو ان کو کھانا کھلاتے رہے تھے۔ انہوں نے تمہاری بزرگی کو غلامی سے بچایا کھانے کپڑے سے تمہاری کفالت کرتے رہے پھر جنگ بدر میں عقیل کو فدیہ دے کر چھڑایا پس تم ہم سے کیا اس کی لیتے ہو ہم نے تمہارے عیال کی کفر میں بھی خبر گیری کی ہے۔ فدیہ تمہارا ادا کیا ہے تمہارے بزرگوں کی عزت رکھی اور تمہارا بدلہ لیا ہے خاتم الانبیاء کے تمہارے سوا ہم وارث ہوئے اور تمہارا معاوضہ بھی ہم نے طلب کیا جس سے تم عاجز ہو گئے اور جس کو تم نے اپنے لئے حاصل نہ کر سکے تھے اس کو ہم نے حاصل کر لیا۔ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ۔

مترجم: المنصور نے جواب خط کے لکھنے میں جادہ اعتدال سے قدم بہت باہر نکالا ہے۔ علی بن ابی طالب اور امام حسن پر نہایت بے سر و پا کے بہتان قائم کئے ہیں اس کا یہ تحریر کرنا کہ "تمہارے باپ نے اس کی ہر طرح سے خواہش کی تھی"۔ بالکل غلط ہے جناب امیر نے کبھی خلافت کی خواہش نہیں کی تھی اور وقت جب سقیفہ انصار میں قریش کے نزاع کے دن میں آپ تشریف فرما نہ تھے اور امام حسنؓ کی نسبت یہ لکھنا کہ انہوں نے خلافت کو معاوضہ لے کر چھوڑ دیا اور روپیہ کے عوض فروخت کر ڈالا محض بہتان ہے انہوں نے خلافت سے دست کشی کر کے مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں صلح کرا دی تھی اور اس طرح سے اپنے جد امجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشین گوئی پوری کی کہ "یہ دو مسلمان گروہوں کے درمیان صلح کا باعث ہوگا" پوری کی گئی۔ اس کا یہ لکھنا بھی افتراء ہے کہ عباس ابو طالب اور ان کے عیال کے کفیل تھے چونکہ محمد نفس زکیہ نے امام علی ابن ابی طالب کے فضائل بیان کرتے وقت یہ بھی کہا تھا کہ وہ بدری تھے اور عباس بدر میں کفار کے ساتھ تھا اس وجہ سے اس نے بدر کا تذکرہ کر کے ان کی بدنامی کی کوشش کی ہے۔ غریب محمد نے اپنے خط میں عباس کی نسبت ایک حرف بھی برائی کا نہیں تحریر کیا تھا اس نے اپنے خط میں تو قول و فعل کی برائی نہیں کی تھی۔

یا ان میں بیٹھا اور جو شخص مارا گیا اس کا مال و اسباب ضبط کر لیا چنانچہ جعفر الصادق منجملہ ان لوگوں کے تھے جو روپوش ہو گئے تھے چنانچہ عیسیٰ ابن موسیٰ نے ان کا مال و اسباب ضبط کر لیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس واقعہ کے بعد جب المنصور وارد مدینہ منورہ ہوا تو جعفر الصادق نے اس سے اپنا مال و اسباب طلب کیا تھا اور المنصور نے جواب دیا تھا کہ اس کو تو تمہارے ہی مہدی نے ضبط کر لیا ہے۔

الغرض عیسیٰ نے قید میں بھیج کر اہل مدینہ کے چند آدمیوں کو قتل کیا علاوہ ازیں منجملہ ان کے عبدالعزیز بن مطلب مخزومی عبداللہ بن محمد بن صفوان جمحی اور عبداللہ بن محمد بن عمر بن علی ابن ابی طالب تھے۔ یہی عبداللہ مہدی کے بھائی عمر بن محمد بن علی بن ابی طالب اور ابو عقیل محمد بن عبداللہ بن محمد بن عقیل کے مدینہ منورہ سے نکل آئے۔ مہدی کو عیسیٰ بن موسیٰ کے آنے کی خبر لگی تو اس نے اپنے ساتھیوں سے مدینہ منورہ میں قیام کرنے یا اس کے اردگرد خندق کھودنے کے متعلق رائے طلب کی۔ ساتھیوں میں باہم اختلاف ہوا تو مہدی نے یہ کہہ کر کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے خندق کھودنے کا حکم دیا اور اسی خندق کو کھدوایا جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ احزاب میں کھدوایا تھا۔ اسی اثنا میں عیسیٰ بن موسیٰ نے الاعوص میں پہنچ کر پڑاؤ ڈالا۔ اس سے پیشتر محمد المہدی نے اہل مدینہ کو مدینہ سے نکلنے سے روک رکھا تھا لیکن جب وہ آ پہنچا تو ایک جم غفیر اپنے اہل و عیال کے ساتھ پہاڑوں کی طرف نکل کر چلا گیا۔ معدودے چند مہدی کے پاس رہ گئے۔ اس وقت ان کو اپنی رائے کی غلطی محسوس ہوئی۔ ابوالقلمس کو ان لوگوں کے واپس لانے پر مامور کیا لیکن کامیابی نہ ہوئی۔

بہرحال عیسیٰ نے الاعوص سے کوچ کر کے مدینہ منورہ سے چار میل کے فاصلہ پر پڑاؤ کیا اور ایک دستہ فوج کو مکہ کے راستہ کی طرف بھیج دیا تاکہ بوقت ہزیمت محمد اُدھر جانے نہ پائے اور مہدی کے پاس کہلا بھیجا کہ خلیفہ المنصور تم کو امان دیتے ہیں اور کتاب و سنت کی طرف تم کو بلاتے ہیں اور بغاوت کے نتائج سے ڈراتے ہیں۔ مہدی نے جواب دیا: "میں ایک ایسا شخص ہوں جس نے قتل کے خوف سے فرار کیا ہے"۔ عیسیٰ یہ سن کر خاموش ہو رہا۔ دو شنبہ ۱۲ رمضان ۱۴۵ھ کو مقام جرف میں آ کر ٹھہرا اور دو شنبہ کو ایک بلند مقام پر کھڑے ہو کر اہل مدینہ سے پکار کر کہا:

"اے اہل مدینہ! میں تم کو امان دیتا ہوں بشرطیکہ تم میرے اور میرے حریف کے درمیان میں حائل نہ ہو"۔ اہل مدینہ گالیاں دینے لگے۔ عیسیٰ لوٹ آیا۔ دوسرے دن پھر اسی مقام پر بقصد جنگ گیا اور اپنے سپہ سالاروں کو اطراف مدینہ منورہ میں پھیلا دیا۔ محمد المہدی بھی مقابلے پر نکلے۔ میدان جنگ میں آئے۔ ان کا علم عثمان بن محمد بن خالد بن زبیر کے ہاتھ میں تھا اور ان کا شعار احد احد تھا۔ سب سے پہلے ابوالقلمس صف لشکر سے نکلا۔ میدان میں آ کر للکار کر آواز دی: "ہے کوئی لڑنے والا جو مقابلے پر آئے"۔

عیسیٰ کے لشکر سے ایک بہادر نکلا ابوالقلمس نے قریب پہنچتے ہی اس کو مار ڈالا اور دوسرا شخص آیا اس کا بھی ابوالقلمس نے کام تمام کر دیا اور پھر بڑی مردانگی سے اکڑ کر بولا: "انا ابن الفاروق"۔

محمد المہدی نے اس معرکہ میں بہت بڑی مردانگی سے کام لیا۔ بڑے بڑے بہادروں کو شکست دی۔ ستر آدمی ان کے ہاتھ سے مارے گئے۔ اس کے بعد عیسیٰ بن موسیٰ کے حکم سے حمید بن قحطبہ ایک سو پیادوں کو لے کر خندق کے قریب کی دیوار کی طرف بڑھا محمد کے ہمراہیوں نے تیر باری شروع کی مگر حمید کے قدم استقلال کو جنبش نہ ہوئی اور وہ خندق تک پہنچ گیا

اور اس کو منہدم کر کے خندق کو بھی عبور کر لیا اور محمد المہدی کے ہمراہیوں سے لڑنے لگا عصر کے وقت تک برابر لڑتا رہا۔ جنگ کا بازار گرم ہی تھا کہ عیسیٰ نے اپنے رکاب کی فوج کو ہٹنے کا حکم دیا۔ لشکریوں نے خندق کو عرق زین پوش اور اسباب سے پاٹ کر راستے بنا لیے جو اس لشکر خندق عبور کر کے محمد المہدی کے لشکر سے جا بھڑے گھمسان کی لڑائی ہونے لگی۔ محمد نے میدان جنگ سے واپس آ کر غسل کیا۔ خوشبو لگائی پھر میدان جنگ کی طرف لوٹا عبد اللہ بن جعفر بولے "آپ نے بڑی غلطی کی اس عظیم الشان لشکر کا مقابلہ کرنا آپ کی طاقت سے باہر ہے کاش مکہ چلے گئے ہوتے"۔ جواب دیا

"میں اہل مدینہ کو اس حالت میں نہیں چھوڑ سکتا واللہ میں یہ فعل نہ کروں گا۔ اس سے زیادہ کیا ہوگا کہ مارا جاؤں گا اور تم کو بیعت میری سے آزادی ہے جہاں چاہو چلے جاؤ"۔

محمد المہدی کا قتل: عبد اللہ بن جعفر تو چل دیئے اور محمد سامنے سے پھر لوٹ آئے اسی طرح تقریباً کل ہمراہی منتشر و متفرق ہو گئے صرف تین سو آدمی باقی رہ گئے۔ ہمراہیوں میں سے کسی نے کہا "آج ہم لوگوں کی وہی تعداد ہے جو اہل بدر کی تعداد تھی"۔ عیسیٰ بن خضیر مہدی کے ہمراہیوں میں سے بصرہ یا کسی شہر کی طرف چلے جانے کو بار بار کہتا جاتا اور مہدی یہی جواب دیتا تھا۔

"واللہ تم لوگ میرے ساتھ مبتلا ہو جاتے جس طرف تمہارا جی چاہے چلے جاؤ"۔

اس کے بعد مہدی نے عیسیٰ بن خضیر دیوان کی طرف چلا گیا اور اس رجسٹر کو جلا دیا جس میں بیعت کرنے والوں کے نام درج تھے پھر قید خانہ کی طرف آیا۔ ریاح بن عثمان اور اس کے بھائی عباس اور ابن مسلم بن عقبہ کو قتل کیا محمد بن قسری نے خبر پا کر دروازہ بند کر لیا اور بچ گیا۔ ابن خضیر لوٹ کر محمد کے پاس آیا اور اس کے ساتھ ہو کر لڑنے لگا۔ محمد بطن سلع کی طرف بڑھا۔ اس کے رکاب میں جو بنی شجاع کی جماعت تھی ان لوگوں نے اپنی سواریوں کے پاؤں کاٹ ڈالے اور تلواروں کی نیامیں توڑ کر مر جانے کے عہد و پیمان کر کے ٹھہر گئے۔ عیسیٰ کی فوج کو دو یا تین بار ہزیمت دی۔ کچھ لوگ اس کے ہمراہیوں میں سے پہاڑ پر چڑھ گئے اور دوسری جانب سے اتر کر مدینہ میں آ گئے اور ایک عباسی عورت کی سیاہ اوڑھنی لے کر منارہ مسجد پر پھریرے کی طرح سے اڑا دیا۔ محمد کے ہمراہیوں کے جو اس وقت تک کمال مردانگی سے لڑ رہے تھے یہ واقعہ دیکھ کر چھکے چھوٹ گئے اور وہ یہ سمجھے کہ عیسیٰ کے لشکر نے مدینہ منورہ پر قبضہ کر لیا۔ لوگ لڑتے ہوئے طرح دے گئے اور بنو غفار نے بھی عیسیٰ کے ہمراہیوں کو اپنی جانب سے راستہ دے دیا۔ عیسیٰ کے لشکری مدینہ میں داخل ہو کر محمد کے لشکریوں کے سامنے سے آ پہنچے۔ محمد نے حمید بن قحطبہ کو للکارا۔ حمید نے مقابلہ پر آنے سے انکار کیا اور عیسیٰ بن خضیر کو پکار کر بولا "تم جنگ نہ کرو میں تم کو امان دیتا ہوں"۔ ابن خضیر اس پر التفات نہ کرتا ہوا برابر لڑتا رہا یہاں تک کہ لڑتے لڑتے زخموں سے چور ہو کر گر پڑا۔ محمد اس کی لاش پر لڑ رہا تھا عیسیٰ کے لشکری ہر چہار طرف سے اس پر حملہ کر رہے تھے اور کمال استقلال سے للکار للکار کر ان کے حملوں کا جواب دیتا جاتا تھا۔ ایک شخص نے لپک کر پشت پر تلوار ماری اسی وقت سامنے سے زخم سے نڈھال ہوئے حمید بن قحطبہ نے بڑھ کر سینے پر ایک برچھا مار دیا۔ تیورا کر گر پڑے۔ حمید بن قحطبہ نے گھوڑے سے اتر کر سر اتار لیا اور عیسیٰ کے روبرو لا کر رکھ دیا۔ عیسیٰ نے محمد کے سر کو محمد بن ابی الکرام بن عبد اللہ بن علی بن عبد اللہ بن جعفر کی معرفت منصور کی خدمت میں روانہ کیا اور بشارت فتح قاسم بن حسن بن زید بن حسن بن علی بن ابی طالب لے کر گئے۔ یہ واقعہ قتل نصف رمضان المبارک ۱۴۵ھ یوم دو شنبہ بعد عصر چودہ تاریخ کو واقع ہوا۔

خاتمہ جنگ کے بعد عیسیٰ نے باغیوں کی لاشیں عبرت کی غرض سے مدینہ منورہ کے مختلف مقامات پر نصب کر دیئے اور محمد کی لاش کو معہ ان کے ہمراہیوں کے مابین ثنیۃ الوداع و مدینہ منورہ سولی پر چڑھا دیا۔ پھر ان کی بہن زینب نے اجازت حاصل کر کے بقیع میں دفن کر دیا۔

اس زمانہ سے المنصور نے رسد و غلہ کو بحری راستہ سے مدینہ منورہ میں آنے سے روک دیا۔ اس کے بعد المہدی نے اجازت دی۔

اس واقعہ میں محمد المہدی کے قبضہ میں ذوالفقار علی تھی جس کو انہوں نے ایک تاجر کو ایک مطالبہ کے عوض جو ان پر واجب الادا تھا ایک ہزار دے دی تھی۔ چنانچہ جب جعفر بن سلیمان والی مدینہ منورہ بن کر آیا تو اس نے یہ مطالبہ ادا کر کے ذوالفقار تاجر سے لے لی۔ خلیفہ المہدی کو اس کی اطلاع ہوئی تو اس نے جعفر بن سلیمان سے وہ لے لی اور پھر وہ ہارون الرشید تک پہنچی۔ الرشید استعمال کرتے رہے۔ اس میں اٹھارہ فقارے تھے۔

محمد المہدی کے ساتھ اس جنگ میں مشاہیر بنی ہاشم سے محمد کا بھائی موسیٰ بن عبداللہ، حمزہ بن عبداللہ بن محمد بن علی بن حسین اور حسین و علی پسران زید بن علی بن حسین تھے۔ المنصور حسین و علی کے نام پر کہا کرتا تھا کہ "میں نے تو ان دونوں کے باپ کا بدلہ لیا ہے۔ پھر انہوں نے کیوں محمد کی اعانت کی"۔ علی و زید پسران حسن بن زید بن حسن بھی محمد کے ساتھ تھے اور دونوں کے والد حسن بن زید المنصور کے ہمراہ تھے اور حسن و یزید و صالح پسران معاویہ بن عبداللہ بن جعفر، قاسم بن اسحاق بن عبداللہ بن جعفر اور علی بن جعفر بن اسحاق بن علی بن عبداللہ بن جعفر محمد کے مخلص مددگار تھے اور ان کا باپ المنصور کے لشکر میں تھا۔

بنی ہاشم کے علاوہ جو لوگ اس معرکہ میں محمد کے ساتھ شریک تھے وہ حسب ذیل تھے:

محمد بن عبداللہ بن عمر بن سعید بن العاص، محمد بن عجلان، عبداللہ بن عمر بن حفص۔ یہ لوگ بھی، ابوبکر بن عبداللہ بن محمد بن ابی سبرہ (یہ گرفتار کر لئے گئے تھے اور درے سے پٹوا کر قید کر دیئے گئے تھے یہاں تک کہ سودان نے عہد حکومت عبداللہ بن ربیع حارثی میں مدینہ میں قدم رکھا اور عبداللہ بن ربیع مدینہ منورہ سے بھاگ گیا۔ ابوبکر بن ابی سبرہ پا بہ زنجیر قید خانہ سے نکل کر مسجد میں آئے محمد بن عمران اور محمد بن عبدالعزیز وغیرہ کو بلا کر سودان کے سمجھانے کو بھیجا۔ یہ لوگ بمعہ ابن ابی سبرہ کے سودان کے پاس گئے اور ان لوگوں کو سمجھایا۔ حسب دستور سابق اطاعت پر راضی کر کے لوٹا دیا۔ اس دن لوگوں نے نماز جمعہ پڑھی۔ عصر کا وقت آیا جماعت کھڑی ہوئی تو اصبغ بن ابی سفیان بن عاصم بن عبدالعزیز بن مروان نے پکار کر کہا "میں فلاں بن فلاں ہوں۔ بہ اطاعت امیر المومنین نماز پڑھاتا ہوں" اور نماز ادا کی۔ [illegible] کسی نے کچھ تعرض نہ کیا۔ صبح ہوئی تو ابن ابی سبرہ کے کہنے سے سودانیوں نے جو کچھ لوٹ لیا تھا واپس کر دیا۔ اس کے بعد ابن الربیع عامل مدینہ بطن نخل سے واپس آیا اور سرکشی کرنے والے سودانیوں کے ہاتھ کاٹے۔ عبدالواحد بن ابی عون (مولی ازد)، عبداللہ بن جعفر بن عبدالرحمن بن مسور بن مخرمہ، عبدالعزیز بن محمد، عبدالحمید بن جعفر، عبداللہ بن عطاء بن یعقوب (مولی بنی سباع) اور اس کے نو لڑکے[1]، عیسیٰ

---

[1] عبداللہ بن عطاء بن یعقوب کے نو لڑکوں کے نام یہ تھے: ابراہیم، اسحاق، ربیعہ، جعفر، عبداللہ، عطاء، یعقوب، عثمان، عبدالعزیز۔ تاریخ کامل ابن اثیر جلد پنجم صفحہ ۱۲

[illegible] قتل کیا تھا [illegible]

[illegible]

[illegible] عبداللہ [illegible]

ابراہیم بن عبداللہ ابراہیم بن عبداللہ [illegible]

[illegible]

ابن ہرمز کو مدینہ میں ابو مروان (مولی بنی سلیم) کے مکان میں [illegible] تھا [illegible] گرفتار کر لائے گئے اور قید رہے۔ [illegible] رہائی ہوئی)۔

ابراہیم بن عبداللہ کا خروج: محمد المہدی نے ظاہر ہونے کے بعد اپنے بھائی ابراہیم کو بصرہ [illegible] تھا [illegible] کے بعد [illegible] ۱۴۵ھ [illegible] کے پاس [illegible] اور [illegible] ابراہیم [illegible] لوگوں [illegible] بیعت [illegible] بصرہ میں داخل ہوئے اور [illegible] جعفر و محمد پسران سلیمان بن علی [illegible] ان کے مقابلے [illegible] کی طرف [illegible] جاتے ہیں۔

بصرہ و اہواز پر قبضہ: جعفر و محمد پسران سلیمان [illegible] دار الامارت پر قبضہ کرنے کے بعد ابراہیم نے مال [illegible] اہواز پر قبضہ کر لیا [illegible] (بن عبداللہ بن عباس) [illegible] المنصور کی جانب سے [illegible] ہارون [illegible] ابراہیم [illegible] المنصور [illegible]۔

کوفہ پر لشکر کشی: [illegible] المنصور [illegible] ابراہیم [illegible] اہل کوفہ [illegible] ابراہیم نے [illegible] کر دیا۔

المنصور نے [illegible]

[illegible]

سالم کو ابراہیم کی طرف کو بڑھنے کا حکم دیا اور اس کی کمک پر دو سپہ سالاروں کو مامور فرمایا۔ چونکہ خالد اصمعی کے ہمراہ تھا جس جگہ تھا وہیں سے بنی خازم کو اہواز کی طرف روانہ کر دیا۔ نکلا تو اسی اثناء میں فارس پر داعی دستہ اور ہوازن پر بھی قبضہ کر لیا مگر یہیں اور ایک لاکھ فوج ان کے مقابلہ پر کوفہ میں ایک آواز کی منتظر ٹھہری ہوئی تھی۔ منصور نے نہایت حزم و احتیاط سے ہر سمت کی مدافعت پر توجہ کی، روانہ کیں اور بغداد کے دروازوں کو کمال ہوشیاری سے بند کیا۔ پچاس روز تک مصلیٰ پر بیٹھا رہا کسی وقت کپڑے نہیں بدلے، جامہ اور عمامہ میلا ہو گیا تھا جب کسی ضرورت سے باہر آتا تو شاہی لباس پہن لیتا تھا مگر جس وقت اندر چلا جاتا تھا انہیں دنوں مدینہ منورہ سے دو عورتیں فاطمہ بنت محمد بن عیسیٰ بن طلحہ بن عبیداللہ اور امۃ الکریم بنت عبداللہ (خالد بن اسید کی نسل سے) کوفہ میں آئی تھیں منصور نے ان کی تعظیم و تکریم کی اور کہا کہ یہ ایام عورتوں کے ساتھ لطف طلب کرنے کے نہیں ہیں۔ جب تک میں ابراہیم کا سر اپنے روبرو نہ دیکھ لوں یا ابراہیم کے سامنے میرا سر نہ رکھ دیا جائے"۔

ابراہیم بن عبداللہ کا قتل: جب ابن عیسیٰ بن موسیٰ دار الخلافت میں حاضر ہوا تو پندرہ ہزار فوج کے ساتھ ابراہیم کی جنگ پر بھیج دیا۔ اس کے مقدمۃ الجیش پر حمید بن قحطبہ تعینات کیا گیا تھا۔ جس وقت ابراہیم بصرہ سے ایک لاکھ فوج لے کر آیا اور عیسیٰ بن موسیٰ کے مقابلہ پر کوفہ سے سولہ فرسنگ کے فاصلہ پر باخمریٰ میں پہنچ کر پڑاؤ کیا تو سلم بن قتیبہ نے ابراہیم سے کہا "آپ اپنے اردگرد خندق کھدوا لیجئے تاکہ مقابلہ کرنے میں سہولت ہو"۔ ابراہیم نے اپنے ہمراہیوں کے سامنے اس معاملہ کو پیش کیا ان لوگوں نے جواب دیا "ہم تو خندق نہیں کھودیں گے بلکہ ہم غالب ہیں اور ابوجعفر ہمارے قبضے میں ہے"۔ سلم کا قاصد یہ کہہ کر واپس آیا کہ اس مقصد پر بحث ختم ہو گئی۔ ابراہیم کے ہمراہیوں میں سے کسی نے رائے دی کہ دستہ دستہ فوج لڑاؤ تاکہ ایک دستے کے اکھڑ جانے پر دوسرا دستہ تازہ دم کمک پر پہنچ جائے۔ ابراہیم نے اس کو پسند کیا، اہل بصرہ کی طرح صف بندی کر کے لڑنے کا حکم دیا۔ بعض ہمراہیوں نے اس رائے سے اتفاق کیا لڑائی تیزی کے ساتھ شروع ہو گئی حمید بن قحطبہ اپنی رکاب کی فوج کے ساتھ بھاگ کھڑا ہوا۔ عیسیٰ نے قسم دلا کر امیر لشکر کی اطاعت کو کہا جواب دیا "جنگ میں امیر لشکر کی اطاعت کا لحاظ نہیں کیا جاتا"۔ غرض ابوالعسکری بھاگ گئے۔ عیسیٰ کے پاس ایک نہایت قلیل جماعت باقی رہ گئی مگر یہ سب نہایت استقلال کے ساتھ مرنے پر تیار ہو کر لڑ رہے تھے کہ اسی اثناء میں جعفر و محمد پسران سلیمان بن علی ایک لشکر لئے ہوئے ابراہیم کے لشکر کے پیچھے سے آ پہنچے ابراہیم کے ہمراہی اس اچانک حملہ سے گھبرا کر ان کے ساتھ جنگ مقاومت کی غرض سے متوجہ ہوئے تو عیسیٰ کے لشکریوں نے ان کا تعاقب کیا۔ منہزمین یہ رنگ دیکھ کر سب کے سب لوٹ پڑے ہر چہار طرف سے لڑائی شروع ہو گئی دونوں میں ابراہیم کا لشکر بیچ میں آ گیا جو نکلا تھا اور دشمن چہار طرف سے گھیرے ہوئے تھے کوئی مقابلہ کر سکتا تھا۔ مجبور ہو کر بے ترتیبی کے ساتھ بھاگ کھڑا ہوا صرف چار پانچ سو جان نثار باقی رہ گئے۔ حمید بڑھ بڑھ کر حملہ پر حملہ کر رہا تھا اتفاق سے ایک تیر ابراہیم کے گلے میں آ کر لگا۔ ہمراہیوں نے گھوڑے سے اتار لیا اور چاروں طرف سے حلقہ کر کے بچاؤ کرنے لگے اور حملوں کا جواب دینے لگے۔ حمید نے اپنی رکاب کی فوج کو یکجائی قوت سے حملہ کرنے کا حکم دیا ان لوگوں کا تعاقب کیا تھا کہ ابراہیم کے ہمراہی بھاگ کر منتشر ہو گئے حمید کے لشکریوں نے ابراہیم کا سر اتار کر عیسیٰ کے روبرو پیش کیا، عیسیٰ نے محمد بن لکرد کے ذریعہ منصور کے پاس بھیج دیا۔ یہ واقعہ ۲۵ ذیقعدہ ۱۴۵ھ کا ہے۔

جس وقت ابراہیم کا سر منصور کے روبرو رکھا گیا تو رو کر کہنے لگا "واللہ میں اس معاملہ کو ناپسند کرتا تھا لیکن اتفاق تھا"

ایسا پیش آیا کہ ہم اور تم دونوں اس میں مبتلا ہو گئے"۔ اس کے بعد منصور نے دربار عام منعقد کیا جو شخص حاضر ہوتا تھا منصور کو خوش کرنے کے خیال سے ابراہیم کی برائیاں بیان کرتا تھا تا آنکہ جعفر بن حنظلہ بہرانی دربار عام میں حاضر ہوا حسب آداب شاہی سلام کر کے عرض کیا "اعظم اللہ اجرک یا امیر المؤمنین کہ آپ کے چچازاد بھائی کے بارے میں اجر عظیم عطا فرمائے اور جو کچھ اس نے آپ کے حق میں افراط کی ہو اس سے درگزر کرے"۔ منصور کے چہرے پر یہ فقرہ سنتے ہی مسرت کے آثار نمایاں ہو گئے تو خوش ہو کر اسے ابو خالد کی کنیت سے خطاب کیا اور اپنے پاس بٹھا لیا۔

شہر بغداد کی تعمیر: چونکہ ہاشمیہ میں راوندیہ آئے دن یورش کیا کرتے تھے اور اہل کوفہ کو ان کی حکومت وہاں پر گوارا نہ تھی اور نیز خود منصور کو ہر وقت اپنی جان کا خطرہ رہا کرتا تھا اس وجہ سے ان کے قرب و جوار سے علیحدہ ہو کر جس مقام پر آج بغداد آباد ہے آیا بطارقہ کو جو وہاں پر موجود تھے بلا کر ان مقامات کے حالات، حرارت، برودت، بارش، کیچڑ اور خشکی دریافت کئے اور ان سے مشورہ لیا۔ ان لوگوں نے جس مقام پر اب بغداد ہے اس طرف اشارہ کیا اور یہ فوائد ظاہر کئے کہ یہ ایسا مقام ہے جہاں پر کشتیوں کے ذریعے سے شام، رقہ، مصر اور مغرب کے مختلف شہروں سے رسد آ سکتی ہے اور چین، ہند، بصرہ، واسط، دیار بکر، روم اور موصل سے براہ دجلہ اور ارمینیہ اور اس کے ملحقات سے براہ خشکی غلہ وغیرہ بخوبی پہنچ سکتا ہے۔ یہ مقام پر قوم مناسب ہے جس کو سوائے جسر (پل) کے اور کسی ذریعے سے عبور نہیں کر سکتے اور جب آپ ان کو منقطع کر دیں گے تو آپ کا دشمن بے قابو ہو جائے گا اور آپ بصرہ، کوفہ اور واسط، موصل کے درمیان میں رہیں گے خشکی اور پانی کے قریب مقیم رہیں گے"۔ منصور نے یہ اوصاف سن کر اسی مقام پر اپنا دار السلطنت بنانے کا عزم مصمم کر لیا۔ چنانچہ ۱۴۵ھ میں اس کا بنیادی پتھر رکھا اور شام، جزیرہ، کوفہ، واسط اور بصرہ سے صناع و معمار بلوائے اور انہی لوگوں کو جن میں عدالت، عفت، امانت اور علوم ہندسہ سے واقفیت تھی ان کو نگران منصب کیا۔ حجاج بن ارطاۃ اور ابو حنیفہ نعمان بھی انہی لوگوں میں سے تھے۔ تعمیر شروع ہوئی۔ حسب حکم منصور شہر بغداد کا نقشہ کھنچوایا گیا اور دروازے، فصیلیں، مقامات اور محلے تجویز کئے گئے اور اس خط پر جو کوئلوں سے دیا گیا تو جب اس میں آگ لگا کر روشن کی تب منصور نے اس کو بغور دیکھا اور اسی خط پر بنیاد کھودنے کا حکم دیا۔ چار سرداران لشکر ہر چہار طرف اس کی تعمیر پر مقرر کئے گئے۔ امام ابو حنیفہؒ نے چونکہ عہدہ قضا قبول کرنے سے انکار کیا تھا اس وجہ سے وہ اینٹیں اور چونا وغیرہ گننے اور اہتمام پر مامور کئے گئے کیونکہ منصور نے قسم کھائی تھی کہ ضرور ان سے کوئی کام لے گا چنانچہ یہی کام لیا گیا۔

منصور نے قصر کی بنیاد تیس ہاتھ چوڑی اور نیچے تک رکھوائی اور ہر ایک قصب و خشت رکھوایا اور پہلی اینٹ اپنے ہاتھ سے رکھ کر کہا (بسم اللہ والحمد للہ والارض للہ یورثہا من یشاء من عبادہ والعاقبۃ للمتقین) بعد ازاں معماروں سے مخاطب ہو کر بولا (ابنوا علی برکۃ اللہ) جس وقت دیوار بقدر ایک قد آدم تیار ہو گئی محمد المہدی کے ظہور کی خبر آئی تو منصور اسے چھوڑ کر کوفہ چلا آیا تا آنکہ محمد اور ان کے بھائی کی لڑائی سے فارغ ہو کر پھر بغداد واپس آیا اور تعمیر کا کام شروع کر دیا خالد بن برمک سے مدائن اور ایوان کسریٰ کو توڑ کر بغداد میں اس کے اسباب کے لانے کے متعلق مشورہ طلب کیا۔ خالد بن برمک

۱؎ [illegible] بالفتح و بالکسر [illegible]

۲؎ [illegible]

نے عرض کیا: "امیر المومنین! یہ امر غیر مناسب ہے کیونکہ یہ آثار اسلام اور فتوحات عرب کی نشانی ہے اور اس میں علی ابن ابی طالب کا مصلیٰ ہے"۔ منصور نے اس کو محبت عجم سے تعبیر کر کے قصر ابیض کے توڑ دیے جانے کا حکم دے دیا چونکہ اس کو توڑ کر لانے میں بہ نسبت جدید اسباب کے صرف زیادہ پڑتا تھا اس وجہ سے اس کے توڑنے اور اسباب کے لے جانے سے روک دیا گیا خالد نے عرض کیا "اب اس وقت قصر ابیض کا توڑنا موقوف کرنا خلاف مصلحت ہے لوگ عجمیوں کو یہ خیال پیدا ہوگا کہ سلطان اسلام جن کی عمارتوں کو عجمیوں نے بنایا اس کو توڑ بھی نہ سکے"۔

منصور نے اس رائے کو پسند کیا اور توڑنا موقوف کرا دیا۔ [illegible] دار الخلافہ اور کوفہ سے دو منزل کے [illegible] آخر کار بغداد میں بنا اور شہر جدید آباد کیا، وسط میں شاہی محل بنوایا تاکہ ہر طرف سے لوگوں کا فاصلہ قریب قریب رہے۔ محل کے پہلو میں جامع مسجد قصر کی جانب [illegible] شہر پناہ اور خندق [illegible] کی [illegible] تھی۔ [illegible] شہر پناہ بنا دیا گیا تھا [illegible] ایک [illegible] بازار [illegible] مکانات [illegible] بنوائے گئے تھے [illegible] شہر کے اندر تھے لیکن بعد [illegible] قصر و جامع مسجد کا [illegible] لگا کر [illegible] رات کو [illegible] پولیس مقرر کی گئی تھی۔ شہر پناہ اور مسجد قصر خلافت [illegible] اور [illegible] کی [illegible] ہوئے تھے [illegible] حساب لیا گیا تو اس کے پاس [illegible] خالد بن [illegible] قید کر دیا [illegible] اس نے ادا کر دیے تو رہا کیا۔

مہدی کی ولی عہدی: ابو العباس سفاح نے عیسیٰ بن موسیٰ کو منصور کے بعد ولی عہد مقرر کیا تھا [illegible] عیسیٰ بن موسیٰ [illegible] جب مہدی بڑا ہوا تو منصور نے [illegible] عیسیٰ کی [illegible] مہدی کو مقدم کر [illegible] منصور [illegible] مہدی [illegible] منصور نے عیسیٰ سے مہدی کی ولی عہدی کے متعلق [illegible] عیسیٰ نے عرض کیا "امیر المومنین میری ولی عہدی کی بیعت سے [illegible] مسلمانوں [illegible] کیونکر [illegible]" منصور نے عیسیٰ کا [illegible] پہلے المہدی [illegible] عیسیٰ بن علی اور عبد الصمد [illegible] ولی عہدی [illegible] عیسیٰ بن موسیٰ [illegible] المہدی کے [illegible] ایک مدت تک المنصور [illegible] عیسیٰ [illegible] منصور [illegible] عیسیٰ کو ولی عہد [illegible] منصور نے [illegible] مہدی کی ولی عہدی کی بیعت لی اور عیسیٰ کو ان کے بعد ولی عہد مقرر کیا۔

[illegible] منصور [illegible] کے بارے میں [illegible] ابو [illegible] عیسیٰ [illegible] ایک جماعت کے [illegible] بغاوت [illegible]

المنصور کی شان عدالت کے شایان نہ تھے اور ان کی وجہ سے اس کی عدالت پر حرف آتا تھا۔ کچھ عجب نہیں کہ ان تجربوں میں سے کچھ بھی صحیح نہ ہو۔

استاذسیس کا خروج: (۱۵۰ھ) میں ایک شخص مدعی نبوت (جس کا نام استاذسیس) اطراف خراسان میں ظاہر ہوا۔ تقریباً تین ہزار جنگ آور اہل ہرات، بادغیس اور سجستان وغیرہ کے اس کے پاس جمع ہو گئے اور اس نے اکثر مضافات خراسان پر قبضہ کر لیا۔ حاکم گورنر مرو روذ نے جو بنا کر اپنا لشکر مرتب کیا اور استاذسیس سے جا بھڑا۔ استاذسیس نے اس کو ہزیمت دے کر اس کے لشکر کے حصہ کثیر کو قتل کر ڈالا۔ اس کے بعد جو جو سپہ سالار اس کے مقابلے پر آئے ان کو اس نے ہزیمت دے دی۔ المنصور نے جس وقت یہ واقعہ سنا اس وقت خازم بن خزیمہ کو اپنے ولی عہد المہدی کے پاس نیشاپور بطور کمک کی نیت سے روانہ کیا۔ المہدی نے خازم کو جنگ استاذسیس پر بھیج دیا۔ چنانچہ خازم نے تیس ہزار فوج سے استاذسیس پر دھاوا کیا۔ اس کے میمنہ پر ہیثم بن شعبہ بن ظہیر تھا، میسرہ پر نہار بن حصین سعدی، مقدمہ پر بکار بن مسلم عقیلی۔ اور القُرہ برقان کے ہاتھ میں تھا۔ خازم نے مورچے کا رخ بدل دیا اور میدان جنگ میں پہنچ کر استاذسیس کو دھوکہ دینے کی غرض سے خندق کھدوائی اور مورچے قائم کئے اور ایک خندق کو دوسری خندق سے ملا دیا۔ ہر ایک پر راہ رکھا اور ایک بہت بڑی خندق اپنے کل لشکر کے گرد کھدوائی اور اس کے چار دروازے بنوائے (ہر دروازہ پر منتخب ایک ہزار سپاہی بطور مقدمہ و مراولوں کے متعین کئے۔ استاذسیس کے ہمراہی بھی مرتب ہو کر مقابلہ پر آئے ان کے ساتھ پھاوڑے، کدالیں اور ٹوکریاں تھیں اور اسی دروازے پر جنگ شروع کی جس طرف بکار بن مسلم تھا۔ بکار اور اس کے ہمراہی سپاہی تو ڈٹ کر لڑے کہ استاذسیس کے ہمراہیوں کے دانت کھٹے ہو گئے وہ مڑ کر اس طرف گئے جس دروازے پر خود خازم تھا اور ان میں سے حریش نامی ایک شخص اہل سجستان کا اپنے ہمراہ لئے ہوئے بقصد جنگ آگے بڑھا۔ خازم نے حریف کو اپنی طرف آتے ہوئے دیکھ کر ہیثم بن شعبہ کو بکار کی طرف سے نکل کر لشکر حریف پر پیچھے سے حملہ کرنے کا حکم دیا (یہ لوگ ابو عون و عمرو بن مسلم بن قتیبہ کے آنے کا انتظار کر رہے تھے) اور خود خازم میمنہ پر ہو کر حریش کے مقابلہ پر آیا اور نہایت سختی سے بازار کارزار گرم کر دیا۔ اسی اثناء میں حریش کے پیچھے سے ہیثم کے لشکر کے پھریرے ہوا میں اڑتے ہوئے دکھائی دئیے۔ خازم کے لشکریوں نے جوش مسرت سے تکبیریں کہیں اور ایک نعرہ اللہ اکبر سب نے مجموعی قوت سے بلند کیا۔ حریف مقابل کا لشکر جو گھبرا کر فرار کے قصد سے پیچھے ہٹا ہیثم کی رکاب کی فوج نے تلوار اور نیزوں پر رکھ لیا۔ عرصہ کارزار قتل و خون ریزی کا بازار بن گیا۔ ستر ہزار مارے گئے، چودہ ہزار قید کر لئے گئے۔ معدودے چند ہمراہیوں کے ساتھ استاذسیس بھاگ کر ایک پہاڑ میں جا چھپا۔ خازم نے فوراً محاصرہ کر لیا۔ اس کے بعد ابو عون بھی آ پہنچا اور اس کے فیصلہ کی شرط پر استاذسیس مع اپنے لڑکوں کے قید کر لیا گیا۔ باقی رہا کر دئیے گئے۔ بشارت نامہ فتح المہدی کے پاس بھیجا گیا اور المہدی نے المنصور کی خدمت میں فتح کامیابی کا مژدہ لکھ بھیجا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ استاذسیس مراجل مادر المامون کا باپ تھا اور اس کا لڑکا غالب المامون کا ماموں جس نے فضل بن سہل کو قتل کیا ہے۔

ہشام بن عمرو بحیثیت گورنر سندھ: عہد خلافت المنصور میں سندھ کا گورنر عمر بن حفص بن عثمان بن قبیصہ بن ابی صفرہ ملقب بہ ہزار مرد تھا۔ جس وقت محمد المہدی کا ظہور ہوا جیسا کہ ہم اوپر لکھ آئے ہیں تو محمد المہدی نے اپنے لڑکے عبد اللہ

معروف بہ اشتر کو دعوت دینے کی غرض سے بصرہ روانہ کیا۔ عبداللہ اشتر نے بصرہ سے ایک تیز رفتار اونٹنی خریدی اور اس پر سوار ہو کر عمر بن حفص کی طرف روانہ ہوا کیونکہ عمر بن حفص میں شیعیت تھی چنانچہ عبداللہ اشتر کی دعوت کو عمر بن حفص نے قبول کر لیا اور اپنے پاس خفیہ طور سے ٹھہرا لیا اور اپنے سرداران لشکر و امراء شہر کو بلا کر محمد المہدی کی خلافت کی دعوت دی۔ ان سب نے منظور و قبول کر لیا۔ اس کے بعد عمر بن حفص نے عباسیہ کا لباس درباری اور نشانات چاک کر کے خلع کرنے کے لئے سفید کپڑے بنوائے اسی اثناء میں واقعۂ محمد المہدی کے مارے جانے کی خبر آ پہنچی۔ عمر بن حفص عبداللہ اشتر کے پاس گیا اور تعزیت کی عبداللہ اشتر بولے "اللہ میرا محافظ ہے مجھے اپنی جان کا خطرہ ہے"۔ عمر بن حفص نے رائے دی کہ "آپ ملوک سندھ میں فلاں بادشاہ کے ملک میں چلے جائیے۔ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کمال عزت کرتا ہے اور ایفائے عہد میں مشہور ہے"۔ عبداللہ اشتر اس امر پر راضی ہو گئے۔ عمر بن حفص نے خط و کتابت کر کے معاہدہ لکھانے کے بعد عبداللہ اشتر کو اس کے پاس بھیج دیا۔ رفتہ رفتہ عبداللہ اشتر کے پاس چار سو زیدیہ جمع ہو گئے۔

المنصور کو اس کی خبر ہوئی سخت برہم ہوا۔ اسی وقت عمر بن حفص کی معزولی کا فرمان روانہ کیا۔ پھر یہ فکر دامن گیر ہوئی کہ سندھ کی گورنری کس کو دی جائے۔ ایک روز ہشام بن عمرو تغلبی المنصور کے ساتھ سوار ہو کر گیا تھا۔ المنصور کو سرائے شاہی تک پہنچا کر اپنے مکان پر واپس آیا۔ تھوڑی دیر کے بعد پھر المنصور کی خدمت میں حاضر ہونے کی اجازت حاصل کر کے حاضر ہوا اور اپنی بہن کو زوجیت کے لئے پیش کیا۔ المنصور نے زمین سے مخاطب ہو کر کہا "اگر مجھے نکاح کی حاجت ہوتی تو میں تیری بہن کو منظور کر لیتا"۔ (پھر ہشام سے خطاب کر کے بولا) "اللہ تجھے جزائے خیر عطا فرمائے میں تجھے سندھ کی گورنری پر مامور کرتا ہوں"۔ ہشام بن عمرو نے ادب سے سر جھکا لیا اور المنصور نے سند گورنری سندھ لکھ کر مرحمت کر دیا۔ سامان سفر درست کر کے روانہ کیا۔ روانگی کے وقت یہ ہدایت کر دی کہ بادشاہ سندھ سے عبداللہ اشتر کو طلب کرنا اگر بادشاہ سندھ عبداللہ اشتر کو تمہارے حوالہ کر دے تو فبہا ورنہ جنگ کرنے میں تامل نہ کرنا۔ چنانچہ ہشام بن عمرو تغلبی نے ایسا ہی کیا اور المنصور روانگی کو برابر اس امر پر ابھارتا رہا۔ اسی اثناء میں سندھ کے اطراف میں بغاوت پھوٹ نکلی۔ ہشام نے اپنے بھائی سفیح کو بغاوت فرو کرنے پر مامور کیا۔ اتفاق سے سفیح کا گزر اس بادشاہ کے ملک کی طرف ہوا جہاں عبداللہ اشتر مقیم تھا ایک روز عبداللہ اشتر دریائے مہران پر دس سواروں کے ساتھ سیر کرتا ہوا نظر آیا۔ سفیح نے اس کو گرفتار کرنے کا قصد کیا باہم لڑائی ہونے لگی بالآخر عبداللہ اشتر مع کل ہمراہیوں کے قتل کر دیئے گئے۔

ہشام بن عمرو نے یہ واقعہ المنصور کے پاس لکھ بھیجا۔ المنصور نے اس کا شکریہ ادا کیا اور اس بادشاہ سے جنگ کرنے کو بھیجا جہاں عبداللہ اشتر مقیم تھا۔ چنانچہ ہشام نے اس بادشاہ پر فتح پائی اس کے ملک پر قبضہ کر لیا اور اس کے حرم کو مع اس کے لڑکے عبداللہ کے المنصور کی خدمت میں بھیج دیا جس سے عبداللہ بن اشتر نے اپنے زمانہ قیام میں نکاح کر لیا تھا۔ المنصور نے ان لوگوں کو مع اس لڑکے کے مدینہ منورہ روانہ کر دیا تاکہ ان کے خاندان والوں کے حوالہ کر دیا جائے۔

حکومت سندھ پر ہشام بن عمرو کی تقرری اور عمر بن حفص کی معزولی کے بعد افریقہ میں بلوہ ہو گیا۔ المنصور نے اس کے فرو کرنے کے لئے عمر بن حفص کو افریقہ کی جانب روانہ کیا۔ جیسا کہ آئندہ اس کے حالات میں لکھا جائے گا۔

تعمیر رصافہ: جس وقت المہدی نے خراسان سے مراجعت کی اس کے خاندان والے قیام کوفہ اور بصرہ سے چلے آئے۔

المہدی نے ان لوگوں کو خلعات اور تحفے دیئے۔ المنصور نے بھی ایسا ہی کیا۔ اس کے بعد لشکریوں نے المہدی کی بیعت کی [illegible] عباس کی [illegible] عبداللہ بن عباس نے [illegible] لوگوں کو متوجہ کر کے [illegible] ان کی بیعت سے [illegible] لیے کوئی ہے۔

ابن عباس نے اپنے ایک مقام پر روایت کی ہے کہ [illegible] وقت [illegible] خلافت [illegible] ان سے یہ سوال کیا گیا: "احق اللہ و رسول ﷺ و امیر المؤمنین ابو الحسین" [illegible] ابن عباس نے جواب دیا "حضرت عباسؓ چچا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے [illegible] کتاب اللہ نازل ہوئی [illegible] ہے [illegible] خلیفہ [illegible] ان کی فضیلت [illegible] بیان کی تھی۔ اس کے بعد [illegible] محمد بن عباس کے [illegible] المہدی [illegible] حضرت [illegible] المنصور [illegible] خلافت [illegible] المنصور [illegible] ہو گیا ہے۔ اب [illegible] المنصور نے [illegible] المہدی کو [illegible] ساتھ کام دیا۔

معن بن زائدہ کا قتل: المنصور نے سجستان پر معن بن زائدہ کو والی مقرر کیا تھا۔ معن نے سجستان پہنچ کر رتبیل سے وہ خراج طلب کیا جو رتبیل ہر سال ادا کیا کرتا تھا۔ رتبیل نے خراج ادا کیا اور اسباب روانہ کیے اور قیمت زیادہ لگوا دی۔ معن کو اس سے بڑی برہمی ہوئی اور [illegible] رخج کی طرف روانہ ہوا [illegible] اس نے مقدمہ پر [illegible] یزید بن مزید [illegible] تھا۔ معن نے رخج فتح کر کے وہاں کے [illegible] کو قید کر لیا اور [illegible] کو قتل کر ڈالا۔ رتبیل خود زابلستان چلا گیا۔ معن کامیابی کے بعد بست میں لوٹ آیا [illegible] خوارج کے ایک گروہ کو معن کی [illegible] سے ناراضگی پیدا ہوئی [illegible] معن کے مکان میں گھس گئے اور اس کو قتل کر ڈالا۔

معن کے مارے جانے کے بعد سجستان میں یزید بن مزید نے اس کا کام سنبھالا۔ اس نے معن کے قاتلوں کو چن چن کر قتل کیا [illegible] المنصور کے پاس ایک خط لکھ کر بھیجا [illegible] المہدی نے [illegible] المنصور [illegible] المہدی نے اس کے [illegible] عرصہ [illegible] ایک شخص [illegible] خراسان [illegible] گیا۔

السفاح اور المنصور کے عمال: السفاح نے اپنی موت کے وقت کوفہ پر اپنے چچا داؤد بن علی کو مامور کیا تھا اور [illegible] عبداللہ بن [illegible] اپنے دوسرے بیٹے عبداللہ کو مروان سے جنگ کرنے کو روانہ کیا تھا۔ اس کے مقدمۃ الجیش پر [illegible] قحطبہ تھا۔ [illegible] جعفر بن تمام بن عباس [illegible] جانب [illegible] مقدمہ پر [illegible] بن [illegible] تھا [illegible]

اہواز کی طرف بسام بن ابراہیم کی سرکردگی میں بھیجا تھا اور خراسان کی گورنری ابو مسلم کو دی تھی۔ چنانچہ ابو مسلم نے اپنی طرف سے خراسان کا ابو داؤد خالد بن ابراہیم کو والی بنایا اور عبداللہ (عم سفاح) نے جنگ مروان میں اپنے مقدمۃ الجیش پر اپنے بھائی صالح اور ابو عون بن یزید کے ساتھ مامور کیا جس وقت کامیابی کے ساتھ مراجعت کی ابو عون کو مصر میں چھوڑ دیا اور ولایت شام کو عبداللہ نے بالاستقلال اپنے قبضہ میں لے لیا۔

(۱۳۳ھ میں) سفاح نے اپنے بھائی ابو جعفر منصور کو جزیرہ، آرمینیہ اور آذربائیجان کی گورنری پر مامور کیا ابو جعفر نے اپنی جانب سے آرمینیہ پر یزید بن اسید کو آذربائیجان پر محمد بن صول کو مقرر کیا اور خود جزیرہ میں قیام پذیر ہوا۔ اس سے پیشتر ابو مسلم نے بوقت قتل ابو سلمہ خلال محمد بن اشعث کو فارس کی حکومت دے دی تھی۔ بعد ازاں سفاح نے اپنے چچا عیسیٰ بن علی کو صوبہ فارس مقرر کر کے روانہ کیا محمد بن اشعث نے عیسیٰ بن علی کو فارس کی گورنری سے روکا اور اس سے حکومت نہ کرنے کی قسم لی تب سفاح نے اپنے چچا اسمٰعیل بن علی کو صوبہ فارس پر مامور کیا اور موصل کی گورنری اپنے برادرزادہ موسیٰ کو بصرہ کی حکومت سفیان بن معاویہ مہلبی کو، سندھ کی منصور بن جمہور کو دی اور اپنے چچا داؤد بن علی کو (کوفہ و سواد کوفہ سے) تبدیل کر کے حجاز، یمن اور یمامہ کی گورنری مرحمت کی۔ پھر (۱۳۳ھ میں) سفاح نے بصرہ و بحرین اور عمان پر اپنے چچا سلیمان کو مامور کیا۔ اسی سنہ میں داؤد بن علی نے وفات پائی تو بجائے اس کے یمن میں محمد بن یزید بن عبداللہ بن عبدالمدان کو اور مکہ و مدینہ و طائف و یمامہ پر اپنے ماموں زیاد بن عبیداللہ بن عبدالمدان حارثی کو (محمد بن یزید کا چچا تھا) متعین کیا اور اسی سنہ میں محمد بن اشعث کو افریقہ کی جانب روانہ کیا تھا چنانچہ اس نے اس کو فتح کر لیا اور ۱۳۴ھ میں سفاح نے پولیس کے افسر اعلیٰ موسیٰ بن کعب کو جنگ منصور بن جمہور پر بھیجا تھا اور سفاح نے اس کے بعد موسیٰ بن کعب کو سندھ کی گورنری دی تھی اور پولیس کی افسری پر بجائے موسیٰ بن کعب کے مسیب بن زہیر کو مامور کیا تھا۔ اسی سنہ میں محمد بن یزید عامل یمن کے مرنے کے بعد گورنری یمن پر علی بن ربیع بن عبیداللہ حارثی کو مامور کیا گیا۔

جس وقت المنصور (۱۳۶ھ میں) تخت خلافت پر متمکن ہوا اور عبداللہ بن علی نے نقض بیعت کی اور ابو مسلم نے خراسان پر ابو داؤد خالد بن ابراہیم کو مامور کیا تھا ان دنوں مصر پر صالح بن علی، شام میں عبداللہ بن علی، کوفہ میں عیسیٰ بن موسیٰ، بصرہ میں سلیمان بن علی، مدینہ منورہ میں زیاد بن عبیداللہ حارثی، مکہ میں عباس بن عبداللہ بن معبد گورنری پر مامور تھے۔ پھر ۱۳۷ھ میں ابو داؤد خالد بن ابراہیم حاکم خراسان مر گیا تو بجائے اس کے عبدالجبار بن عبدالرحمٰن خراسان کا گورنر ہوا اس نے اپنی گورنری کے ایک سال بعد بغاوت کی اس وقت المنصور نے اپنے لڑکے المہدی کو خراسان کی جانب روانہ کیا اس کے مقدمۃ الجیش پر خازم بن خزیمہ تھا چنانچہ المہدی نے عبدالجبار پر فتح حاصل کی۔ اسی سنہ میں سلیمان عامل البصرہ نے بھی وفات پائی بجائے اس کے سفیان بن معاویہ مقرر کیا گیا۔ (۱۴۱ھ میں) موسیٰ بن کعب والی سندھ نے انتقال کیا تب بجائے اس کے اس کا لڑکا عیینہ گورنر سندھ بنایا گیا (۱۴۲ھ میں) اس نے بغاوت کی تو منصور نے عمر بن حفص بن ابی صفرہ کو سندھ پر مامور کیا۔

اسی سنہ میں مصر کی گورنری حمید بن قحطبہ کو جزیرہ اور بلاد عطا کی گئی۔ سفاح کے بھائی عباس بن محمد کو اس سے پیشتر

اصل کتاب میں اس مقام پر جگہ چھوٹی ہوئی ہے۔ یہ [illegible] کامل ابن اثیر جلد ۵ صفحہ ۱۸۰ سے لیا گیا ہے۔

جزیرہ و بلاد انطاکیہ میں یزید بن اسید تھا اور اسی سنہ میں اپنے بیٹے اسماعیل کو حکومت موصل سے معزول کر کے بجائے اس کے مالک بن ہیثم خزاعی کو مقرر کیا اور ۱۴۳ھ میں منصور نے ہیثم بن معاویہ کو گورنری موصل سے معزول کر کے مکہ و طائف میں سری بن عبداللہ بن حارث بن عباس کو یمامہ سے تبدیل کر کے مقرر کیا اور اس کے بجائے قثم بن عباس بن عبداللہ بن عباس کو یمن سے تبدیل کر کے یمامہ پر اور حمید بن قحطبہ کو حکومت مصر سے معزول کر کے بجائے اس کے نوفل بن فرات کو مامور کیا۔ پھر اس کو بھی معزول کر کے یزید بن حاتم بن قبیصہ ابن مہلب بن ابی صفرہ کو متعین کیا۔

مدینہ منورہ کی گورنری پر محمد بن خالد بن عبداللہ قسری تھا لیکن ابن ابو الحسن (یعنی محمد) کے مقدمہ میں اس کو مجرم کر کے معزول کر دیا اور ریاح بن عثمان مری کو سند گورنری مرحمت کی اور جب اس کو محمد المہدی کے ہمراہیوں نے قتل کر ڈالا تو بجائے اس کے عبداللہ بن ربیع حارثی کو مقرر کیا اور ۱۴۵ھ میں ابراہیم (برادر مہدی) کے قتل کے بعد بصرہ کی حکومت سالم بن قتیبہ باہلی کو دی اور موصل کی گورنری پر بجائے مالک بن ہیثم کے اپنے لڑکے جعفر کو مامور کیا اور اس کے ساتھ حرب بن عبداللہ کو بہ عہدہ سپہ سالار روانہ کیا پھر ۱۴۶ھ میں سالم بن قتیبہ کو حکومت بصرہ سے معزول کر کے محمد بن سلیمان کو اور حکومت مدینہ سری بن عبداللہ کو حکومت مکہ معظمہ سے معزول کر کے اپنے چچا عبدالصمد کو متعین کیا۔

۱۴۷ھ کا دور آیا تو منصور نے عیسیٰ بن موسیٰ کو بہ سبب خلافت ولی عہدی المہدی حکومت کوفہ سے معزول کر کے کوفہ پر محمد بن سلیمان کو مقرر کیا اور بجائے محمد بن سلیمان کے بصرہ کی حکومت محمد بن السفاح کو دی مگر محمد بن السفاح حکومت بصرہ سے مستعفی ہو کر بغداد چلا آیا اور یہیں مر گیا۔ بوقت روانگی بغداد محمد نے عقبہ بن سالم کو بصرہ میں اپنا جانشین مقرر کیا تھا۔ المنصور نے اس کو بحال رکھا اور مدینہ منورہ پر جعفر بن سلیمان کو متعین کیا۔ ۱۴۸ھ میں بوجہ بغاوت اکراد حکومت موصل پر خالد بن برمک کو روانہ کیا اور ۱۴۹ھ میں اپنے چچا عبدالصمد کو مکہ معظمہ کی حکومت سے معزول کر کے محمد بن ابراہیم کو مکہ کی سند گورنری مرحمت کی۔ ۱۵۰ھ میں گورنری مدینہ منورہ سے جعفر بن سلیمان کو معزول کر کے حسن بن زید بن حسن کو حکومت دی اور ۱۵۱ھ میں عمر بن حفص کو سندھ کی گورنری سے تبدیل کر کے افریقیہ کی گورنری پر بھیج دیا اور بجائے اس کے سندھ میں ہشام بن عمرو تغلبی کو مقرر کیا۔ بعد ازاں یزید بن حاتم کو مصر سے اس کی کمک پر بھیجا اور مصر میں بجائے یزید کے محمد بن سعید کو مامور کیا۔ اسی سنہ میں معن بن زائدہ سجستان میں مارا گیا۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا تب بجائے اس کے یزید بن یزید (برادر زادہ معن بن زائدہ) کام کرنے لگا۔ المنصور نے اس کو با مستقل عہدہ پر رکھا لیکن کچھ عرصہ بعد معزول کر دیا۔

اسی سنہ میں عقبہ بن سالم امیر بصرہ نے بجائے اپنے نافع بن عقبہ کو مقرر کر کے بحرین پر فوج کشی کی اور سلیمان بن حکیم عبدی کو قتل کر ڈالا۔ المنصور نے بحرین کے قیدیوں کو رہا کر دینے کی وجہ سے عقبہ کو حکومت بصرہ سے معزول کر کے جابر بن توبہ کلابی کو مامور کیا پھر اس کو بھی معزول کر کے عبدالملک بن ظبیان نمیری کو دی کچھ عرصہ بعد عبدالملک بن ظبیان کو معزول کر کے ہیثم بن معاویہ عکی کو مقرر کیا۔ اسی سنہ میں مکہ و طائف کی گورنری پر محمد بن ابراہیم امام کو بھیج گیا پھر اس کو معزول کر کے بجائے اس کے ابراہیم بن یحییٰ بن محمد (اس کے برادر زادہ) کو حکومت مکہ و طائف پر اور حکومت موصل پر اسماعیل بن خالد بن عبداللہ قسری کو روانہ کیا۔ اسید بن عبداللہ امیر خراسان کے مر جانے کے بعد حمید بن قحطبہ کو سند امارت دی گئی۔ ۱۵۲ھ میں

۱؎ واقعہ معزولی محمد بن خالد قسری و ریاح بن عثمان کو ابن اثیر نے ۱۴۴ھ کے واقعات میں تحریر کیا ہے دیکھو تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۵ صفحہ ۲۰۔

عبیداللہ ابن بنت ابی لیلیٰ قاضی کوفہ نے وفات پائی۔ شریک بن عبداللہ نخعی عہدہ قضا پر مامور ہوئے۔ اسی سنہ میں یمن کی گورنری پر یزید بن منصور تھا۔ ۱۵۵ھ میں المنصور نے حکومت جزیرہ سے اپنے بھائی عباس بن محمد کو برطرف کر کے ایک کثیر التعداد مالی جرمانہ وصول کیا اور بجائے اس کے موسیٰ بن کعب خثعمی کو متعین کیا۔ اس کی معزولی کا سبب یہ بہت سوں کی شکایت بیان کی جاتی ہے بہر کیف عباس بن محمد اس وقت سے برابر معتوب رہا تا آنکہ المنصور کو اس کے چچا اسمٰعیل سے بھی برہمی پیدا ہوئی اس وقت اسمٰعیل کے بھائیوں یعنی المنصور کے چچاؤں نے اسمٰعیل کے معاملہ میں سفارش کی۔ عیسیٰ بن موسیٰ نے عرض کیا ''اے امیر المومنین! ان لوگوں نے تو اپنے بھائی کی سفارش کی اور وہ مقبول و منظور بھی ہو گئی مگر آپ اپنے بھائی عباس سے اتنے زمانہ سے ناراض ہیں لیکن کسی نے بھی اس کے حق میں سفارش کا ایک کلمہ نہیں کہا''۔ المنصور یہ سن کر راضی ہو گیا۔

۱۵۵ھ میں المنصور نے محمد بن سلیمان کو حکومت کوفہ سے معزول کر کے عمر بن زہیر ضبی (برادر مسیب افسر اعلیٰ پولیس) کو مقرر کیا۔ اس کی معزولیت کے اسباب میں سے ایک سبب یہ بھی تھا کہ المنصور نے عبدالکریم بن ابی العوجاء (جو معن بن زائدہ کا ماموں تھا) گرفتار کر کے قید میں ڈال دیا تھا اور یہ لکھ بھیجا تھا کہ تا صدور حکم ثانی عبدالکریم کو قتل نہ کرنا۔ اس کے بعد المنصور کا ثانی حکم جاری ہوا المنصور یہ سن کر غضبناک ہو کر بولا ''مجھے یہ فکر پیدا ہو گئی ہے کہ میں محمد بن سلیمان کو بعوض اس کے قید کر دوں اور اپنے چچا عیسیٰ کو طلب کر کے سخت ملامت کی اس وجہ سے اسی کے مشورہ سے محمد بن سلیمان کو کوفہ کی گورنری کی سند دی گئی تھی۔ اسی سنہ میں حسن بن زید کو بھی حکومت مدینہ منورہ سے معزول کر کے بجائے اس کے اپنے چچا عبدالصمد بن علی کو مامور کیا۔ ۱۵۵ھ میں اہواز، فارس اور بلاد جبل کی حکومت پر عمارہ بن حمزہ تھا۔ غرض ۱۵۶ھ کا دور آیا تو المنصور نے بحرین کی سند گورنری سعید بن دعلج بصرہ کے افسر پولیس کو دی اس نے اپنے لڑکے تمیم کو بھیج دیا۔ اسی سنہ میں سوار بن عبداللہ بن حسن بن حصین عنبری کو عہدہ قضا پر مامور کیا اور محمد بن ثابت کو مصر کی گورنری سے اور ہشام بن عمرو کو حکومت سندھ سے معزول کر کے مصر کی گورنری اپنے آزاد غلام مطر کو اور سندھ کی سعید بن خلیل کو مرحمت کی۔ ۱۵۸ھ میں المنصور نے موسیٰ بن کعب کی کچھ شکایت سنی جس کی وجہ سے المنصور نے موسیٰ بن کعب کی معزولی کا حکم صادر فرمایا اور اپنے لڑکے المہدی کو یہ لکھا کہ تم رقہ کے ارادہ سے موصل روانہ ہو جاؤ مگر یہ ظاہر کرو کہ بیت المقدس کی زیارت کو جا رہا ہوں اور موصل پہنچ کر معزولی کے حکم کا اعلان کر کے موسیٰ بن کعب کو گرفتار کر لو۔

۱۷۳ھ میں محمد بن سلیمان والی بصرہ نے وفات پائی چونکہ اس کا بھائی جعفر بن سلیمان ہارون الرشید سے اکثر اس کی چغلی کیا کرتا تھا کہ اس نے مسلمانوں کے حقوق اور مال غنیمت کو غصب کر کے اسباب و سامان مہیا کیا ہے اور وہ اپنے آپ کو خلافت و حکومت کا مستحق سمجھتا ہے۔ ہارون الرشید کے دل میں اس کے کہنے سننے سے محمد بن سلیمان کی جانب سے غبار پیدا ہو گیا تھا جو وفات کے بعد محمد بن سلیمان سے اس طرح نکالا کہ اس کے مال و اسباب نقود اور جواہرات و املاک کو ضبط کر کے خزانہ شاہی میں داخل کر لیا جس کا کوئی شمار نہ تھا۔ ساٹھ ہزار دینار نقد تھے۔ محمد بن سلیمان کا سوائے جعفر کے اور کوئی بھائی نہ تھا جو محمد بن سلیمان کے مرنے پر وراثت کا دعوے دار ہوا۔ ہارون الرشید نے اس کے اقرار سے اس کو محروم کر دیا۔

۱۸۲ھ میں ہارون الرشید نے اسحاق بن سلیمان کو سندھ و مکران کی گورنری مرحمت کی اور یوسف بن امام ابو یوسف کو امام موصوف کی زندگی ہی میں عہدۂ قضا پر مامور فرمایا۔

۞ [illegible] روضۃ الصفا [illegible]

[illegible] جلد [illegible] صفحہ ۲۰۳، ۲۰۴ [illegible]

اصل کتاب میں جگہ خالی ہے۔

امین کی ولی عہدی: ۱۷۵ھ میں عیسیٰ بن جعفر بن المنصور (امین کے ماموں) اور فضل بن یحییٰ کی کوششوں سے اپنے لڑکے محمد بن زبیدہ کی ولی عہدی کی بیعت لی اس وقت اس کی عمر پانچ برس کی تھی۔ اسی سنہ میں ہارون الرشید نے عباس بن جعفر کو امارت خراسان سے معزول کر کے خالد غطریف بن عطا کندی کو مامور فرمایا تھا۔

یحییٰ بن عبداللہ کا خروج: ۱۷۶ھ میں یحییٰ بن عبداللہ بن حسن برادر مہدی نے دیلم میں حکومت عباسیہ کے خلاف خروج کیا تھوڑے ہی دنوں میں اس کا رعب بڑھ گیا اور ہمراہیوں کی تعداد زیادہ ہو گئی چاروں طرف سے جوق در جوق لوگ امنڈے چلے آتے تھے۔ ہارون الرشید نے ان کی سرکوبی کے لئے فضل بن یحییٰ کو پچاس ہزار کی جمعیت کے ساتھ روانہ کیا اور جرجان، طبرستان اور رے وغیرہ کی سند گورنری بھی دے دی۔ فضل نے بغداد سے نکل کر لشکر مرتب کیا اور سامان و اسباب سفر مہیا کر کے روانہ ہوا۔ طالقان میں پہنچ کر یحییٰ بن عبداللہ کے نام ایک خط لکھا جس میں شاہی عتاب کی دھمکی دی تھی اور خلافت عباسیہ کے رعب و داب سے ڈرایا تھا اس کے ساتھ ہی صلح کر لینے پر انعام و جاگیرات کی امید بھی دلائی تھی۔ والی دیلم سے بھی اسی بارے میں خط و کتابت کی تھی اور صلح کر لینے کی صورت میں دس لاکھ درہم دینے کو لکھا تھا۔

یحییٰ کے دل میں اس تدبیر سے ایک ہیبت چھا گئی کہ اس نے مصالحت منظور کر لی اور لکھ بھیجا کہ مجھے اس شرط پر صلح منظور ہے کہ ہارون الرشید اپنے دست خاص سے صلح نامہ تحریر کر دے اور اس پر فقہاء و قضاۃ و سرداران بنو ہاشم اور ان کے مشائخین کے دستخط بھی ہوں مثلاً عبدالصمد کے بھی دستخط ہوں۔ فضل نے تمام واقعات سے ہارون الرشید کو مطلع کیا ہارون الرشید نے ان شرطوں کے مطابق صلح نامہ تحریر کر کے بھیج دیا اور تحائف کے فضل کے پاس روانہ کیا چنانچہ یحییٰ مع فضل کے بغداد کی طرف کوچ کر دیا۔ ہارون الرشید نے نہایت تپاک سے ملاقات کی اور اپنے ہدایا و تحائف کا ان کو گرانبار بنا دیا۔ اس واقعہ کے بعد فضل کا اعزاز ہارون الرشید کے دربار خلافت میں بڑھتا چلا گیا آخر ہارون الرشید نے یحییٰ کو بھی قید کر دیا اور پھر وہ قید خانہ سے مر کر ہی نکلا۔

عمر بن مہران کی گورنری: موسیٰ بن عیسیٰ کو ہارون الرشید نے ملک مصر کی گورنری پر مقرر کیا تو چند دنوں بعد اس کے متعلق دارالخلافت میں یہ خبریں پہنچیں کہ یہ امیر المومنین کا باغی اور خلافت عباسیہ کے انقلاب کا خواہاں ہے۔ ہارون الرشید نے قسم کھائی کہ مصر کی گورنری کا انتظام جعفر بن یحییٰ برمکی کے سپرد کر دیا اور عمر بن مہران کو منصب گورنری دینے کے لئے پیش کرنے کا حکم دیا۔ یہ شخص نہایت بدشکل، عجیب الخلقت، احول (بھینگا) اور پست قامت تھا۔ صورت و شکل نازیبا ہونے کے ساتھ ساتھ بہت ہی ذلیل اور کم حیثیت لباس پہنتا تھا اور غلام کو سواری پر اپنے پیچھے بٹھاتا تھا۔ جب دربار عام میں اسے پیش کیا گیا اور گورنری مصر کا اس کو حکم سنایا گیا تو اس نے یہ شرط پیش کی کہ بعد انتظام ملک مصر سے واپس آنے کا اختیار مجھے رہے اور دارالخلافت سے اجازت حاصل کرنے کی مجھے ضرورت نہ رہے۔ خلیفہ ہارون نے یہ شرط منظور کر لی اور عمر بن مہران رخصت ہو کر مصر کو روانہ ہوا اور اتفاق سے جس وقت مصر پہنچا تو اس وقت موسیٰ بن عیسیٰ جلسہ عام میں بیٹھا ہوا تھا اور اہل حاجت اپنی عرضیاں پیش کر رہے تھے جب سب لوگ منتشر ہو گئے تو عمر بن مہران نے فرمان شاہی موسیٰ بن عیسیٰ کے سامنے رکھ دیا۔ موسیٰ نے تمام پڑھ کر کہا جناب ابو حفص کب تشریف لائیں گے (ابو حفص عمر بن مہران کی کنیت تھی) عمر بن مہران نے جواب دیا ''ابو حفص میں ہی ہوں''۔ موسیٰ نے کہا [illegible] لعن اللہ فرعون حیث قال الیس لی ملک مصر ''اللہ کی لعنت ہو فرعون پر جس نے اسی ملک مصر پر حکومت پا کر دعوائے خدائی کیا تھا اور کہا تھا کہ'' یا

میں مصر کا ایک مستقل نہیں ہوں گا۔

غرض موسیٰ نے گورنری مصر اس کو دے دی۔ وہ بغداد کو روانہ ہوا اور عمر بن مہران ملک مصر کے انتظام میں مصروف ہو۔ کاتب (سیکرٹری) کو حکم دیا کہ کسی کا کوئی تحفہ بجز سونے یا زر نقد کے قبول نہ کیا جائے۔ لوگ ایک ایک [illegible] دی تو رہے تھے کہ [illegible] تحائف دے کر خراج ملتوی کرا لیں گے۔ اسی دستور کے مطابق مصر والوں نے خراج دینے میں ٹال مٹول کی۔ عمر بن مہران نے سب پر ان کے تحفے دینے والوں کے اسماء لکھ کر بطور امانت خزانہ میں رکھوا دیئے تھے۔ قسط اول و دوم عمر بن مہران نے ٹال دی تھی۔ جب وصول کیا تو تیسری قسط میں لوگوں کو شکایت پیدا ہوئی کہ ہم تحفے بھی دیتے ہیں اور ہم سے خراج بھی [illegible] وصول کیا جاتا ہے۔ عمر بن مہران نے ان تحفوں کو خزانہ سے نکلوا کر دینے والوں کے سامنے پیش کر کے اور ان کا حساب کر کے خراج وصول کر لیا اور تیسری قسط میں ملک مصر کا خراج پورا کر کے بغداد روانہ کیا۔

دمشق کی بغاوت: اسی سنہ (یعنی ۱۷۶ھ) میں مضریہ و یمانیہ کے مابین مقام دمشق میں بہت بڑا ہنگامہ برپا ہوا۔ مضریوں کا سردار ابو الہیذام تھا۔ یہ عامر بن عمارہ [illegible] مری کی اولاد میں سے تھا۔ [illegible] سبب یہ کہ یمانیہ نے بنو قین کے ایک آدمی کو مار ڈالا تھا۔ بنو قین ان کے معاون تھے۔ بدلہ لینے کے لئے [illegible] ہوئے۔ ان دنوں دمشق کی گورنری پر عبد الصمد بن علی مامور تھا۔ اس نے ہنگامہ کی خبر پا کر [illegible] دونوں قبیلوں میں مصالحت کرانے کی غرض سے [illegible] قبیلہ تو سمجھانے بجھانے [illegible] نے حملہ کیا اور [illegible] کے وقت [illegible] بنو قین نے [illegible] مدد طلب کی ان لوگوں نے مدد دی جب بنو قین [illegible] اپنی بے بسی کمزوری اور مجبوری ظاہر کر کے اعانت کی درخواست کی۔ بنو قین نے یہ درخواست منظور کی اور ان کے ساتھ [illegible] کی طرف روانہ ہوئے [illegible] موقع پا کر یمانیہ کو مار [illegible] فریقین میں جنگ کا بازار گرم ہوا اور [illegible] تک پہنچ گئی۔ دربار خلافت میں یہ خبریں پہنچیں تو خلیفہ نے [illegible] عبد الصمد کو معزول کر کے ابراہیم بن صالح کو مامور کیا۔ [illegible] دو برس کے بعد فریقین نے مصالحت کر لی۔

وفد کی روانگی: ابراہیم بن صالح [illegible] کے انتظام [illegible] سے فرصت پا کر دمشق پر اپنے بیٹے اسحاق کو اپنا نائب بنا کر بطور وفد (ڈیپوٹیشن) دربار خلافت میں چلا آیا چونکہ دونوں باپ بیٹوں (یعنی ابراہیم و اسحاق) کا میلان خاطر یمانیہ کی جانب تھا۔ ابراہیم نے خلیفہ سے قیس کی شکایت کی [illegible] عبد الواحد بن بشر نے [illegible] کی سفارش کی اور ان کے لڑکے اسحاق [illegible] نے دمشق میں [illegible] شورش برپا کر دی۔ قیس کے ایک گروہ کو گرفتار کر کے پٹوایا اور تشہیر کرنے کے [illegible] [illegible] ایک روز [illegible] قیس [illegible] مار ڈالا اس کے بھائی نے [illegible] آدمیوں کو مار ڈالا [illegible] کے بعد یمانیہ نے [illegible] عبد الرحمٰن [illegible] کو قتل کیا [illegible] اس کے بھائی نے [illegible] ابو الہیذام کے پاس [illegible] ابو الہیذام [illegible] کر کے ان [illegible] پر [illegible] کر لیے گئے۔

دمشق پر قبضہ: اسحاق کو اس واقعہ کی خبر پہنچی اس اثناء میں ابو ہیدام بھی دارالامارت میں حاضر ہوا اور حاضری کی اجازت چاہی اجازت نہ دی گئی۔ اس کے بعد کسی چور نے ایک یمانی کو مار ڈالا اور یمانیہ نے قبیلہ سلیم کے ایک شخص کا دار تباہ کر دیا اور قبیلہ محارب کو جو اس کے ہمسایہ تھے لوٹ لیا محارب نے ابو ہیدام سے اس کا شکوہ کیا ابو ہیدام معہ ان لوگوں کے اسحاق کے پاس گیا اسحاق نے اس کو گھبرایا ہوا دیکھ کر تفتیش مقدمہ کا وعدہ کیا اور در پردہ یمانیہ کو ابو ہیدام پر حملہ کرنے کی ہدایت کر دی۔ چنانچہ یمانیہ مجتمع ہو کر باب جابیہ کی جانب آئے ابو ہیدام بھی یہ خبر پا کر مسلح ہو کر میدان جنگ میں آیا اور کمال مردانگی سے ان کو شکست دے کر دمشق پر قبضہ کر لیا اور جیل کا دروازہ کھول دیا۔

یمانیہ نے یہ رنگ دیکھ کر قبیلہ کلب سے امداد کی درخواست کی ان لوگوں نے ان کی حالت پر ترس کھا کر مدد دی اور مضریہ نے ابو ہیدام کے ساتھ صف آرائی کی باب توما پر فریقین میں معرکہ آرائی ہوئی ابو ہیدام نے چار بار یمانیہ کو شکست دی اسحاق نے گھبرا کر جنگ روک دینے کا حکم صادر کیا ابو ہیدام نے جنگ سے اپنے ہاتھ روک لئے اسحاق نے یمانیہ کو اس سے مطلع کر کے بحالت غفلت حملہ کرنے کو کہلا بھیجا ابو ہیدام کے جاسوسوں نے بھی یہ خبر ابو ہیدام تک پہنچا دی وہ آگ بگولا ہو گیا پھر سوار ہو کر میدان جنگ کی طرف نکلا اور ان کو شکست دی پھر دوبارہ باب توما پر ان کو شکست دی۔ اس کے بعد یمانیہ اردن خولان اور کلب وغیرہ کو جمع کر کے دمشق کی طرف بڑھے ابو ہیدام نے جاسوسوں کو خبر لانے کی غرض سے مامور کیا جاسوسوں نے خبر لانے میں تاخیر کی تو ابو ہیدام نے شہر میں جا کر کھول دی اسحاق نے موقع پا کر ایک جاسوس کو ابو ہیدام کے حالات قیام کی خبر لانے کو بھیجا اور جب اس کو ابو ہیدام کی حالت سے واقفیت ہو گئی تو اس نے یمانیہ کو شہر کی پرلی جانب سے داخل ہونے کا حکم دیا ابو ہیدام نے یہ خبر پا کر اپنے ہمراہیوں کو یمانیہ پر پیچھے سے حملہ کرنے کو روانہ کیا اور خود سینہ سپر ہو کر سامنے سے حملہ کیا یمانیہ کو اس معرکہ میں بھی شکست ہوئی۔

لشکریوں کا اجتماع: ماہ صفر ۱۷۷ھ کو اسحاق نے قصر حجاج کے قریب اپنے لشکریوں کو جمع کر کے مرتب کیا ابو ہیدام کے ہمراہی جو اطراف دمشق میں قصبات و دیہات کو لوٹنے کو گئے ہوئے تھے یہ خبر پا کر واپس آئے تو اسحاق کی فوج کے چند دستوں سے مڈبھیڑ ہو گئی۔ ابو ہیدام کے ہمراہیوں نے ان کو شکست دے دی اور اکثر مکانات اور بعض دیہات کو جلا دیا دمشق کے اطراف و جوانب کے رہنے والوں نے ابو ہیدام سے امان کی درخواست کی ابو ہیدام نے امان دے دی جس سے فتنہ فرو ہو گیا اور لوگوں کو تسلی ہوئی۔ ابو ہیدام نے اپنے ہمراہیوں کو انتظام و حفاظت کی غرض سے اطراف دمشق میں پھیلا دیا تھوڑے سے آدمی اس کے پاس رہ گئے اسحاق نے موقع مناسب پا کر اپنے لشکر کا عذافر سکسکی کو امیر مقرر کر کے ابو ہیدام پر حملہ کرنے کا حکم دے دیا۔ گو کہ ابو ہیدام کے دلیرانہ حملے نے عذافر کو پسپا کر دیا مگر اسحاق کے لشکری تین روز تک برابر لڑتے رہے چوتھے روز اسحاق بھی تیار ہو کر میدان جنگ میں آیا اس وقت اس کے لشکر کی تعداد بارہ ہزار تھی علاوہ اس کے یمانیہ بھی اس کی رکاب میں تھے۔ ابو ہیدام نے شہر سے نکل کر باب جابیہ پر مقابلہ کیا اسحاق کی فوج اس معرکہ میں بھی شکست کھا گئی اور اپنا مورچہ چھوڑ کر پیچھے ہٹ گئی۔ اس کے بعد حمص کی فوج نے ابو ہیدام کے ایک قریہ پر شب خون مارا ابو ہیدام نے اپنے ہمراہیوں سے چند لوگوں کو اس کی روک تھام کو روانہ کیا ان لوگوں نے حمص کی فوج کو شکست دے کر ان کے ایک گروہ کثیر کو مار ڈالا اور یمانیہ کے اکثر قلعوں اور دیہاتوں کو جو غوطہ میں تھے جلا کر خاک سیاہ کر دیا اس واقعہ کے بعد

آخر ماہ محرم تک فریقین لڑائی سے رکے رہے۔

سندی کی لشکر کشی۔ غرہ ربیع الثانی ۱۷۶ھ کو سندی خلیفہ ہارون کی جانب سے ایک لشکر لے کر دمشق کے قریب پہنچا یمانیہ نے اس کو ابو ہیذام کی جانب سے بدظن کر دیا ابو ہیذام نے کہلا بھیجا کہ "میں امیر المومنین کا مطیع ہوں میری یہ مجال نہیں ہے کہ خلافت عباسیہ کے حکم سے سرتابی کروں"۔ سندی یہ سن کر دمشق میں داخل ہوا اور اطراف و اکناف میں پھیلا ادھر سے سندی نے اپنے ایک سپہ سالار کو تین ہزار کی جمعیت کے ساتھ ابو ہیذام کی طرف روانہ کیا ابو ہیذام نے ان کے مقابلہ پر ایک ہزار جوانوں کو میدان میں مقابلہ پر بھیجا۔ ان ہزار جوانوں کی شکل و صورت دیکھ کر خوف سے کانپ اٹھا اور لوٹ کر سندی کے پاس آیا اور اس سے بیان کیا کہ یہ لوگ موت کو حیات سے افضل سمجھتے ہیں جس طرح ممکن ہو ان سے مصالحت کر لینا مناسب ہے سندی نے نامہ و پیام کر کے ابو ہیذام سے مصالحت کر لی۔ مصالحت کے بعد ابو ہیذام نے حوران کی طرف کوچ کر دیا اور سندی تین روز تک دمشق میں ٹھہرا رہا چوتھے روز موسیٰ بن عیسیٰ دمشق کا گورنر ہو کر آ گیا۔ اس نے لشکریوں کو ابو ہیذام کے گرفتار کر لانے پر مامور کیا۔ لشکریوں نے ابو ہیذام کے مکان کو جا گھیرا ابو ہیذام مع اپنے لڑکے اور ایک غلام کے مقابلہ پر آیا لڑائی ہوئی موسیٰ کے لشکری بھاگ کھڑے ہوئے اس اثناء میں ابو ہیذام کے ہمراہی اس واقعہ سے مطلع ہو کر ہر طرف سے دوڑ پڑے اور اس کی طرف امڈ آئے ابو ہیذام نے بصریٰ کا رخ کیا موسیٰ نے اس کے تعاقب پر لشکر مامور کیا ابو ہیذام ان کو پسپا کر کے بصریٰ کی جانب چلا گیا (اور فتنہ دمشق کا خاتمہ ہو گیا) یہ واقعہ رمضان ۱۷۶ھ کا ہے۔

فتنہ و فساد کا سبب۔ بعض لوگوں نے اس فتنہ و فساد کا سبب یہ بیان کیا ہے کہ خلیفہ ہارون کے ایک گورنر نے سجستان میں ابو ہیذام کے بھائی کو مار ڈالا تھا اس نے یہاں تو کچھ نہ کہا لیکن شام میں آ کر ایک بہت بڑا گروہ جمع کر لیا اور آتش فساد مشتعل کر دی خلیفہ رشید نے اس کے بھائی کو اس کے گرفتار کر لانے پر متعین کیا چنانچہ وہ ابو ہیذام کو حیلہ و فریب سے گرفتار کر لایا خلیفہ رشید نے توبیخ کر کے اس کی خطا معاف کر دی اور رہا کر دیا۔ ۱۸۰ھ میں خلیفہ رشید نے اس فتنہ کے فرو کرنے کی غرض سے جعفر بن یحییٰ کو شام کی طرف روانہ کیا۔ چنانچہ جعفر اپنے حسن انتظام سے اس فتنہ کو فرو کر کے نیک نامی کے ساتھ دارالخلافت بغداد میں واپس آیا۔

موصل و مصر کی بغاوت۔ ۱۷۷ھ میں عطاف بن سفیان ازدی نے خراسان و موصل پر قبضہ کر لیا تھا ان دنوں موصل کا گورنر محمد بن عباس ہاشمی تھا اور بعض کہتے ہیں کہ عبد الملک بن صالح تھا بہر حال عطاف نے تھوڑے ہی دنوں میں چار ہزار جنگ آوروں کو جمع کر کے موصل کا خراج وصول کرنا شروع کر دیا اور گورنر موصل برائے نام رہ گیا یہاں تک کہ خلیفہ ہارون موصل پہنچا اور اس نے موصل کے شہر پناہ کو منہدم کرا دیا۔ عطاف بھاگ کر آرمینیہ پہنچا اور پھر آرمینیہ سے رقہ چلا آیا اور وہیں مکان بنا لیا۔

۱۷۸ھ میں حوفیہ نے (یہ قیس و قضاعہ سے تھے) گورنر مصر اسحاق بن سلیمان سے بغاوت کی اور کھلے میدان لڑنے کو آئے۔ خلیفہ ہارون نے ہرثمہ بن اعین کو (یہ ان دنوں فلسطین میں تھا) مصر کی بغاوت فرو کرنے کی غرض سے مصر جانے کو لکھا۔ جوں ہی ہرثمہ نے مصر میں قدم رکھا حوفیہ کا دماغ درست ہو گیا اور آتش فساد فرو ہو گئی اس کے بعد خلیفہ ہارون نے انتظاماً مصر کی گورنری ہرثمہ کو دے دی پھر ایک ماہ کے بعد اس کو معزول کر کے عبد الملک بن صالح کو مامور کیا۔

عمال کی تبدیلی و تقرری: عہد خلافت مہدی و ہادی میں خراسان کی گورنری پر ابوالفضل عباس بن سلیمان طوسی تھا خلیفہ ہارون نے اس کو معزول کر کے جعفر بن محمد بن اشعث خزاعی کو مقرر کیا۔ اس نے خراسان پہنچ کر ۱۷۱ھ میں اپنے لڑکے عباس کو ایک لشکر جرار کے ساتھ کابل کی جانب روانہ کیا اور خود طخارستان پر جہاد کرنے کی غرض سے حملہ کیا۔ عباس نے کابل و سابہار کو فتح کر کے مرو کی طرف کوچ کر دیا اور جعفر طخارستان سے مراجعت کر کے تیسری رمضان ۱۷۳ھ کو عراق پہنچا۔ اس کے بعد خلیفہ ہارون نے جعفر بن محمد کو معزول کر کے اس کے لڑکے عباس بن جعفر کو گورنری کا عہدہ عطا کیا پھر کچھ عرصہ بعد اس کو معزول کر کے غالد غطریف بن عطا کندی کو ۱۷۵ھ میں خراسان سجستان اور جرجان کی سند گورنری مرحمت کی۔

خوارج کی بغاوتیں: غطریف نے اپنی جانب سے داؤد بن یزید کو اپنی نیابت دی اور سجستان کا عامل مقرر کیا اس کے عہد گورنری میں حصین خارجی نے (یہ قیس بن ثعلبہ کا آزاد غلام تھا) اہل اوق کی سازش سے علم بغاوت بلند کیا عثمان بن عمارہ عامل سجستان نے اس کی سرکوبی کو ایک لشکر روانہ کیا حصین نے اس کو شکست دے کر ان کے ایک گروہ کثیر کو قتل کر ڈالا اور جوش کامیابی میں بادغیس، بوشنج اور ہرات کی طرف کوچ کر دیا غالد غطریف نے بارہ ہزار لشکر حصین کی گرفتاری و جنگ پر مامور کیا۔ حصین نے چھوٹی جمعیت کے ساتھ مقابلہ کیا اور اس لشکر کو پیچھا کر کے بہت سے آدمیوں کو قتل کر ڈالا اس وقت سے حصین برابر اطراف خراسان میں قتل و غارت کرتا رہا اور کسی معرکہ میں عامل خراسان کو اس کے مقابلہ میں کامیابی نہیں ہوئی تا آنکہ ۱۷۷ھ میں اس کی دلیرانہ و باغیانہ زندگی کا خاتمہ کر دیا گیا۔

علی بن عیسیٰ کا تقرر: ۱۷۵ھ میں ماوراء النہر پر جہاد کیا گیا اور خلیفہ ہارون نے خراسان کی گورنری پر علی بن عیسیٰ بن ماہان کو مامور کیا، وہ دس برس تک اس عہدہ پر فائز رہا اسی کے عہد میں حمزہ بن اترک خارجی نے ۱۷۹ھ میں بوشنج میں خروج کیا ان دنوں ہرات کی گورنری پر عمرویہ بن یزید ازدی تھا اس نے چھ ہزار سواروں کی جمعیت کے ساتھ حمزہ سے معرکہ آرائی کی حمزہ نے اس کو شکست دے کر اس کے ہمراہیوں میں سے ایک گروہ کثیر کو مار ڈالا عمرویہ بن یزید اس ہنگامہ میں دب کر مر گیا تب علی بن عیسیٰ نے جھلا کر اس کو معزول کر دیا اور بجائے اس کے اپنے دوسرے لڑکے عیسیٰ بن علی کو مامور کیا۔

معرکہ نیشاپور: اس سے اور حمزہ سے لڑائی ہوئی حمزہ نے شکست دے دی علی بن عیسیٰ نے تازہ دم فوج دے کر اس کو پھر جنگ حمزہ پر مامور کیا مقام نیشاپور میں صف آرائی کی نوبت آئی اور ایک خونریز جنگ کے بعد حمزہ شکست کھا کر قہستان کی طرف بھاگا عیسیٰ کے لشکریوں نے تعاقب کیا۔ حمزہ کے ہمراہیوں میں سے چالیس آدمیوں کے سوا جو اس کے ہمراہ قہستان بھاگ گئے تھے اور کوئی جانبر نہ ہوا عیسیٰ نے اوق، جوین اور ان قصبات و دیہات کی جانب اپنے لشکریوں کو روانہ کیا جو حمزہ کی امداد و اعانت کرتے تھے اور نہایت بے دردی سے خوارج کے خون کی ندی بہا دی تقریباً تیس ہزار خوارج اس قتل عام میں مارے گئے۔ اختتام جنگ کے بعد عیسیٰ نے مقام زرنج میں عبداللہ بن عباس نسفی کو اپنا نائب مقرر کر کے مراجعت کی۔

حمزہ کی غارت گری: عبداللہ بن عباس نے خراج اور مال غنیمت جمع کر کے زرنج سے کوچ کر دیا۔ حمزہ کو اس کی خبر لگ گئی اثنائے راہ میں بحالت غفلت عبداللہ سے چھیڑ چھاڑ کی عبداللہ اور اس کے ہمراہیوں نے نہایت استقلال و مردانگی سے مقابلہ کیا۔ بالآخر حمزہ شکست کھا کر بھاگا۔ حمزہ زخمی ہوا اور اس کے اکثر ہمراہی اس معرکہ میں کام آئے۔ اس واقعہ کے بعد حمزہ

نے یہ طریقہ اختیار کیا کہ اطراف و جوانب کے بہت سے قصبات پر بحالت غفلت جب [illegible] اور اپنی [illegible] حملہ آور ہوتا تھا لیکن [illegible] ان میں قیام پذیر نہ ہوتا تھا اسی زمانہ میں علی بن عیسیٰ نے [illegible] کیا اتفاق سے ایک [illegible] گاؤں [illegible] اور وہاں کے باشندوں [illegible] کر دیا۔ جب یہ خبر [illegible] کے ایک گاؤں میں [illegible] کے خوف سے بھاگ گئے۔ یہ وہی خوارج تھے جو [illegible] خوارج کا [illegible] [illegible] ہو گئیں۔

مامون کی ولی عہدی: ۱۸۲ھ میں خلیفہ ہارون نے اپنے لڑکے عبداللہ کی ولی عہدی کی بیعت لی کہ امین کے بعد تخت خلافت کا یہ وارث ہو گا اور اس کو مامون کے خطاب سے ملقب کر کے خراسان [illegible] اس کے بعد [illegible] ہارون الرشید کی جانب سے مقرر کر کے خراسان کی جانب روانہ کر دیا۔

بغاوتیں اور ان کا استیصال: انہی دنوں ابو الخصیب وہیب بن عبد اللہ نسائی نے مقام خراسان میں علم بغاوت بلند کر کے خراسان کے اطراف و جوانب [illegible] حکومت شاہی سے خائف ہو کر [illegible] ہو گئی۔ اس واقعہ کے بعد ہی یہ خبر مشہور ہوئی کہ [illegible] نے بغاوت [illegible] ابو الخصیب نے [illegible] علی بن عیسیٰ بن ماہان ابو الخصیب [illegible] ابو الخصیب [illegible] کہ ابو الخصیب [illegible] کا خاتمہ ہو گیا اور [illegible] بغاوت [illegible] ایک مدت سے [illegible] ہو گئی۔

علی بن عیسیٰ کی شکایت: ۱۸۹ھ میں ہارون الرشید نے علی بن عیسیٰ [illegible] خلافت [illegible] خراسان [illegible]

۱۹۱ھ میں علی بن عیسیٰ نے اپنے لڑکے عیسیٰ بن علی کو جنگ خاقان پر مامور کر دیا تھا چنانچہ عیسیٰ بن علی نے خاقان کو شکست دے کر اس کے بھائی کو گرفتار کر لیا تھا۔

رافع سے جنگ: رافع بن لیث بن نصر بن سیار نے سمرقند میں آتش بغاوت مشتعل کر دی اور شاہی فوج سے ایک مدت دراز تک لڑائیاں ہوتی رہیں۔ انہیں لڑائیوں میں اس کے لڑکے عیسیٰ نے وفات پائی اس کے بعد خلیفہ ہارون نے علی بن عیسیٰ کو چند وجوہات کی وجہ سے ۱۹۱ھ میں معزول کر دیا۔ اس کے علاوہ یہ وجہ بھی تھی کہ یہ لوگوں کو ذلیل سمجھتا تھا اور روسائے خراسان کی توہین کرتا تھا اور ایک روز حسین بن مصعب (یہ طاہر بن حسین کے والد تھے) علی بن عیسیٰ سے ملنے گئے تھے علی بن عیسیٰ کمال ترش روئی سے پیش آیا اور سخت کلامی کی اور کلمات فحش سے مخاطب ہو کر قتل کر ڈالنے کی دھمکی دی۔ ایسا ہی واقعہ ہشام بن فرخسرو کے ساتھ پیش آیا تب ہشام نے اس واقعہ کے بعد فالج کا بہانہ کر کے اس کے خوف سے خانہ نشینی اختیار کر لی ہر چند لوگوں نے مکان سے نکلنے کو کہا مگر نہ نکلا۔ یہاں تک کہ علی بن عیسیٰ معزول کیا گیا۔ اب حسین دوبارہ پریشان حال دربار خلافت میں پہنچا شکایت کی اور امان کی درخواست کی۔ چنانچہ خلیفہ ہارون نے اسے امان دے دی۔

عیسیٰ کے فرار کا واقعہ: منجملہ ان امور کے جن سے خلیفہ ہارون نے ان کو گورنری خراسان سے معزول کیا تھا ایک یہ بھی تھا کہ جب اس کا لڑکا عیسیٰ جنگ رافع میں مارا گیا تو ایک لونڈی نے جو اس راز سے واقف تھی عیسیٰ کے بعض خدام کو اس سے مطلع کیا کہ بلخ کے باغ میں تیس ہزار دینار عیسیٰ کے دفن کر دیئے ہیں۔ اس خادم نے اپنے ملنے والوں سے تذکرہ کیا رفتہ رفتہ عوام الناس میں یہ راز افشاء ہو گیا۔ عوام الناس یہ سن کر دوڑ پڑے باغ میں گھس کر یہ دولت لوٹ لائے اور اس سے پیشتر یہ ہمیشہ خزانے کی کمی کی شکایت کیا کرتا تھا اور خلیفہ ہارون کو یہ یقین دلایا تھا کہ جنگ رافع میں میں نے اپنی عورتوں کے زیورات فروخت کر کے خرچ کئے ہیں۔ جب خلیفہ رشید کے کان تک دینار لوٹنے کی خبر پہنچی تو اس نے جھلا کر اس کو معزول کر دیا اور ہرثمہ بن اعین کو طلب کر کے خراسان کی سند گورنری مرحمت فرمائی اور رجاء خادم کو اس کے ہمراہ روانہ کیا۔ خلیفہ نے یہ فرمان اپنے قلم سے تحریر کیا تھا اور اس راز کو چھپانے کی سخت تاکید کی تھی اور یہ ہدایت کر دی تھی کہ خود کو یہ ظاہر کرنا کہ خلیفہ نے مجھے علی بن عیسیٰ کا مددگار و معاون مقرر کر کے روانہ کیا ہے۔

علی بن عیسیٰ کی گرفتاری: ہرثمہ نے نیشاپور پہنچ کر انتظام شروع کر دیا اور اپنے ہمراہیوں کو نیشاپور میں مقرر کر کے مرو پہنچا علی بن عیسیٰ سے ملاقات ہوئی اس کو مع اس کے اہل و عیال اور متعلقین کے گرفتار کر کے مال و اسباب کو ضبط کر لیا جس کی قیمت آٹھ لاکھ تھی جو خلیفہ ہارون کے پاس پانچ سو اونٹوں پر لدوا کر بھیج دیا اور علی بن عیسیٰ کو اونٹ پر بغیر کجاوہ و پردہ کے سوار کرا کے دارالخلافت بغداد کی جانب روانہ کیا۔ اس کے بعد ہرثمہ نے ماوراء النہر کی جانب کوچ کر دیا اور رافع بن لیث کا سمرقند میں محاصرہ کر لیا۔ آخرکار طول کھینچا محاصرہ سے گھبرا کر رافع نے امان طلب کی ہرثمہ نے [illegible] چند دنوں تک سمرقند میں قیام پذیر رہا۔ مرو میں ہرثمہ کے آنے کا زمانہ ۱۹۲ھ میں ہوا ہے۔

CT-A

مامون کی ولی عہدی کی تجدید: ۱۸۶ھ میں خلیفہ ہارون الرشید نے انبار سے بقصد حج مکہ معظمہ کا سفر اختیار کیا اور اس کے ساتھ اپنے تینوں لڑکے محمد امین، عبداللہ مامون اور قاسم تھے۔ سب سے پہلے امین کی ولی عہدی کی بیعت لی تھی اور اس کو

؎ [illegible] کتابت کی غلطی ہے [illegible] تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۶ [illegible] سے تصحیح کیا ہے۔ مترجم

عراق، شام اور عرب کی حکومت سپرد کی تھی۔ اس کے بعد مامون کو ولی عہد مقرر کیا اور اس کو خراسان اور ہمدان سے حدود بلاد تا انتہائے مشرق دیئے تھے اور مامون کے بعد اپنے تیسرے بیٹے قاسم کی ولی عہدی کی بیعت لی تھی اور اس کو مؤتمن کا لقب دیا تھا مگر مامون الرشید کو اس کی معزولی کا بصورت نالائق ثابت ہونے کے اور بحالی کا بصورت لائق ہونے کے اختیار دیا تھا اس کو جزیرہ، ثغور اور عواصم کی حکومت دی تھی۔

عہد نامہ ولی عہدی: مدینہ منورہ پہنچ کر اہل مدینہ کو انعامات دیئے اور مستحقین میں خیرات تقسیم کی۔ امین، مامون اور اپنی طرف سے ایک کروڑ پانچ لاکھ دینار، مدینہ منورہ میں صرف کئے۔ اسی طرح مکہ معظمہ میں داد و دہش سے کام لیا۔ فقہاء، قضاۃ اور سرداران لشکر کو طلب کر کے دونوں شہزادوں کی جانب سے جدا جدا عہد نامے لکھوائے۔ ایک امین کی طرف سے تھا کہ مامون کے ساتھ وفا کرے گا۔ دوسرا مامون کی طرف سے تھا امین کے ساتھ ایفائے عہد کا۔ پھر ان دستاویزات کو شہادتوں سے مکمل کر کے خانہ کعبہ میں آویزاں کر دیا۔ اور پھر جب ۱۸۹ھ میں جرجان گیا اور وہاں کچھ عرصہ قیام پذیر ہوا تو سرداران لشکر و ارکان دولت کو جمع کر کے یہ کہا کہ جو کچھ میرے لشکر میں مال، خزانہ، اسلحہ، گھوڑے اور سامان جنگ ہے اس کا ایک مستقل طور پر مصرف مامون ہے اور ان لوگوں سے مامون کی ولی عہدی کی تجدید بیعت کر کے بغداد کی جانب کوچ کیا۔ اسی طرح بغداد میں دوبارہ سرداران لشکر کو جمع کر کے امین کی ولی عہدی کی بیعت کی تجدید کی۔

خاندان برامکہ: ہم اوپر بیان کر آئے ہیں کہ خالد بن برمک ابتدا ہی سے خلفاء دولت عباسیہ میں جو اعزاز اور رتبہ برامکہ کو حاصل تھا وہ اوروں کو نہیں ملا۔ سلطنت کے مناصب تھے بڑی بڑی عہدوں اور صوبوں کے یہی حاکم و حکمران تھے۔ خلیفہ منصور نے موصل اور آذربائیجان کی گورنری پر خالد کو مقرر کیا تھا اور اس کے بیٹے یحییٰ کو آرمینیہ کی حکومت مرحمت کی تھی اور خلیفہ مہدی نے ہارون الرشید کی اتالیقی اس کے سپرد فرمائی تھی اور اس نے اس خدمت کو نہایت خوبی سے انجام دیا تھا۔ خلیفہ ہادی نے جب ہارون کو معزول کر کے اپنے بیٹے کو ولی عہد بنانے کا قصد کیا تو یحییٰ نے علانیہ مخالفت کی تھی۔ اس بنا پر خلیفہ ہادی نے اس کو قید کر دیا تھا چنانچہ جب ہارون مسند خلافت پر جلوہ افروز ہوا تو قلمدان وزارت یحییٰ کے سپرد کر کے امور مملکت کے سیاہ و سفید کا کلی اختیار دے دیا۔

برامکہ کا عروج: اس سے پیشتر یحییٰ خیزران (مادر ہارون الرشید) کی رائے سے امور مملکت انجام دیتا تھا لیکن بعد مرگ خیزران اس کا قدم استقلال اور استحکام کے ساتھ سلطنت میں جم گیا۔ یہ بہت بڑا خاندان تھا یحییٰ کے بھائی اور بھتیجے کثرت سے تھے۔ اس کے بیٹے جعفر، فضل اور محمد امور سلطنت میں اپنے باپ کی طرح دخیل تھے۔ خلیفہ کے دربار میں ان کا بہت بڑا اعتبار تھا۔ خلیفہ سے ان کو خاص نسبت تھی اور فضل تو خلیفہ ہارون کا دودھ شریک بھائی تھا۔ فضل کی ماں نے ہارون کو اور ہارون کی ماں خیزران نے فضل کو دودھ پلایا تھا اور چونکہ ہارون نے یحییٰ کی گود میں پرورش پائی تھی اس وجہ سے ادب کے ساتھ یحییٰ کو باپ کے خطاب سے مخاطب کیا کرتا تھا اور یحییٰ کے معمر ہونے پر فضل اور جعفر کو عہدہ وزارت پر سرفراز کیا تھا۔ نیز اس سے پہلے جعفر کو مصر و خراسان کی گورنری دی گئی تھی اور جس وقت مضر و یمنی کے مابین شام میں فتنہ و فساد برپا ہو گیا تھا اس کو ان ہنگاموں کے فرو کرنے کے لئے منتخب کیا تھا چنانچہ اس نے بکمال خوبی اس خدمت کو انجام دیا اور نیک نامی کے ساتھ واپس آیا تھا۔ فضل کو بھی حکومت مصر و خراسان دی گئی تھی اور جب یحییٰ بن عبداللہ علوی نے دیلم کی سازش سے سر اٹھایا تو فضل ہی کو خلیفہ ہارون نے

یحییٰ بن عبداللہ کی سرکوبی [illegible] روانہ کیا تھا اس کی حکمت عملی اور سیاسی چالوں سے یحییٰ بن عبداللہ نے خلیفہ کی اطاعت قبول کر لی اور [illegible] کے بعد جعفر بن یحییٰ [illegible] کی خدمت [illegible] ان تمام مہمات انتظامات [illegible] قوت سے کر نہایت حسن و خوبی سے سرانجام دیا [illegible] خلیفہ سب ہی ان کے مداح تھے۔

برامکہ کے زوال کے اسباب رفتہ رفتہ ان کا اقتدار اور جاہ و جلال حکومت و سلطنت میں اس درجہ بڑھ گیا کہ خلیفہ [illegible] امور سلطنت کے سیاہ و سفید کے [illegible] مالک تھے امراء دولت کو ان سے [illegible] خلیفہ سے چغلی کرنے لگے، کثرت شکایات سے خلیفہ کے دل میں بھی برامکہ بالخصوص جعفر کی طرف سے ایک خیال پیدا ہو گیا چھوٹی چھوٹی غلطیاں اور ذرا ذرا سی [illegible] آنکھ سے دیکھی [illegible] اور غیر قابل عفو جرائم دیکھے جاتے تھے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ خلیفہ کی ناراضگی کے اسباب میں سے ایک سبب یہ بھی تھا کہ خلیفہ نے یحییٰ بن عبداللہ [illegible] جعفر برمکی کے پاس [illegible] تھا [illegible] خلیفہ کی اجازت کے بغیر رہا [illegible] خلیفہ نے جعفر سے [illegible] کی تصدیق کر دی خلیفہ کو جعفر کی یہ [illegible] ایسے باغی [illegible] پیدا ہوئی [illegible] سے [illegible] کر [illegible]۔

ایک روز یحییٰ بن خالد حسب معمول خلیفہ کی خدمت میں بلا اجازت حاضر ہوا اتفاق سے اس وقت شاہی طبیب جبرئیل بن بختیشوع بیٹھا ہوا تھا خلیفہ نے اس سے مخاطب ہو کر کہا "کیوں جبرئیل تمہارے مکان میں بھی کوئی بلا اجازت آ جاتا ہے؟" عرض کیا "نہیں" [illegible] یحییٰ کی طرف متوجہ ہو [illegible] یحییٰ نے جواب دیا "امیر المومنین! [illegible] بات [illegible] حاضر ہوتا تھا [illegible] مجھے یہ معلوم ہوتا کہ میری حاضری [illegible] خلیفہ نے شرم سے [illegible] ایک بات کہہ دی۔ [illegible] حاجب [illegible] تعظیم کے لئے اٹھ کھڑے ہوتے تھے [illegible] خلیفہ ہارون کے اشارے سے [illegible] کی [illegible] کر دی۔ چنانچہ [illegible] رفاقت میں حاضر [illegible] ایک مدت کی عادت [illegible]۔

جعفر کا قتل [illegible] جعفر [illegible] ایک [illegible] ہارون نے [illegible] جعفر کا سر [illegible] کو [illegible] اس [illegible] خلیفہ [illegible] کی [illegible] تیری [illegible]۔

[illegible] خلیفہ [illegible] جعفر [illegible] یحییٰ کے [illegible] مکانات [illegible] جعفر [illegible]

نعش بغداد روانہ کی اور یہ حکم دیا کہ اس کے دو ٹکڑے کر کے (پل پر) الگ الگ دونوں جانب لٹکا دیے جائیں۔ اس عتاب شاہی سے صرف محمد بن خالد برمکی محفوظ رہا۔

عبدالملک بن صالح خلیفہ ہارون کا یہ احسان تھا کہ اس نے کسی قسم کی تنگی نہ کی اور اس کے بیٹوں فضل، محمد، موسیٰ پر تنگی کی۔ اس کے بعد عبدالملک بن صالح بن علی پر الزام لگایا گیا۔ یہ الزام کہاں تک درست ہے۔ خوش قسمتی سے یہ حکایت عبدالملک کے بیٹے عبدالرحمٰن نے تیار کی تھی اس کو بھی دعوائے خلافت ہے۔ خلیفہ نے اس کو فضل بن ربیع کے پاس نظر بند کر دیا۔ دوسرے دن دربار میں طلب کر کے اس معاملہ کی بابت دریافت کرنے پر عبدالملک نے حلفیہ طور پر اس سے انکار کیا اور اپنی خدمات سابقہ کا اظہار کر کے کہا۔ وفاداری اور ہمدردی کا یقین دلانے کی کوشش کی کہ آپ کو بدظن کیا گیا ہے۔ عبدالملک نے کہا "یہ تمہارا بیٹا" تب اس کے بیٹے عبدالرحمٰن کو بلوایا گیا۔ عبدالملک نے عرض کیا "اس کی شہادت بھی قابل اعتبار نہیں ہو سکتی یہ مامور ہے یا معذور، یا عاق و نافرمان ہے۔" خلیفہ ہارون نے پوچھا "اور یہ عم سے کیا تعلق" تو ان دو میں سے کون زیادہ قابل اعتماد گواہ کہاں سے آ سکتے ہیں؟ خیر میں اس بارے میں غور کروں گا۔ محض اللہ تعالیٰ ہی کیا رحم ہے کیونکہ وہی میرے اور تمہارے درمیان منصف حاکم ہے۔" عبدالملک نے جواب دیا "یا امیر المومنین! اللہ تعالیٰ کے حکم ہونے اور امیرالمومنین کے حاکم ہونے پر راضی ہوں کیونکہ مجھے یقین کامل ہے کہ امیرالمومنین اپنی خواہش کا اتباع اور اپنے رب پر مقدم نہ کریں گے۔"

عبدالملک کی اسیری: چند روز بعد دوسرے دن خلیفہ ہارون نے اس کو دوبارہ طلب کیا وہ جان کے خوف سے کانپتا ہوا حاضر ہوا اور اپنے تعلقات، خدمات اور خیر خواہیاں ظاہر کرنے لگا تو خلیفہ ہارون نے کہا "اللہ کی قسم! اگر صرف تمہارا تقویٰ باقی رکھنا مجھے منظور نہ ہوتا تو میں بے شک تجھے قتل کر دیتا" اور پھر اس کو جیل میں بھیج دیا۔ اس کے بعد عبداللہ بن مالک (جو محکمہ پولیس کے افسر اعلیٰ تھا) حاضر ہوا۔ ہارون کے دل میں عبدالملک کا ذکر آیا۔ عبداللہ نے عرض کیا "امیرالمومنین! یہ تو سب کہ عبدالملک آپ کا خیر خواہ اور دل سے آپ کا ہے آپ کی کسی قسم کی برائی نہیں چاہتا۔" خلیفہ ہارون نے فرمایا "اگر تم اس کی خدمات و حالات اور واقعات سے واقف ہوتے تو کبھی یہ نہ کہتے" عرض کیا "چونکہ آپ نے اس کو قید کر دیا ہے اس لئے یہ امر مناسب ہے کہ رہائی دیں" لیکن خلیفہ ہارون نے ایسا نہیں کیا اور خلیفہ مقرر رہا۔ یہاں تک کہ ہارون الرشید کا انتقال ہو گیا اور خلیفہ امین نے اسی کو رہا کیا۔

یحییٰ اور فضل اس واقعہ کے بعد خلیفہ ہارون نے قید میں مسرور کو یحییٰ برمکی کے پاس یہ پیغام دے کر بھیجا کہ "تم نے مجھ سے عبدالملک کے باغیانہ خیالات چھپائے حالانکہ تم واقف تھے"۔ یحییٰ نے پیغام سن کر جواب دیا "امیرالمومنین! خود ہی خیال کر سکتے ہیں کہ عبدالملک مجھ سے اپنے پوشیدہ راز کیوں بتاتے کہ میں تو خیر خواہ دولت و حکومت تھا اور اگر مجھ پر [illegible] معلوم ہوا تو میں [illegible] آپ سے زیادہ [illegible] سے [illegible] جب [illegible] اس سے محبت رکھتا تھا [illegible] یہ ہے کہ اس میں [illegible] سب [illegible] سے [illegible]۔" مسرور نے یہ پیغام ہارون تک پہنچایا۔ خلیفہ نے مسرور کو پھر لوٹا کر یحییٰ کے پاس بھیجا اور دھمکی دی اور کہا کہ سچا واقعہ بیان کرو۔ ورنہ میں تمہارے سامنے بیٹے فضل کو قتل کرا دوں گا۔ یحییٰ نے جواب دیا "امیر المومنین کو اختیار ہے کہ ہم لوگوں کی جانیں آپ کے قبضے میں ہیں جو چاہیں کریں"۔ مسرور نے یہ سن کر فضل کا ہاتھ پکڑا اور لے چلا

زار زار روئے۔ نیز فضل اپنے بوڑھے اور مصیبت زدہ باپ سے رخصت ہوا یحییٰ نے رخصت کے وقت اللہ تعالیٰ کی رضامندی کی دعا دی۔ خلیفہ ہارون الرشید کے حکم کے مطابق یاسر نے فضل کو تین رات تک دوسرے مکان میں مقید رکھا۔ جب ان دونوں آدمیوں میں سے کسی کے مال کا انکشاف نہ ہوا تو پھر دونوں کو ایک ہی جگہ پر قید کر دیا۔

ابراہیم بن عثمان کا قتل: ابراہیم بن عثمان بن نہیک جعفر برمکی کے قتل کے بعد اکثر برمکہ کا ذکر کر کے رو دیا کرتا تھا اور اس کی قوم بھی اس کے ساتھ روتی تھی ابراہیم کے روتے روتے یہ حالت ہو جاتی تھی کہ وہ ارادہ جعفر کا بدلہ لینے کا تھا اور جب نیچروں کے ساتھ مجلس نشینی میں بیٹھتا تھا تو تلوار ہاتھ میں لے کر کہتا تھا (وا جعفراه وا سیداه والله لاقتلن قاتلك ولاطلبن بثارك) "ہائے جعفر! ہائے میرے سردار! واللہ میں تمہارے خون کا بدلہ ضرور لوں گا اور تمہارے قاتل کو ضرور قتل کروں گا"۔ ابراہیم کا یہ جوش انتقام دیکھ کر اس کے بیٹے ابوحفص نے جا کر خلیفہ ہارون سے اطلاع کر دی خلیفہ ہارون نے ابراہیم کو طلب کر کے جعفر کے قتل پر افسوس و ندامت ظاہر کی۔ ابراہیم نے رو کر جواب دیا "واللہ امیر المومنین آپ نے بہت بڑی غلطی کی"۔ ہارون الرشید یہ سن کر جھنجھلا اٹھا اور جھڑک کر بولا "قم لعنک اللہ" کہا۔ ابراہیم چلا آیا چند ہی دن اس کے بیٹے نے پیچھے سے تلوار کا ایک ہاتھ لگایا جس کے صدمے سے وہ چند روز کے بعد مر گیا کہا جاتا ہے کہ ابراہیم کے بیٹے نے ہارون کے حکم سے یہ فعل کیا تھا۔

یحییٰ برمکی برابر رقہ کے جیل میں رہا تا آنکہ ۱۹۰ھ میں انتقال کر گیا۔ اس کے بعد اس کے بیٹے فضل نے ۱۹۳ھ میں وفات پائی۔ خاندان برامکہ اس عالم میں ... سے تھے اور ان کی دولت مملکت کی بڑی دولتوں سے کم تھی اور یہ لوگ دولت و سلطنت کے چہرہ کی زیبائش تھے۔

عرض مترجم

علامہ ابن خلدون نے جس قدر حالات برامکہ کے تحریر فرمائے ہیں وہ نہایت بے ربط اور کٹے ہوئے ہیں کسی مقام پر تسلسل رکھنے کی جگہ نہیں ہے مگر نہایت اختصار کے ساتھ۔

بہ نظر دلچسپی ناظرین خاندان برامکہ کے مشاہیر کے حالات اور کتب تواریخ سے لکھنا چاہتا ہوں امید ہے کہ پڑھنے والے شوق و دلچسپی سے پڑھیں گے۔

خالد برمکی: خاندان برامکہ میں سے جو سب سے پہلے عہدہ وزارت پر فائز کیا گیا وہ خالد برمکی تھا اس کے اجداد آتش کدہ نوبہار کے متولی تھے جس کو منوچہر بادشاہ فارس نے آفتاب کے نام پر بنایا تھا اور شہر بلخ میں یہ تھا برامکہ کا۔ جب ۳۱ھ عہد خلافت عثمان ذی النورین میں خراسان فتح ہوا اور اسلامی حکومت تمام اطراف میں پھیل گئی اس وقت یہ آتش کدہ بھی جو عہد منوچہر سے برابر چلا آتا تھا ویران ہو گیا اور خاندان برامکہ بھی مصیبت کے جال میں پھنس گیا۔ پھر ۸۶ھ عہد خلافت ولید بن عبدالملک اموی میں قتیبہ بن مسلم حجاج کی طرف سے خراسان کا گورنر ہو کر وارد خراسان ہوا اور ایک بہت بڑی فوج مرتب کر کے ماوراء النہر پر فوج کشی کی اس لڑائی میں بہت سا مال غنیمت مسلمانوں کے ہاتھ آیا تھا بہت سی لونڈیاں بھی گرفتار ہو کر آئی تھیں ان میں ایک عورت برمک کی بیوی تھی تقسیم مال غنیمت کے وقت یہ عورت عبداللہ بن مسلم (برادر قتیبہ) کے حصہ میں آئی اتفاق سے چند ایام بعد مسلمانوں کی اہل بلخ سے صلح ہو گئی تو قتیبہ نے حکم دیا کہ ان کے قیدی واپس کر دیے جائیں عبداللہ نے اس برمکی عورت کو بھی

برمک نے پانی واپس کر دیا۔ آخر یہ قرار پایا [illegible] پیدا ہوا تو [illegible] سال کی مدت گزرنے کے بعد خالد پیدا ہوا۔ اس کی تعلیم و تربیت کا زمانہ کیسے اور کہاں گزرا اس کے متعلق ہم ناظرین سے معافی [illegible] چاہتے ہیں۔

ابو العباس سفاح کے عہد خلافت میں [illegible] ابو سلمہ خلال وزیر آل محمد کے قتل کے بعد وزارت کا عہدہ خالد ہی کو مرحمت کیا گیا۔ سفاح کے مرنے تک [illegible] منصور نے مسند خلافت پر جلوہ افروز ہو کر اس سے بھی اس کو وزارت ہی کے عہدہ پر رکھا۔ لیکن ایک سال ایک مہینہ کے بعد ابو ایوب موریانی کی [illegible] سے خلیفہ منصور نے خالد کو بلاد فارس کے کردوں کی سرکوبی کے لئے فارس بھیج دیا۔ خالد کے جانے کے بعد ابو ایوب موریانی کو قلمدان وزارت عطا کر دیا گیا۔ اگر چہ پھر خالد عہدہ وزارت پر [illegible] نہیں ہوا لیکن [illegible] سرداروں کے کاموں [illegible] خلیفہ مہدی کا زمانہ ولی عہدی میں اتالیق [illegible] مہدی سے سرفراز [illegible] ابن خلدون [illegible] میں وفات پائی۔ اس کا ایک لڑکا یحییٰ تھا۔

یحییٰ برمکی: یحییٰ برمکی ہشام بن عبد الملک اموی کے زمانہ خلافت میں پیدا ہوا اس کے والد کا [illegible] چالیس [illegible] تعلیم و تربیت اور [illegible] معقولات [illegible] واقعہ [illegible] لکھتے ہیں کہ جب اس کے [illegible] خالد کا [illegible] یحییٰ کی قابلیت پر [illegible] خلیفہ مہدی نے ہارون الرشید کا اتالیق مقرر کر دیا۔ چنانچہ [illegible] یحییٰ [illegible] خلیفہ مہدی [illegible] یحییٰ برمکی [illegible] خلیفہ ہادی نے ہارون [illegible] ہادی کی وفات [illegible] ہارون نے تخت خلافت پر متمکن ہوتے ہی یحییٰ کو امور سلطنت [illegible] قلمدان وزارت [illegible] اس کے عہد میں علوم و فنون کی [illegible] ترقی ہوئی۔ یہ بہت [illegible] کریم [illegible] انسان تھا اس کی [illegible] علم نجوم [illegible] جیل میں وفات پائی۔ اس کے چار بیٹے فضل، جعفر، موسیٰ، محمد [illegible] ہارون الرشید [illegible] مجھے معلوم نہیں ہوا۔

فضل برمکی: فضل برمکی [illegible] یحییٰ [illegible] پیدا ہوا اس کے [illegible] ہارون الرشید کی ولادت ہوئی [illegible] ایک دوسرے کے [illegible] بھائی ہے۔ ہارون الرشید [illegible] فضل [illegible] خلیفہ مہدی نے یحییٰ کے [illegible] ہارون کی اتالیقی [illegible] اپنے [illegible]

---

[1] ابن خلکان [illegible] [2] ابن خلکان [illegible]

[3] ابن خلکان جلد [illegible]

[4] ابن خلکان [illegible] [5] ابن خلکان جلد [illegible]

[illegible]

جعفر برمکی [illegible]

عباسہ کا واقعہ [illegible]

> [illegible]

[illegible]

[illegible]

شرط پر عباسہ کا عقد جعفر سے کر دیا"۔

یہی الفاظ ہیں جن کی بنا پر بعض مؤرخین نے بڑی بڑی خیالی عمارتیں کھڑی کر لیں ابن طبری سے جس نے اس واقعہ کی روایت کی ہے وہ احمد بن زہیر ہے اور احمد بن زہیر سے جس نے روایت کی ہے اس کا نام خود طبری کو معلوم نہیں ہوا اس لیے وہ کہتا ہے عن بعض اصحابہ (بعض اصحاب سے) صاف ظاہر ہے کہ احمد بن زہیر کی روایت نہ قابل اعتبار ہے۔ محققین نے بلا تامل اس روایت کی تردید کی ہے۔

قطع نظر اس کے اگر یہ امر تسلیم کر لیا جائے کہ آخر روایت طبری کا جس پر سلسلہ روایت ختم ہو جاتا ہے تو ایک ہی ہے تو قابل سوال ہے کہ اس کا کسی معاصر یا مشہور واقعہ عباسہ میں تذکرہ کیوں نہ ہوا جو جعفر کے قتل کے وقت موجود ہو کسی تاریخ میں نہیں پایا جاتا خود طبری نے ان لوگوں کے نام لکھے ہیں جو اس معاملہ میں ہارون الرشید کے ہمراز و شریک تھے۔ اور بفرض محال اگر طبری اس واقعہ کو تسلیم کر لیتا تو آگے چل کر جعفر کے قتل و اسباب تحریر کرتے وقت ضرور اس واقعہ کو ترجیح دیتا مگر اس نے ایسا نہیں کیا بلکہ تمام واقعات جو جعفر کے قتل کا محرک ہوئے تھے بالترتیب لکھے ہیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ واقعہ مذکورہ اس کے نزدیک مسلم نہیں ہے۔ علامہ ابن عبد ربہ نے بھی اس واقعہ کو اعلام الناس صفحہ ۱۵۲ میں بروایت ابراہیم بن اسحاق نے نقل کیا ہے اور اصل راوی کا نام بالکل غائب ہے اور بجائے عباسہ کے میمونہ کا نام لکھا ہے۔

ببین تفاوت رہ از کجا است تا بہ کجا

خلیفہ مہدی کی چار لڑکیاں تھیں عباسہ بنت مہدی اور علیہ بنت مہدی وغیرہ ان کے کوئی لڑکی میمونہ نامی نہ تھی اور عباسہ کا عقد ہارون نے پہلے محمد بن سلیمان سے کیا تھا جب وہ مر گیا تو ابراہیم بن صالح بن علی سے اس کا نکاح کر دیا۔ دیکھو کتاب المعارف ابو محمد عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ کاتب دینوری المتوفی سنہ ۲۷۶ھ صفحہ ۱۲۶ علامہ ابن خلدون مؤلف کتاب ہذا نے جو اس واقعہ پر مقدمہ تاریخ میں ریمارک دیا ہے وہ مضمون الفاظ میں لکھنے کے قابل ہے مگر افسوس ہے کہ اس کو بخیال طوالت مقالہ نقل نہیں کیا جاتا ہے۔

فمن شاء الاطلاع علیھا فلیرجع الیھا۔ انتہی کلام المترجم

ہارون الرشید کے فضائل: ہارون الرشید جیسا کہ طبری وغیرہ نے روایت کی ہے ایک سال جہاد کرتا تھا اور دوسرے سال زیارت کعبہ کو جاتا تھا اور روزانہ سو رکعتیں نماز پڑھا کرتا تھا اور ایک ہزار درہم خیرات دیتا تھا اور جب حج کرنے کو جاتا تو ایک سو فقہا کو اپنی جیب خاص سے اپنے ہمراہ لے جاتا تھا اور جس سال حج کو نہ جاتا تو تین سو آدمیوں کو اپنے خرچ سے حج کو روانہ کرتا تھا۔ انتظام ملکی اور سیاست میں خلیفہ منصور کا پیرو تھا مگر داد و دہش میں اس کا مخالف تھا۔ اس سے پیشتر کوئی خلیفہ اس سے زیادہ فیاض جواد اور بے دریغ مال کا دینے والا نہیں گزرا جہاد کا بے حد مشتاق تھا کوئی سال ایسا نہ جاتا تھا کہ خود یا اپنے خاندان کے ممبر یا امرا کو اور دوسروں کو جنگ پر بھیجا کرتا تھا۔

فتوحات: چنانچہ ۱۷۰ھ میں عسکر صائفہ کے ساتھ سلیمان بن عبداللہ بکائی کو روانہ کیا تھا بعض کا بیان ہے کہ خود بنفس نفیس اس مہم پر گیا تھا اور ۱۷۲ھ میں اسحاق بن سلیمان بن علی کو بھیجا گیا تھا۔ چنانچہ بلاد روم میں اس نے بہت بڑی کامیابی حاصل کی اور بہت سا مال غنیمت ہاتھ آیا بہت سے آدمی قیدی بنا لیے گئے۔ ۱۷۵ھ میں عبدالرحمن بن عبدالملک بن صالح کو صائفہ کی فوج کا سردار بنا کر جہاد پر روانہ کیا گیا اور بعض کہتے ہیں کہ عبدالملک کو بھیجا گیا تھا۔ چنانچہ اس نے رومیوں کو خوب تکلیف دی شدت سرما سے لشکریوں کے ہاتھ کٹ کٹ کر گر گئے۔ بعد ازاں ۱۷۶ھ میں عبدالرزاق بن عبدالحمید تغلبی کو ۱۷۷ھ میں زفر بن عاصم

اور ۱۸۱ھ میں خود خلیفہ ہارون نے بلاد روم پر بقصد جہاد فوج کشی کی اور قلعہ صفصاف کو بزور تیغ فتح کر لیا۔

رومیوں سے پہلی مصالحت: اسی ۱۸۱ھ میں عبدالملک بن صالح نے بھی جہاد کیا تھا اور جوش کامیابی میں انقرہ تک بڑھتا چلا گیا۔ مطمورہ کو اسی نے اپنے زور تیغ سے مفتوح کیا۔ اسی سنہ میں مسلمانوں نے معاوضہ دے کر اپنے قیدیوں کو رومیوں کی قید سے رہا کرایا۔ یہ پہلی مصالحت تھی جو دولت عباسیہ میں ہوئی۔ اس کام کا انتظام قاسم بن رشید کے سپرد کیا گیا تھا۔ لوگوں کو اس سے بے حد مسرت ہوئی۔ مقام لامس میں فدیہ دے کر مسلمان قیدیوں کی رہائی کی مجلس منعقد کی گئی جو طرسوس سے بارہ فرسنگ کے فاصلہ پر تھا۔ علماء و اعیان سلطنت اور صدہا باشندے اور ابو سلیمان کے ہمراہ تیس ہزار باقاعدہ فوج اس میں شریک ہوئی۔ والی طرسوس بھی اس موقع پر آ گیا۔ رومی بھی مسلمان قیدیوں کو لے کر آئے تھے جن کی تعداد تین ہزار سات سو تھی۔ قاسم بن رشید نے ان کے معاوضہ میں رومی قیدیوں کو دے کر مسلمان قیدیوں کو رہا کرا لیا۔

ابن عبدالملک کا حملہ: ۱۸۲ھ میں عبدالرحمن بن عبدالملک بن صالح صائفہ کے ساتھ جہاد کرنے کو گیا۔ رفتہ رفتہ افسوس (شہر اصحاب کہف) تک پہنچ گیا۔ اسی زمانہ میں ان لوگوں کو یہ خبر لگی کہ رومیوں نے اپنے بادشاہ قسطنطین بن الیون کے بعد اس کی ماں رینی کو تخت حکومت پر جانشین کیا اور اس کو اغسطہ کا لقب دیا ہے۔ یہ خبر سن کر اسلامی لشکر نے کمال مردانگی سے بلاد روم پر حملہ کیا اور کامیابی کے ساتھ واپس آیا۔

شاہ خاقان کا خروج: ۱۸۳ھ میں خاقان بادشاہ خزر کی لڑکی فضل بن یحییٰ کی طرف روانہ کی گئی۔ اتفاق سے وہ مقام بردعہ میں پہنچ کر مر گئی۔ اس کے ہمراہیوں نے واپس ہو کر اس کے باپ سے یہ ظاہر کیا کہ وہ مکر و حیلہ سے ماری گئی ہے۔ خاقان کو یہ سن کر طیش آ گیا اور لشکر جمع کر کے بلاد اسلام پر حملہ کے قصد سے باب الابواب سے خروج کیا۔ قریب [illegible] مسلمانوں اور ذمیوں کو گرفتار کر لیا اور طرح طرح کی بدعتیں اور ایسی ایذائیں دیں جن کی مثل سے اس وقت تک کان آشنا نہیں ہوئے تھے۔ خلیفہ ہارون نے اس فتنہ کے فرو کرنے کی غرض سے یزید بن مزید کو آرمینیہ کی گورنری پر مامور کر کے روانہ کیا۔ آذربائیجان کی حکومت بھی اسی کے قبضہ میں رہنے دی اور خزیمہ بن خازم کو نصیبین میں اہل آرمینیہ کی کمک کے لئے ٹھہرایا اور بعض نے خاقان کے خروج کا یہ سبب ظاہر کیا کہ سعید بن مسلم نے منجم سلمی کو کسی وجہ سے مار ڈالا۔ منجم کا لڑکا خزر کے پاس فریاد لے گیا۔ خزر نے لشکر مرتب کر کے سعید پر حملہ کر دیا اور آرمینیہ میں قتل و غارت کرتے ہوئے گھس پڑے۔ سعید بن مسلم پیٹھ پھیر کر بھاگ کھڑا ہوا اور خزری قتل و غارت کر کے واپس چلے گئے۔

قاسم بن رشید کی گورنری: ۱۸۷ھ میں خلیفہ نے قاسم بن رشید کو عواصم کی گورنری پر مقرر کر کے بحری و بری لشکر صائفہ بلاد روم پر جہاد کرنے کو روانہ کیا۔ چنانچہ اس نے قرہ پر پہنچ کر لڑائی کا نیزہ گاڑ دیا اور اہل قرہ کو روزانہ جنگ و خون ریزی سے تنگ کرتے رہے۔ انہی دنوں قاسم نے عباس بن جعفر بن محمد بن اشعث کو قلعہ سنان کے محاصرہ کے لئے بھیج دیا۔ رومی تاب مقاومت نہ لا سکے اور تین سو بیس مسلمان قیدی دے کر مسلمانوں سے مصالحت کر لی۔ چنانچہ مصالحت کے بعد قاسم اور عباس معہ اپنے لشکر کے واپس آیا۔

نقفور کی تخت نشینی: ان دنوں روم کی حکومت ملکہ رینی کے قبضہ میں تھی۔ رومیوں نے اس کو معزول کر کے نقفور نامی ایک کو تخت نشین کیا۔ یہ رومیوں کے دیوان خراج (دفتر تحصیل مال گزاری یعنی بورڈ آف ریونیو) کا افسر تھا۔ اس واقعہ کے پانچ مہینہ بعد

[illegible] سمجھا۔

بلاد روم پر لشکر کشی [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ان سے جا کر لوٹ لیا اور ویران کر دیا۔

جزیرہ قبرص پر قبضہ: انہی دنوں شراحیل بن معن بن زائدہ نے قلعہ حالیہ (صقلی) اور دیسہ اور یزید بن مخلد نے قلعہ صفصاف اور قونیہ کو فتح کر لیا اور عبداللہ بن مالک نے قلعہ ذی الکلاع کا محاصرہ کر لیا اور حمید بن معیوب امیر البحر مقرر کیا گیا اس نے سواحل شام و مصر کی کشتیوں کو درست کر کے جزیرہ قبرص پر چڑھائی کر دی۔ اہل قبرص کو شکست ہوئی حمید نے جزیرہ قبرص کو منہدم کر کے آگ لگا دی اور مال و اسباب جو کچھ پایا لوٹ لیا اور قبرص کے رہنے والوں میں سے تقریباً سترہ ہزار آدمیوں کو گرفتار کر لیا اور رافقہ میں لے جا کر فروخت کر ڈالا۔ اسقف قبرص نے دو ہزار دینار دے کر قید کی مصیبت سے اپنی جان بچائی۔ ان واقعات کے بعد خلیفہ ہارون نے قلعہ طوانہ کا محاصرہ کیا اور چند دنوں کے محاصرے کے بعد عقبہ بن جعفر کو محاصرہ پر چھوڑ کر کوچ کر گیا۔ نقفور نے روزانہ جنگ سے تنگ آ کر خراج ادا کیا جزیہ چار دینار اپنے ذمہ لگا اور بطریق کی طرف سے دو دو دینار دلوائے اور یہ درخواست کی کہ ہرقلہ کے قیدیوں میں سے فلاں عورت مجھے مرحمت فرمائی جائے کیونکہ یہ میرے بیٹے کی منگیتر ہوئی ہے۔ چنانچہ خلیفہ ہارون نے اس درخواست کے مطابق اس عورت کو روانہ کر دیا۔

دیگر فتوحات: اسی سنہ میں جزیرہ قبرص میں بغاوت ہوئی جس کو ہرثمہ بن اعین نے بزور تیغ اپنی مردانہ کوششوں سے سر کیا اور وہاں کے سرکشوں اور مفسدوں کو گرفتار کر کے قید کر دیا۔ جوں ہی خلیفہ ہارون نے بلاد روم سے مراجعت کی رومی بادشاہ نے نقض عہد کیا اور کنیسہ سوادا کی طرف فوج کشی کی اور عامۃ المسلمین کو غفلت میں پا کر بہت سے مال و اسباب کو لوٹ کر واپس چلا آیا مگر واپسی کے وقت اہل مصیصہ نے رومیوں سے کل مال و اسباب چھین لیا۔ ۱۹۰ھ میں یزید بن مخلد ہبیری نے دس ہزار فوج کی جمعیت کے ساتھ ملک روم پر جہاد کیا۔ رومیوں نے ایک تنگ راہ میں ان لوگوں کو گھیر لیا۔ یزید بن مخلد کو اسی واقعہ میں شکست ہوئی طرطوس سے دو منزلوں کے فاصلہ پر مع پچاس آدمیوں کے شہید کر ڈالا گیا۔ اسی سنہ میں خلیفہ ہارون نے ہرثمہ بن اعین کو ثغور کا سپہ سالار مقرر کر کے سرداری مرحمت فرمائی اور تیس ہزار خراسانی لشکر سالانہ فوج میں اضافہ کر کے روانگی کا حکم دیا اور بعد روانگی ہرثمہ نے خود بھی عساکر اسلامیہ کے ساتھ بلاد سرحدی کی طرف کوچ کر دیا۔ مرعش پر عبداللہ بن مالک کو اور مرعش پر سعید بن مسلم بن قتیبہ کو مامور فرمایا اسی زمانہ میں رومیوں نے مرعش پر بحالت غفلت شب خون مارا اور بہت سا مال و اسباب لوٹ کر واپس گئے۔ مگر سعید بن مسلم نے اپنے مقام سے حرکت تک نہ کی۔ خلیفہ کے کانوں تک یہ خبر پہنچی تو اس نے محمد بن یزید بن مزید کو مرعش کی جانب روانہ کیا اور خود مرعش پر قیام کر کے اپنے سپہ سالاروں کو سرحدی بلاد کے قلعوں کے محاصرے پر بھیج دیا۔ رومیوں نے فتنہ و فساد اور رومی ملک مسلمانوں سے مخالفت شروع کر دی۔

اسی ۱۹۱ھ میں ہرثمہ کو طرسوس کی تعمیر پر مامور کیا گیا خلیفہ کا غلام ابو سلیم اس کا منتظم تھا تعمیر طرسوس میں تاخیر ہوتی نظر آئی تو خلیفہ کے حکم سے خراسان کی تین ہزار فوج اور مصیصہ و انطاکیہ کی ایک ایک ہزار فوج طرسوس میں تعمیر کی غرض سے نصب کر دی گئی۔ چنانچہ ۱۹۲ھ میں طرسوس کی تعمیر مکمل ہو گئی۔ اسی سنہ میں خرمیہ نے اطراف آذربائیجان میں باغیانہ حرکت شروع کی جس کی سرکوبی پر عبداللہ بن مالک دس ہزار کی جمعیت کے ساتھ روانہ کیا گیا۔ خرمیہ کا ایک گروہ کثیر قتل و قید کر لیا گیا۔ یہ جنگ مقام کرمان میں ہوئی تھی خاتمہ جنگ کے بعد وہ قیدی جو میدان جنگ میں گرفتار کر لئے گئے تھے خلیفہ کے حکم سے قتل کر ڈالے گئے اور ان قیدیوں کو جو جنگ کے بعد گرفتار کئے گئے تھے فروخت کر ڈالا۔ اسی سنہ میں سرحدی بلاد پر ہرثمہ بن مالک خزاعی کو مامور

لیا گیا۔ اسی کے ہاتھ سے ظہور و فتوح ہوئیں۔ اسی سنہ میں اسی کے ذریعہ سے مقام [illegible] میں رومیوں اور مسلمانوں کے مابین مصالحت ہوئی فریقین نے قرار دیا کہ اپنے اپنے قیدیوں کو رہا کرا لئے جائیں۔ اسی سنہ میں رومیوں اور مسلمانوں نے معاوضہ دے کر اپنے اپنے قیدیوں کو چھڑا لیا۔ اس مصالحت میں مسلمان قیدیوں کی تعداد دو ہزار [illegible] تھی۔

عمال افریقہ: افریقہ کی گورنری پر جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے یزید بن حاتم فائز تھا۔ وہ ۱۷۰ھ میں اپنے بیٹے داؤد کو اپنا نائب بنا کر مر گیا۔ خلیفہ ہارون نے اس کے مرنے پر روح بن حاتم (یزید کے بھائی) کو فلسطین سے طلب کر کے افریقہ کی گورنری پر مامور فرمایا اور داؤد بن یزید کو [illegible] کی حکومت [illegible] سے معزول [illegible] ۱۷۴ھ میں [illegible] اور [illegible] (ولی عہد نصر بن حبیب) کو مامور فرمایا۔ ۱۷۷ھ میں موصل کی حکومت پر [illegible] سلیمان کو مقرر کیا۔ اسی زمانہ گورنری میں فضل خارجی نے اطراف تونس میں خروج کیا اور [illegible] کو [illegible] کر لیا۔ [illegible] ارادہ کا قصد کیا [illegible] کرنے کے قصد سے [illegible] کی طرف آیا۔ [illegible] نے یہ خبر پا کر اپنا لشکر آراستہ کیا اور مقابلہ پر آیا۔ جنگ ہوئی۔ [illegible] لڑائی میں [illegible] کو شکست ہوئی [illegible] نے نہایت قلت سے [illegible] قوت کو سنبھال کر فضل پر حملہ کیا۔ اس معرکہ میں فضل مع اپنے ہمراہیوں کے کام آ گیا۔

افریقہ میں شورش: اسی سنہ میں روح بن حاتم کے انتقال کے بعد افریقہ میں [illegible] کا جانشین مقرر کیا گیا [illegible] فضل بن روح نے دربار خلافت میں حاضر ہو کر گورنری افریقہ کی درخواست پیش کی تو خلیفہ ہارون نے [illegible] کو معزول کر کے فضل کو افریقہ کی سند گورنری مرحمت فرمائی۔ محرم ۱۷۷ھ میں فضل وارد افریقہ ہوا اور اس کے پہنچتے ہی افریقہ میں آتش بغاوت بھڑک اٹھی [illegible] اطاعت سے منحرف ہو گئے۔ فضل نے ہر چند ان کی [illegible] کی کوشش کی مگر [illegible] اور روز بروز جوش بغاوت بڑھتا چلا گیا۔ بالآخر خلیفہ ہارون نے ہرثمہ بن اعین کو سند گورنری عطا کر کے ایک لشکر کے ساتھ افریقہ روانہ کیا۔ چنانچہ اس کی آمد [illegible] بغاوت فرو ہو گئی [illegible] بعد چونکہ اہل افریقہ میں نفاق و مخالفت پیدا ہو گئی [illegible] گورنری سے استعفا داخل کیا۔ خلیفہ نے منظور فرمایا [illegible] افریقہ کے [illegible] بعد [illegible] چلا آیا۔

مصر میں بغاوت: اسی سنہ میں فضل بن یحییٰ کو اور اس کے بعد اس کے بھائی جعفر بن یحییٰ کو مصر کی گورنری عطا ہو [illegible] مقرر [illegible] کی گورنری سے معزول [illegible] کے اسحاق بن سلیمان کو مامور کیا [illegible] تقرری کے بعد [illegible] مصر [illegible] بغاوت [illegible] (حوف [illegible]) [illegible] اسحاق کی [illegible] پر ہرثمہ بن اعین کو سند گورنری مرحمت [illegible] کے مامور فرمایا۔ ہرثمہ کے پہنچتے ہی اطاعت قبول [illegible] اور آتش بغاوت فرو ہو گئی۔ ایک مہینہ بعد ہرثمہ کو معزول کر کے [illegible] عبد الملک بن صالح کو مقرر کیا گیا۔

شام میں شورش: [illegible] اپنی [illegible] حکومت [illegible] موسیٰ بن [illegible] ۱۸۰ھ میں جعفر بن یحییٰ برمکی کو ایک بہت بڑے لشکر کے ساتھ بغاوت شام کے فرو کرنے کو روانہ کیا جس میں بہت [illegible] سالار اور مشہور جنگ آور تھے۔ جعفر بن یحییٰ نے اپنی [illegible] قابلیت سے اس فساد کو فرو کیا۔ اس کے بعد خلیفہ ہارون نے [illegible] خراسان و سجستان کی گورنری مرحمت فرمائی۔ جعفر نے اپنی طرف سے عیسیٰ بن جعفر کو مقرر کیا اور خود [illegible] نے

---

[1] [illegible] مقام [illegible] جلد [illegible] سے [illegible]

انتظام ملکی امور میں مصروف رہے۔۔۔

[illegible]

بھائی اور [illegible]

ابراہیم بن اغلب کی [illegible]

[illegible]

[illegible]

علی بن عیسیٰ کے زوال کے واقعات جو ۱۹۰ھ میں گزرے تھے وہ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں اسی سنہ میں حماد بربری نے ہیصم یمانی پر فتح پائی اور اسے خلیفہ ہارون کے پاس گرفتار کر لایا۔ خلیفہ نے قتل کا حکم صادر فرمایا نیز اسی سنہ میں محمد بن فضل بن سلیمان کو موصل کی گورنری مرحمت فرمائی ان دنوں مکہ معظمہ کی حکومت پر فضل بن عباس (خلیفہ منصور و سفاح کا بھائی) فائز تھا۔

رافع بن لیث کی بغاوت: رافع بن لیث بن نصر بن سیار حاکم خراسان اور ماوراء النہر کے نامور سرداروں میں سے تھا یحییٰ بن اشعث نے ایک نہایت حسین خوبصورت اور ذہین عورت سے عقد کر لیا تھا جس کے پاس اکثر بے وقت فرصت آیا جایا کرتا تھا اتفاق یہ کہ کسی وجہ سے عورت کو یحییٰ سے کشیدگی پیدا ہوئی اور وہ اس سے علیحدگی کی فکر میں ہوئی رافع نے موقع مناسب پا کر یہ سکھلا دیا کہ تم دو شخصوں سے اپنے ارتداد و کفر کی شہادت دلا دو تو تمہاری گلو خلاصی ہو جائے گی اور یحییٰ کا نکاح ٹوٹ جائے گا بعد ازاں تم توبہ کر کے پھر اسلام قبول کر لینا میں تم سے شرعی طور سے عقد کر لوں گا۔ اس عورت نے ایسا ہی کیا اور رافع نے اس سے عقد بھی کر لیا۔ یحییٰ بن اشعث نے اس کی شکایت خلیفہ ہارون کے کان تک پہنچائی اور اصل واقعہ مفصلاً عرض کیا۔ خلیفہ نے علی بن عیسیٰ کے نام اس مضمون کا فرمان بھیج دیا کہ رافع اور اس عورت سے علیحدگی کرا کے رافع پر حد شرعی جاری کرو اور شہر سمرقند میں گدھے پر برہنہ سوار کرا کے تشہیر کرا دو تاکہ دوسروں کو عبرت ہو۔ چنانچہ اس حکم کی تعمیل میں رافع کو اس عورت سے علیحدہ کر کے قید کر دیا گیا۔

سمرقند پر قبضہ: ایک روز موقع پا کر رافع جیل سے بھاگ گیا اور علی بن عیسیٰ کے پاس بلخ پہنچا علی بن عیسیٰ نے اس کے قتل کا قصد کیا مگر اس کے بیٹے عیسیٰ بن علی بن عیسیٰ کی سفارش سے قتل نہ کیا اور سمرقند واپس جانے کی ہدایت کی رافع نے سمرقند میں واپس ہو کر یہ چال کھیلا کہ بحالت غفلت عامل سمرقند کو جو علی بن عیسیٰ کی جانب سے تھا قتل کر کے سمرقند پر قابض ہو گیا۔ یہ واقعہ ۱۹۰ھ کا ہے۔ علی بن عیسیٰ نے یہ خبر پا کر اپنے بیٹے عیسیٰ کو رافع سے جنگ کرنے کے لئے روانہ کیا رافع نے اس کو شکست دے کر انکو فرار میں مار ڈالا علی بن عیسیٰ نے اس واقعہ سے پریشان ہو کر بقصد جنگ رافع لشکر کی آراستگی اور سامان جنگ کی درستی شروع کر دی اور اس خیال سے کہ مبادا رافع مرو پر قبضہ کر لے بلخ سے مرو چلا آیا انہیں واقعات کے دوران میں سال ختم ہو گیا اور دوسرا سال شروع ہوا تو اس کے زوال کا زمانہ تھا اسے معزول کر دیا گیا اور ہرثمہ بن اعین کو خراسان کی گورنری دی گئی۔

سمرقند کا محاصرہ: رافع کے ہمراہ اس وقت سوار بھی تھے مگر اس کی سخت مزاجی سے تنگ آ کر اس سے علیحدہ ہو کر ہرثمہ کے پاس چلے آئے۔ ان میں عجیف بن عنبسہ وغیرہ تھے۔ ہرثمہ نے رافع بن لیث کا سمرقند میں محاصرہ کر لیا اور نہایت سختی سے ایک مدت دراز تک محاصرہ کئے رہا اسی اثناء میں طاہر بن حسین کو خراسان سے طلب کر لیا اسکے آ جانے کے بعد حمزہ خارجی نے اطراف خراسان کو شاہی لشکر سے خالی پا کر سر اٹھایا ہرات اور سجستان کے عمال نے بہت سا مال اسکے پاس بھیج دیا جس سے اسکی قوت بڑھ گئی۔ بعد ازاں ۱۹۲ھ میں عبدالرحمن نے حمزہ سے جنگ کرنے کیلئے نیشاپور کی طرف کوچ کیا۔ تقریباً بیس ہزار فوج اس کے ہمراہ تھی۔ حمزہ بھی یہ خبر پا کر مقابلہ پر آیا مگر پہلے ہی حملہ میں حمزہ کو شکست فاش ہوئی اور بہت سے ہمراہی اس کے مارے گئے ہرات تک عبدالرحمن اس کا تعاقب کرتا گیا تا آنکہ خلیفہ المامون نے فرمان بھیج کر تعاقب سے واپس کیا۔

بخارا اور رافع کی گرفتاری: ۱۹۲ھ میں ہرثمہ اور رافع کے مابین لڑائی ہوئی تھی جس میں فتح و کامیابی ہرثمہ کو حاصل ہوئی تھی اس واقعہ میں ہرثمہ نے بشر برادر رافع کو گرفتار کر کے خلیفہ ہارون کی خدمت میں بھیج دیا اور بخارا کو فتح کر لیا۔

ہارون الرشید کی روانگی اس واقعہ سے قبل خلیفہ ہارون [illegible]

[illegible]

[illegible]

باب: ۷

امین کی خلافت ۱۹۳ھ تا ۱۹۸ھ

خلافت کی بیعت: خلیفہ ہارون الرشید کی وفات کے بعد اگلے دن تمام لشکر ہارون میں امین کی خلافت کی بیعت لی گئی۔ ہارون الرشید اس وقت مرو میں تھا حمویہ (خلیفہ مہدی کا آزاد کردہ غلام تھا) افسر ڈاک نے اپنے نائب سلام بن مسلم کو جو بغداد میں تھا اس واقعہ سے مطلع کیا اور وہ دار الخلافت میں حاضر ہو کر خلافت کی مبارکباد پیش کی اور بیعت کی۔ سب سے پہلے جس نے امین کو خلافت کی مبارکباد دی وہ یہی تھا۔ صالح بن ہارون الرشید نے بھی اپنے بھائی امین کی خدمت میں ایک خط خلافت کی مبارکباد اور وفات ہارون الرشید معرفت رجاء خادم کے روانہ کیا اور ساتھ ہی اس کے خاتم خلافت عصا اور چادر بھی بھیجا۔ جب یہ چیزیں امین کے پاس پہنچیں تو امین قصر سے جو قلعہ میں تھا آمد و رفت قصر خلافت میں آیا اور لوگوں کے ساتھ نماز جمعہ ادا کی۔ منبر پر اور حاضرین کو ہارون الرشید کی موت کی خبر سنا کر پہلے آپ اور لوگوں کی تعزیت کی۔ بعد ازاں تمام خاندان اور فوج نے بیعت کی۔ سلیمان بن منصور نے جو خلیفہ امین کے باپ اور ماں کا چچا تھا ہاشمیوں سے اور سندی کو عام لوگوں سے بیعت لینے پر مامور کیا۔ بغداد کی سپاہ کی دو برس کی روزینہ بطور بیعت دیا۔ اس کے بعد زبیدہ خاتون رقہ سے بغداد آ گئیں۔ خلیفہ امین مع سرداران سلطنت و امراء بغداد انبار تک ان کے استقبال کر کے لے آیا۔ زبیدہ ہی کے ساتھ خزانہ شاہی تھا۔

ہارون کے انتقال سے پہلے جس وقت کہ اس کی حالت ترقی پذیر ہو رہی تھی اس کے لشکرگاہ میں ایک خط بکر بن المعتمر کی معرفت امین نے اپنی بیعت لینے کی غرض سے روانہ کیا تھا۔ دوسرا خط مامون و قاسم کے نام بھی اسی مضمون کا بھیجا تھا اور تیسرا خط اپنے بھائی صالح کو اس مضمون کا لکھا تھا کہ مع لشکر و خزانہ اور مال و اسباب کے فضل کے مشورہ سے بغداد چلے آؤ ان خطوط کے علاوہ ایک خط فضل کے نام مال و اسباب اور شاہی خزانے کی حفاظت کے متعلق لکھا تھا اور یہ حکم کہ افسروں کو ان کے عہدوں پر بحال و برقرار رکھا جائے یعنی پولیس، ڈاک کا محکمہ اور حجابت وغیرہ۔ اتفاق سے اس کی اطلاع ہارون کو ہو گئی۔ بکر کو بلا کر آنے کا سبب دریافت کیا مگر اس نے صاف جواب دے دیا۔ ہارون کو شبہ پیدا ہوا اور اس کو قید کر دیا گیا تھے۔ جواب دہی کی غرض سے خلیفہ ہارون نے جھلا کر درے لگوا کر قید میں ڈال دیا۔ اس واقعہ کے بعد ہی ہارون کا انتقال ہو گیا۔ فضل بن ربیع نے بکر کو قید سے نکلوایا۔ بکر نے امین کے خطوط ان کے حوالہ کر دیئے۔ ان لوگوں نے خطوط پڑھ کر امین سے مل جانے کے متعلق مشورہ کیا۔ فضل بن ربیع نے ان لوگوں سے جو اس وقت لشکرگاہ میں تھے اس وجہ سے کہ ان لوگوں کو ... بچے وطن جانے کا اشتیاق تھا بغداد کی طرف کوچ کر دیا۔ اس نے اس کا کچھ خیال نہیں کیا کہ مامون کے عہد و پیمان

کر کے پس پشت ڈال دیا۔

مامون الرشید کا رد عمل: مامون الرشید کو اس کی اطلاع ہوئی تو اس نے اپنے باپ کے سپہ سالاروں عبداللہ بن مالک، یحییٰ بن معاذ، شبیب بن حمید بن قحطبہ وغیرہ کو جو ہارون کے ہمرکاب تھے ایک جلسہ میں جمع کیا۔ علاء مولیٰ ہارون، داروغہ (پولیس) عباس بن مسیب بن زہیر الضبی، ایوب بن ابی سمیر کاتب (سیکرٹری)، عبدالرحمن بن عبدالملک بن صالح اور ذوالریاستین فضل بن سہل مخصوص معتمدین میں سے تھے۔ حاضرین میں سے بعض نے یہ رائے دی کہ دو ہزار سوار بھیج کر فضل بن ربیع کو مع ان کے ہمراہیوں کے واپس بلوایا جائے۔ لیکن فضل بن سہل نے اس سے اختلاف کر کے مشورہ دیا کہ اگر ایسا ہوا تو خطرہ ہے کہ یہ لوگ آپ کو چھوڑ دیں۔ میرے نزدیک یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ آپ خط لکھ دیں کہ ان لوگوں کو اپنا عہد و میثاق اور اپنی بیعت کا حکم دیجئے اور بدعہدی اور نقض بیعت سے ڈرائیے"۔ مامون الرشید نے اس رائے کے مطابق کئی خطوط لکھ کر قاصدوں کے ہاتھ فضل بن ربیع وغیرہ کے پاس روانہ کیا۔

فضل بن ربیع کی مخالفت: فضل بن ربیع نے خط پڑھ کر کہا "میں بھی تو انہی لوگوں میں سے ہوں"۔ عبدالرحمن نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ ہم تو امیر المومنین کے اس حکم کی تعمیل کرتے ہیں جو انہوں نے ہم کو دیا تھا اور اگر ہم مامون کے پاس جاتے تو ہم کو ان کے بس میں کر دیا جاتا۔ ایک شخص نے عبدالرحمن کا دامن پکڑ لیا اور عبدالرحمن ہی کی بیعت کا دعویٰ کیا اور جان بچا کر مامون کے پاس واپس آ گئے اور تمام واقعات سے مطلع کیا۔

فضل بن سہل کا مشورہ: فضل بن سہل نے عرض کیا "امیر المومنین کا فضل ہوا کہ آپ خراسان میں اپنی دشمنوں کی دشمنی سے آپ ہر طرح محفوظ ہیں۔ پیچھے خراسان میں جتنے حکمران تھے ان کے بعد اپنے باپ کے لڑکے ہی سے امید ہے۔ عباسیہ خاندان میں اللہ تعالیٰ کی عنایت سے بہت جلد فتح یاب ہو جائیں گے اور آپ کے قبضہ میں ولایت کی بیعت کے ذمہ دار ہیں اور آپ کا نقصان ان کے بس میں نہیں ہے اور آپ کی بیعت کا حق ان لوگوں میں سے ہر ایک پر ہے۔ آپ کی خلافت کا ادا ہونا"۔ مامون نے کہا "ان شاء اللہ تعالیٰ میں تمہارے کہنے کے مطابق عمل کروں گا اور اس کا انتظام تمہارے سپرد کرتا ہوں"۔ فضل بن سہل نے عرض کیا "عبداللہ بن مالک اور دوسرے سرداروں کی بات بہ نسبت ان کے مجھ سے زیادہ آپ کے حق میں مفید ہوں گے اور میں ان میں سے ہر ایک کا جو ان کو کام کرنا ہو بتا دوں گا، لیکن مناسب ہے کہ آپ کے قبضہ میں آ جائے"۔ مامون نے ان کا یہ جواب سن کر فضل کو ان سے رخصت کیا اور کہا کہ دولت کی بیعت اور امین کی بیعت کا معاملہ بھی ہم سب نے ٹھیک کر دیا۔ فضل نے کہا کہ مامون کے پاس جو آئے وہ ٹھیک ہے۔ ان سے ملاقات کی اور مامون نے کہا اب جب کبھی تم کسی کام کا مشورہ دینا چاہو مجھ سے کہہ دیا کرو۔ فضل نے عرض کیا "میرے نزدیک مناسب یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ سب کاموں کا انتظام کر دیجئے اور جو کچھ ہو چکا اس کو بھول جائیے اور جو بات کہنی ہو اپنے منہ سے کہہ کر تمام کام کیجئے"۔

عہد ولی عہدی کی خلاف ورزی: امین نے اپنے باپ کی وفات کے بعد جب کہ مامون الرشید خراسان پر قابض تھا، اپنے بیٹے ...

[illegible] کی ولیعہدی کرنے کے بعد [illegible] خلافت [illegible] موسیٰ بن امین کی [illegible]
[illegible] خراسان [illegible] مامون [illegible] بھائی امین کے [illegible] کی۔

قاسم الموتمن کی معزولی ان واقعات کے بعد خلیفہ امین نے اپنی حکومت کے [illegible] اپنے بھائی [illegible] معزول کر دیا [illegible] دیا۔

حمص میں شورش [illegible] خلافت میں [illegible] حمص [illegible] قتل کیا [illegible] عبداللہ بن سعید [illegible] امین نے [illegible] حمص [illegible] کیا۔

رافع بن لیث ۱۹۰ھ میں [illegible] سمرقند میں [illegible] قبضہ کر لیا [illegible] رافع بن لیث [illegible] مامون [illegible] خلیفہ [illegible] ہیں۔

روم میں الیون کی تخت نشینی اسی زمانے میں [illegible] حکومت کے [illegible] تخت [illegible]

امین اور مامون کے مابین کشمکش اس وقت تک [illegible] بیعت اور خلافت [illegible] خلیفہ امین کی [illegible]

کے خلیفہ امین کو دم پٹی دینے لگا اور [illegible] اس کو اس امر پر تیار کر لیا کہ مامون کو ولی عہدی سے معزول کر کے موسیٰ بن امین کی ولی عہدی کی بیعت لی جائے۔ علی بن عیسیٰ بن ماہان اور سندی وغیرہ اور دیگر ان لوگوں نے جو مامون سے ذاتی مخالفت رکھتے تھے اس رائے سے موافقت کی مگر خزیمہ بن خازم اور امین کے بھائی عبداللہ نے اس سے مخالفت کی اور خلیفہ امین کو قسم دلا کر اس فعل سے باز رہنے اور دونوں کو [illegible] عہد [illegible] بیعت [illegible] نصیحت کی [illegible] خلیفہ امین اس امر پر برابر اصرار کرتا رہا۔ اسی [illegible] میں یہ تحریر کیا گیا [illegible] عباس بن [illegible] مامون [illegible] سے معزول کر [illegible] بازی کا [illegible] دے دی [illegible] لکھ کے نام کی درخواست کی [illegible] مامون نے اس کو [illegible] کے [illegible] اخباروں میں داخل کر [illegible]

[illegible] خلیفہ امین نے [illegible] اپنے بیٹے [illegible] مضمون [illegible] خطبوں میں مامون اور مؤتمن کے بعد [illegible] موسیٰ کے لئے دعا کی جائے۔ [illegible] امین کے نام کو [illegible] اس کے بعد خلیفہ امین نے عباس بن موسیٰ بن عیسیٰ [illegible] بن [illegible] صالح [illegible] اور محمد بن عیسیٰ بن نہیک کو مامون کے پاس یہ پیغام دے کر روانہ کیا کہ میرے بیٹے موسیٰ بن امین کی ولی عہدی کو اپنی ولی عہدی پر مقدم کر دو اور مجمع عام میں اس کا اظہار کر دو [illegible] وقت یہ لوگ مامون کے پاس پہنچے مامون نے امور خراسان کو [illegible] کر کے [illegible] مشورہ کیا۔ [illegible] نے [illegible] زبان ہو کر عرض کیا "ہم لوگوں نے آپ کی بیعت اس شرط سے کی تھی کہ آپ خراسان سے باہر تشریف نہ لے جائیں گے"۔ مامون نے خلیفہ کے وفد کو طلب کر کے اس درخواست کی منظوری سے انکار کر دیا [illegible] فضل بن سہل نے [illegible] عباس بن موسیٰ کو [illegible] کر لیا [illegible] خلیفہ [illegible] لکھتا رہتا تھا۔

مامون کی مشکلات [illegible] کے بعد خلیفہ امین نے مامون سے خراسان کے [illegible] کی درخواست کی اور یہ خواہش بھی ظاہر کی کہ خراسان میں [illegible] قبائل [illegible] ترکوں [illegible] مامون نے ان میں سے ایک بات بھی منظور نہ کیا اور [illegible] اس کے [illegible] مرحدی [illegible] اور خواص کو اپنی مخالفت کی غرض سے [illegible] کوئی شخص [illegible] خراسان میں نہ آ سکے [illegible] مامون کو [illegible] سے خائف [illegible] اپنے [illegible] کے مرحلے [illegible] تب [illegible] کا قصد کر لیا تھا [illegible] باقی [illegible] اور [illegible] ترک [illegible] مامون [illegible] فضل بن سہل نے یہ مشورہ دیا: "اپنے [illegible] سے [illegible] خاقان [illegible] اور بادشاہ کابل سے [illegible] تمام [illegible] کے خیال سے خراسان کے [illegible] ترک کا خراج معاف کر دیجئے اس انتظام کے بعد [illegible] کا لشکر [illegible] مقابلہ آئے گا اگر کامیابی حاصل ہو جائے تو [illegible] کے [illegible] ہو جائے گا۔"

موسیٰ کی ولی عہدی مامون نے اس رائے کو [illegible] نظر سے دیکھا اور [illegible] خلیفہ امین [illegible] کے [illegible] موسیٰ [illegible] فرمان [illegible] ایک [illegible]

ہوں چونکہ مجھے خلیفہ ہارون نے اس سرحد پر قیام کرنے کی ہدایت کی تھی اور یہاں کی حفاظت پر مامور فرمایا تھا اور میرے یہاں قیام پذیر رہنے سے بڑا دشمنوں کا فتنہ دبا ہے اس وجہ سے میں حاضر نہیں ہو سکتا میری اس غیر حاضری کو معاف فرما دیجئے کاش آپ کا حاضر رہنا [illegible] مستحق ہوں۔" خلیفہ امین کے خیالات یہ خط پڑھنے سے تبدیل ہو گئے اور [illegible] ذہن میں تلخی ہو گئی اور مامون سے بڑی مخالفت کرنے لگا چنانچہ اس نے اوائل ۱۹۵ھ میں مامون کو ولی عہدی سے معزول کر کے اپنے بیٹے (موسیٰ) کو ولی عہد کی بیعت لے لی اور الناطق بالحق کے لقب سے ملقب کیا اس تاریخ سے مامون اور موتمن کے نام خطبہ سے نکال دیئے گئے اور سکوں پر ان کا ذکر مٹا دیا گیا۔

خلیفہ امین نے اپنے بیٹے موسیٰ کو ولی عہد مقرر کرنے کے بعد علی بن عیسیٰ کی تولیت میں دیا اور محمد بن عیسیٰ بن نہیک کو اس کی پولیس پر، عثمان بن عیسیٰ بن نہیک کو اس کی پاسبانی کا داروغہ اور علی بن صالح صاحب مصلیٰ کو اس کے اخراجات پر مامور کیا۔ اس کارروائی کے بعد خلیفہ نے اپنے دوسرے بیٹے عبداللہ کو بھی موسیٰ کے بعد ولی عہد بنایا۔ چنانچہ خطبہ میں پہلے امین کا نام لیا جاتا تھا بعد ازاں موسیٰ اور عبداللہ کے لئے دعا کی جاتی تھی۔ عبداللہ کو القائم بالحق کا لقب دیا تھا۔

عہد نامہ کی بے حرمتی: خانہ کعبہ سے وہ عہد نامے غصب کر کے چاک کر ڈالے گئے جو امین، مامون اور موتمن کی ولی عہدی کے متعلق تھے اور جن کو خلیفہ ہارون نے خانہ کعبہ میں آویزاں کر دیا تھا۔ مامون نے جاسوسوں سے جو بغداد میں تھے ان تمام واقعات سے مامون کو مطلع کیا۔ مامون نے کمال ہوش سے کام لیا اور ارشاد کیا "جن امور کی اطلاع تم جاسوسوں نے دی ہے اس سے مجھے یقین ہو گیا ہے کہ مجھے میرا حق دینے کے لئے خواہاں نہیں ہیں۔" ان اتفاقات فضل بن سہل کو لشکر [illegible] رے کے پاس انتظامات حفاظت اور سرحد محفوظ کرنے کے لئے روانہ کیا۔ فضل بن سہل نے اپنی فوج انتظامی سے فوج نکالی۔ معاملہ اطراف رے میں جس قدر جنگ آزمودہ سپاہی تھے سب کو جمع کیا۔ بعد ازاں طاہر بن حسین بن مصعب بن زریق بن اسعد خزاعی نے [illegible] کو امیر لشکر مقرر کر کے لشکر رے کی طرف روانہ کیا اور دوسرے اطراف میں نامور سپہ سالاروں اور عزت مآب فوجیوں کو بھیجا [illegible] سے لشکر کو ترتیب دے کر کوچ کیا اور مرو سے مقرر ہوئے تھے خلیفہ امین نے بھی عصمت بن حماد بن سالم کو ایک ہزار سپاہیوں کی جمعیت سے ہمدان کی طرف روانہ کیا اور یہ حکم دیا کہ تم ہمدان میں ٹھہرنا اور اپنے مقدمۃ الجیش ساوہ تک بھیجنا۔

امین اور مامون کی خانہ جنگی: ان واقعات کے بعد خلیفہ امین نے علی بن عیسیٰ بن ماہان کو خراسان کی جانب مامون سے جنگ کرنے کو روانہ کیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ فضل بن ربیع و [illegible] نے علی بن عیسیٰ بن ماہان کی والی پر اس وجہ سے آمادہ کیا تھا کہ اہل خراسان ان سے دلی عزت رکھتے تھے اور یہ بھی توقع تھی کہ اہل خراسان ان کے مقابلہ میں نہیں آئیں گے اور زیر کرنے تھے اور بعض کا بیان ہے کہ اہل خراسان نے علی بن عیسیٰ بن ماہان کے پاس بہت سے خطوط اس مضمون کے بھیجے تھے کہ "آپ اگر ہم پر لشکر لے کر آئیں گے تو ہم لوگ فوراً آپ کی اطاعت قبول کر لیں گے۔" خلیفہ امین نے اسی بنا پر ابن ماہان کو [illegible] کا علم دے دیا اور [illegible] نہاوند، ہمدان، قم، اصفہان اور جبل کی [illegible]

۱؎ یہ واقعہ ۱۹۵ھ کا ہے [illegible]

[illegible]

علی بن عیسیٰ اور طاہر کی جنگ [illegible]

[illegible]

طاہر نے بھی اپنی فوج کو متعدد دستوں میں تقسیم کر کے جنگ کرنے کی ترغیب دی اور صبر و استقلال سے لڑنے کی ہدایت کی۔

علی بن عیسیٰ کی شکست: اتفاق سے صف آرائی کے وقت طاہر کے ہمراہیوں میں سے ایک گروہ علی بن عیسیٰ کے پاس چلا گیا علی بن عیسیٰ کے اس فعل سے طاہر کے باقی ہمراہی ڈر رہے اور جنگ میں بزدلی کرنے لگے تو احمد بن ہشام کے مشورہ سے طاہر نے قبل آغاز جنگ علی بن عیسیٰ میں کے لشکر والوں امر سے اور بے دلی پھیلا دی کہ عہد نامہ کو جس میں مامون کی بیعت کا تذکرہ تھا دونوں لشکروں کے درمیان نیزہ پر آویزاں کر کے علی بن عیسیٰ اور اس کے ہمراہیوں کو مامون کے عہد و پیمان کو یاد دلایا اور عواقب بدعہدی اور نقض بیعت سے ڈرایا۔ اس کے بعد لڑائی چھڑ گئی۔ پہلے علی کے میمنہ نے طاہر کے میسرہ پر حملہ کیا جس سے طاہر کے میسرہ کو شکست ہوگئی پھر دوبارہ علی کا میسرہ طاہر کے میمنہ پر حملہ آور ہوا اور اس کو بھی اس کے مورچہ سے ہٹا دیا طاہر نے اپنی رکاب کی فوج اور ہمراہیوں کو اپنی پرجوش تقریر سے ابھار کر علی کے قلب لشکر پر حملہ کر دیا پہلے ہی حملہ میں علی کے قلب کو شکست ہوگئی طاہر کا میمنہ و میسرہ اپنے ہمراہیوں کو کامیاب دیکھ کر لوٹ پڑا جس سے طاہر کے ہمراہیوں کی قوت بڑھ گئی اور ہمراہیان علی شکست کھا کر بھاگ کھڑے ہوئے علی ان کو بلند آواز سے واپس بلانے لگا۔ اسی اثناء میں طاہر کے ہمراہیوں میں سے کسی نے ایک تیر ایسا مارا کہ علی کے گلے میں جا کر ترازو ہوگیا علی نے زمین پر گر کر دم توڑ دیا اس شخص نے بڑھ کر سر اتار لیا اور لاش کو ایک لکڑی پر لٹکا کر طاہر کے پاس لے آیا اور اس کے حکم سے ایک کنوئیں میں پھینک دیا۔ کامیابی کے بعد طاہر نے باری تعالیٰ کے حضور میں دعا کی اور فتح کے شکرانہ میں کل غلاموں کو آزاد کر دیا اور اس کے ہمراہیوں نے علی کے لشکر کا دو فرسنگ تک تعاقب کیا۔ اس تعاقب میں بار بار لڑائی ہوئی۔ لڑائی میں طاہر کے ہمراہی ان کو قتل و قید کرتے تھے تا آنکہ فتح مند اور منہزم گروہ میں رات حائل ہوگئی جس سے فتح مند گروہ تعاقب سے رک گیا اور منہزم قتل و قید ہونے سے بچ گئے۔

نامہ بشارت: خاتمہ جنگ اور فتح یابی کے بعد طاہر رے میں واپس آیا اور فتح کا اطلاع نامہ بتوسط فضل بن سہل مامون کی خدمت میں روانہ کیا۔ جس کی یہ عبارت تھی:

> "بسم اللہ الرحمن الرحیم كتابي الى امير المؤمنين وراس علي بن عيسى بين يدي وخاتمه في اصبعي وجنده منصرف تحت امري والسلام:"
>
> "بسم اللہ الرحمن الرحیم یہ عریضہ امیر المومنین کے نام روانہ کرتا ہوں درانحالیکہ علی کا سر میرے روبرو ہے اور اس کی انگوٹھی میری انگلی میں ہے اور اس کا لشکر میرے ماتحت ہے۔ والسلام"۔

تین دن کے عرصہ میں یہ خط ڈاک کے ذریعہ سے خراسان پہنچا فضل بن سہل خط لئے ہوئے مامون کی خدمت میں حاضر ہوا اور کامیابی کی خوشخبری سنائی مبارکباد دی امراء اور ارکان دولت حاضر ہوئے اور شاہی سلام کیا اس کے دو دن کے بعد علی کا سر بھی آ گیا جسے تمام خراسان میں پھرایا گیا۔

امین کو بھی علی بن عیسیٰ کے مارے جانے اور لشکر کی شکست کے حال سے آگاہی ہوئی فضل بن ربیع نے مامون کے وکیل (نوفل خادم) کو طلب کر کے جو کچھ اس کے قبضہ میں مال و اسباب تھا ضبط کر لیا جس کی قیمت پانچ لاکھ تھی جو خلیفہ ہارون کی وصیت کے مطابق دیا گیا تھا۔ اس واقعہ سے امین کو خوف اور بے حد پریشانی ہوئی لشکریوں اور سپہ سالاروں نے اپنی تنخواہوں اور روزینہ کا شور و غل مچایا۔ عبداللہ بن حازم نے بزور تیغ ان کو خاموش کرنے کا قصد کیا لیکن امین نے عبداللہ کو منع کر

کے ان لوگوں کی تنخواہیں اور روزینے تقسیم کر دیئے۔

ابن جبلہ کی روانگی: علی بن عیسیٰ کے قتل کے بعد امین نے عبدالرحمٰن بن جبلہ انباری کو بیس ہزار سواروں کی جمعیت کے ساتھ طاہر سے جنگ کرنے کے لئے ہمدان کی طرف روانہ کیا۔ ہمدان اور کل بلاد خراسان کی جن کو ابن جبلہ فتح کرے ان کی سند تقرری مرحمت فرمائی۔ علاوہ اس کے مال و اسباب اور بہت سا سامان جنگ بھی دیا۔ غرض ابن جبلہ دارالخلافت بغداد سے روانہ ہو کر ہمدان پہنچا اور اس کی قلعہ بندی کر لی

ہمدان کا محاصرہ: طاہر یہ خبر پا کر اپنا لشکر ظفر پیکر لئے ہوئے ہمدان پر جا پہنچا۔ ابن جبلہ نے ہمدان سے نکل کر مقابلہ کیا مگر طاہر نے اس کو پہلے ہی حملہ میں شہر پناہ کی طرف پسپا کر دیا۔ پھر دوبارہ عبدالرحمٰن بن جبلہ اپنی فوج کو مرتب کر کے میدان جنگ میں آیا اور طاہر سے شکست کھا کر شہر کی طرف بھاگا۔ طاہر نے شہر ہمدان کا محاصرہ کر لیا۔ اہل شہر کو طول محاصرہ سے ہر طرح کی تکلیفیں ہونے لگیں۔

ہمدان اور قزوین پر قبضہ: عبدالرحمٰن نے اس خوف سے کہ مبادا اہل شہر طول محاصرہ کی وجہ سے باغی نہ ہو جائیں، طاہر سے امان طلب کر کے ہمدان چھوڑ دیا۔ طاہر نے اس واقعہ سے پہلے محاصرہ کے وقت ہمدان اس خطرہ کو پیش نظر کر کے کہ والی قزوین دوسری جانب سے حملہ نہ کرے، ایک ہزار سواروں کو لے کر قزوین پر حملہ کر دیا تھا۔ عامل قزوین اس خبر سے مطلع ہو کر بھاگ گیا تھا اور طاہر نے اس پر قبضہ کر لیا تھا۔ اس کے بعد طاہر نے ہمدان اور کل بلاد جبل پر کامیابی کے ساتھ قبضہ کر لیا۔

ابن جبلہ کا خاتمہ: ایک مدت تک عبدالرحمٰن بن جبلہ بے خوف و خطر جہاں چاہتا تھا آتا جاتا تھا۔ طاہر کے امان دینے کی وجہ سے کوئی شخص معترض نہ ہوتا تھا۔ جب اس کو طاہر اور اس کے ہمراہیوں کی طرف سے اطمینان کامل ہو گیا تو ایک روز اپنے ہمراہیوں کو جمع کر کے بحالت غفلت حملہ کر دیا۔ طاہری فوج کمال ہمت سے تیار ہو کر مقابلہ پر آ گئی اور جنگ کا بازار گرم ہو گیا۔ فریقین جی توڑ توڑ کر ایک دوسرے پر حملے کرنے لگے۔ بالآخر عبدالرحمٰن کے ہمراہی میدان جنگ سے منہ موڑ کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ عبدالرحمٰن مارا گیا اور اس کے شکست خوردہ ہمراہی بھاگ کر عبداللہ و احمد پسران حرشی کے پاس پہنچے جن کو امین نے سرافسری ایک عظیم الشان لشکر کے ساتھ عبدالرحمٰن کی کمک پر روانہ کیا تھا مگر طاہر کا خوف ان کے دلوں پر ایسا قائم ہوا کہ بغیر کسی جنگ و جدال کے بغداد کی طرف بھاگ گئے۔ طاہر پے بہ پے شہروں اور قلعوں پر قبضہ کرتا ہوا حلوان پہنچا اور حلوان کے چاروں طرف خندق کھدوا کر مورچے قائم کئے اور اپنی فوج کو مرتب کر کے جنگ میں مصروف ہوا۔

مامون کی بیعت: اس واقعہ کے بعد ہی مامون نے منبروں پر اپنے نام کا خطبہ پڑھے جانے اور امیر المومنین کے لقب سے مخاطب کئے جانے کا حکم صادر کیا اور فضل بن سہل کو کل ممالک مشرقی یعنی ہمدان سے تبت تک طولاً اور بحر فارس سے بحر دیلم و جرجان تک عرضاً سب کے سیاہ و سفید کرنے کا اختیار دے دیا اور ایک نیزہ جس کی دو شاخیں تھیں فضل کے لئے ایک نشان مقرر کیا اور ذوالریاستین (یعنی صاحب سیف و قلم) کا مبارک لقب دیا اور حرب کا منتظم علی بن ہشام کو بنایا اور نعیم بن خازم کے سپرد قلمدان وزارت کیا۔ اس کے بھائی حسن بن سہل کو دیوان الخراج کی افسری دی گئی۔

سفیانی کا ظہور: سفیانی کا نام علی بن عبداللہ بن خالد بن یزید بن معاویہ تھا۔ نفیسہ بنت عبداللہ بن عباس بن علی بن ابی طالب اس کی ماں تھیں۔ ابوالعمیطر اس کی کنیت تھی کیونکہ اس کا یہ خیال تھا کہ کنیت حردون کی ہے لوگوں نے اس کو اسی لقب

سے ذکر کرنا شروع کیا۔ یہ اکثر کہا کرتا تھا کہ میں شیخین صفین (یعنی علی و معاویہؓ) کا بیٹا ہوں۔ سرزمین شام میں یہی ایک شخص بنو امیہ کا باقی رہ گیا تھا جو ذی علم اور صاحب روایت تھا۔ آخر ۱۹۵ھ میں خلافت و سلطنت کا دعوے دار ہوا۔

دمشق پر قبضہ: خطاب بن وجہ الفلس نے (جو بنو امیہ کا آزاد کردہ غلام تھا) جو صیدا پر متصرف تھا۔ اس کی حمایت کی جس سے سفیانی کی قوت بڑھ گئی اور اس نے سلیمان بن منصور کے قبضہ سے دمشق کو نکال لیا۔ اس کے اکثر ہمراہی قبیلہ کلب کے تھے۔ دمشق پر قبضہ کرنے کے بعد سفیانی نے محمد بن صالح بن بیہس کلابی کے پاس ایک خط روانہ کیا جس میں اطاعت قبول کرنے کی صورت میں انعامات و صلے دینے کا وعدہ کیا اور سرکشی کی صورت میں قتل و غارت کی دھمکی دی تھی۔ محمد بن صالح نے اس کا کچھ جواب نہ دیا۔ سفیانی نے قیسیہ کا قصد کیا قیسیہ نے محمد بن صالح سے اعانت طلب کی۔ چنانچہ محمد بن صالح تین سو سواروں کے ساتھ پہنچا جس میں اکثر و بیشتر اس کے موالی اور احباب تھے۔ سفیانی نے یزید بن ہشام کو سات ہزار کی جمعیت کے ساتھ اس کے مقابلہ پر روانہ کیا۔ فریقین میں لڑائی ہوئی۔ یزید کی فوج میدان جنگ سے بھاگ کھڑی ہوئی۔ تقریباً دو ہزار آدمی مارے گئے اور تین ہزار گرفتار کر لئے گئے جن کو ابن بیہس نے سر اور داڑھی منڈوا کر رہا کر دیا۔

سفیانی کی شکست: اس کے بعد سفیانی نے ایک لشکر مرتب کر کے اپنے بیٹے قاسم کے ہمراہ ابن بیہس کے مقابلہ پر روانہ کیا اس معرکہ میں بھی سفیانی کے ہمراہیوں کو شکست ہوئی۔ اثناء جنگ میں قاسم کام آ گیا اس کا سر اتار کر امین کی خدمت میں بھیج دیا گیا۔ سفیانی کو اس اطلاع ہوئی تو اس نے پھر لشکر فراہم کر کے بسرکردگی اپنے آزاد غلام معتمر کے میدان جنگ میں بھیجا اس مرتبہ بھی سفیانی کے ہمراہیوں کو شکست ہوئی اور معتمر مارا گیا۔ ان واقعات سے سفیانی کے کاموں میں ضعف آ گیا قیسیہ نے اس سے فائدہ اٹھانا چاہا بعد ازاں ابن بیہس بیمار ہو گیا رؤسائے نمیر کو جمع کر کے وصیت کی کہ "تم لوگ مسلمہ بن یعقوب بن علی بن محمد بن سعید بن مسلمہ بن عبدالملک کی خلافت کی بیعت کر لو اور اس ذریعہ سے سفیانی پر کامیابی حاصل کرو کیونکہ بغیر اس حیلے کے تم سرسبز نہ ہو سکو گے۔ بنو نمیر نے اس وصیت پر عمل کرنے کا وعدہ کیا ابن بیہس ان لوگوں سے رخصت ہو کر حوران چلا آیا اور بنو نمیر نے جمع ہو کر مسلمہ بن یعقوب کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔

سفیانی کا فرار: مسلمہ بن یعقوب بنو نمیر کی بیعت کرنے سے بامراد ہو گیا اپنے خاندان اور موالی کو جمع کر کے سفیانی کے مکان پر آ پڑا اور اس کو مع اور دوسرے بنو امیہ کے قید کر لیا اور قیسیہ کو اپنے مقربین اور مستقل مشیروں میں داخل کر لیا۔ اس اثناء میں ابن بیہس نے شفا پائی اور لشکر مرتب کر کے دمشق کا محاصرہ کر لیا قیسیہ نے محرم ۱۹۸ھ میں دمشق کو ابن بیہس کے حوالے کر دیا۔ مسلمہ و سفیانی عورتوں کا لباس پہن کر مزہ کی جانب بھاگ گئے اسی وقت سے ابن بیہس دمشق پر متصرف اور قابض ہو گیا تا آنکہ عبداللہ بن طاہر دمشق کی طرف آیا مصر گیا پھر مصر سے واپس ہو کر دمشق آیا اور ابن بیہس کو اپنے ہمراہ عراق لے گیا ابن بیہس نے وہیں وفات پائی۔

اسد بن یزید کی شرائط: عبدالرحمن بن جبلہ کے قتل ہونے پر دربار خلافت بغداد میں تہلکہ پڑ گیا فضل بن ربیع نے اسد بن یزید بن مزید کو طلب کر کے جنگ طاہر پر جانے کی استدعا کی اسد حیرت زدہ ہو کر فضل بن ربیع کا منہ تکنے لگا فضل بن ربیع نے تسلی و تشفی دی اور اس کی خدمات اور کارگزاریوں کا ذکر کر کے بہادری، مردانگی اور قربانی داری کی تعریف کی اسد نے کہا

"مجھے جنگ طاہر پر جانے میں کچھ عذر نہیں ہے۔ میں آپ کا اور امیرالمومنین کا مطیع ہوں مگر لڑائی بغیر لشکر کے نہیں ہو سکتی اور لشکر بغیر سامان اور روزینہ کے نہیں لڑ سکتا۔ آپ میرے لشکریوں کے لئے ایک سال کا روزینہ مرحمت فرمایئے۔ ناتوان اور ضعیفوں کو چھانٹ دیجئے تو ان کی جگہ آزمودہ اور بہادر سپاہیوں کو میرے ہمراہ کیجئے علی الخصوص میرے ہمراہیوں میں سے ایک ہزار سپاہیوں کو مال و زر دے کر ان کی بیماری افلاس کو دور کر دیجئے اور ہاں ایک شرط اور ہے کہ جتنے شہر میں فتح کروں ان کا کچھ حساب و کتاب مجھ سے نہ طلب کیجئے گا"۔ فضل بن ربیع بولا "تمہاری شرطیں ناجائز ہیں میں امیرالمومنین کے مشورے کے بغیر ان کا جواب نہیں دے سکتا"۔

اسد بن یزید کی اسیری: فضل بن ربیع اس قدر کہہ کر امین کی خدمت میں حاضر ہوا اور تمام حالات عرض کئے امین نے جھلا کر اسد بن یزید کو جیل بھیج دیا اور بعض کا یہ بیان ہے کہ اسد نے مامون کے دونوں لڑکوں کو جو بغداد میں اپنی ماں دختر ہادی کے پاس تھے طلب کیا تھا کہ میں ان کو اپنے ساتھ خراسان لے جاؤں گا اور یہ دھمکی دی تھی کہ اگر تم نے اطاعت کی تو فبہا تمہارے لڑکے تم کو مبارک ورنہ میں ان کو قتل کروا دوں گا"۔ امین نے غضبناک ہو کر قید کر دیا۔ عبداللہ بن حمید بن قحطبہ کو طلب کر کے جنگ طاہر پر جانے کو کہا اس نے بھی اسد کی طرح شرطیں پیش کیں تب احمد بن مزید کو طلب کر کے اسد کے بھیجنے کی معذرت کی اور جنگ طاہر پر روانہ ہونے کا حکم صادر کیا۔

لشکر کی بغیر جنگ واپسی: فضل بن ربیع نے حسب حکم خلیفہ امین بیس ہزار سواروں کی جمعیت کے ساتھ احمد بن مزید کو روانہ کیا۔ روانگی کے وقت احمد نے اسد کی سفارش کی خلیفہ امین نے رہا کر دیا احمد بن مزید کی روانگی کے بعد عبداللہ بن حمید بھی اجازت حاصل کر کے دوسری سمت بڑھا۔ فوج کے ہمراہ لشکر احمد ہی کے ساتھ روانہ ہو گیا۔ رفتہ رفتہ یہ دونوں حلوان پہنچے اور خانقین میں پڑاؤ ڈال دیا طاہر بھی خبر پا کر ان کے مقابلہ پر آ گیا اور جاسوسوں اور مخبروں کو احمد و عبداللہ کے لشکر میں بھیس بدل کر پھیلا دیا ان لوگوں نے ان کے لشکرگاہ میں داخل ہو کر یہ خبر اڑانا شروع کی کہ "بغداد میں اختلال ہو گیا ہے لشکریوں کی تنخواہیں بند ہو گئیں۔ لشکر پریشان پھر رہے ہیں جہاں جو پاتے ہیں اس پر قبضہ کر لیتے ہیں"۔ اس خبر کے پھیلنے سے احمد و عبداللہ کی لشکرگاہ میں تشویش پھیل گئی کوئی اس خبر کی موافقت کرتا تھا اور کوئی مخالفت غرض رفتہ رفتہ آپس میں اس کی بحث اس درجہ بڑھ گئی کہ آپس ہی میں متصادم ہو گئے اور بلا جدال و قتال بغداد کو واپس گئے۔ پھر کیا تھا طاہر بڑھ کر حلوان پر جا اترا اسی اثناء میں ہرثمہ مع ایک لشکر جرار کے مامون کا فرمان لئے ہوئے آ پہنچا طاہر نے فرمان کو آنکھوں سے لگا کر بوسہ دیا اور اس کے مطابق اپنے کل مفتوحہ بلاد ہرثمہ کے سپرد کر کے اہواز کی طرف چلا گیا۔

عبدالملک بن صالح کی وفات: ہم اوپر بیان کر آئے ہیں کہ خلیفہ ہارون نے عبدالملک بن صالح کو جیل بھیج دیا تھا چنانچہ یہ اس زمانہ سے جیل ہی میں رہا تا آنکہ خلیفہ ہارون کی وفات ہوئی اور امین تخت خلافت پر رونق افروز ہوا امین نے تخت خلافت پر متمکن ہوتے ہی عبدالملک[2] کو رہا کر دیا جس وقت طاہر کا معاملہ پیش آیا۔ عبدالملک نے دربار میں حاضر ہو کر گزارش کی کہ "امیرالمومنین اہل شام کو جنگ طاہر پر مامور فرمایئے یہ لوگ اہل عراق سے زیادہ جری اور دشمنان خلافت

---

[1] یہ ہم نے تاریخ کامل صفحہ ۱۰۴ جلد ششم سے مختصراً لکھا ہے۔ ابن خلدون کی عبارت ناقص ہے۔ مترجم

[2] یہ واقعہ ذیقعدہ ۱۹۳ھ کا ہے تاریخ کامل جلد ششم صفحہ ۱۰۲۔

بتانے کے لئے کس قدر تیار ہیں اور یہی ان کی خدمت کا موقع ہے۔ چنانچہ امین نے اس بنا پر عبدالملک کو شام و جزیرہ کی سند گورنری مرحمت فرمائی اور بہت سا مال و اسباب خلعت عنایت کر کے رخصت کیا۔ عبدالملک دربار خلافت سے روانہ ہو کر رقہ پہنچا اور رؤسائے شام سے خط و کتابت شروع کی۔ رؤسائے شام اپنی جمعیتیں لے کر ایک ایک دو دو کر کے عبدالملک کے پاس آنے اور حسب خاطر ترقی خدمت قبول کرتے گئے۔ عبدالملک بھی ان لوگوں کو نہایت عطا اور خلعتیں دیتا جاتا تھا تھوڑے ہی دنوں میں شامیوں کا ایک بہت بڑا لشکر ان کے پاس مرتب ہو گیا۔ اسی زمانہ میں اتفاق سے عبدالملک علیل ہوا اور روز بروز اس کا مرض بڑھتا گیا۔ ادھر اس کے لشکر میں خراسانیوں اور اہل شام کے درمیان ایک سبب سے نزاع پیدا ہوئی کہ جنگ علی بن عیسیٰ میں شامیوں نے ایک خراسانی کا ایک جانور پکڑ لیا تھا۔ اتفاق سے اسی جانور کو ان خراسانیوں میں سے ایک شخص نے کسی شامی کے پاس دیکھ لیا تھا اس نے اس شامی سے جھگڑا شروع کیا اور باتوں باتوں میں جنگ و جدال کی نوبت پہنچ گئی۔ عبدالملک نے یہ خبر سن کر جنگ سے روکا مگر [illegible] آخر اہل شام کے ہاتھ سے بہت سے خراسانی قتل ہوئے [illegible] حسین بن علی خراسانیوں کو لے کر بغداد کی طرف آیا۔ عبدالملک نے رقہ ہی میں انتقال کیا۔

امین کی معزولی و بحالی عبدالملک بن صالح کے مرنے کے بعد حسین بن علی نے لشکر میں بغداد کی طرف کوچ کرنے کی منادی کرا کر کوچ کر دیا اور بغداد پہنچا۔ [illegible] امین نے حسین کو طلب کیا۔ حسین بن علی نے جانے سے انکار کر دیا [illegible] لوگوں کو جمع کر کے امین کی معزولی [illegible] امین کے قصر سے [illegible] کر کے قصر منصور میں قید کر دیا۔ یہ واقعہ ماہ رجب ۱۹۶ھ کا ہے۔

اس واقعہ کے دوسرے روز حسین بن علی نے مامون کی خلافت کی بیعت لی اور امین کو معزول کر کے قصر خلافت پر قبضہ کر لیا اور امین کو قصر منصور میں قید کر دیا۔ ان کے ساتھ ان کی ماں زبیدہ بھی تھی۔ اگلے روز صبح ہوتے ہی لوگوں نے حسین بن علی سے اپنے اپنے روزینے طلب کئے [illegible] نے کھڑے ہو کر کہا کہ حسین نے کس سبب سے مامون کی بیعت کی اور امین کو معزول کر کے قید کیا [illegible] حسین بن علی [illegible] بغداد [illegible] مقابلہ ہوا [illegible] حسین گرفتار ہو کر امین کے سامنے پیش کیا گیا [illegible] امین کو قصر منصور سے نکال کر دوبارہ تخت خلافت پر بٹھایا [illegible] تخت خلافت پر متمکن ہو گیا۔

حسین بن علی کا قتل حسین باریاب دربار خلافت میں حاضر ہوا۔ امین نے سخت ملامت کی۔ حسین نے اپنی معذرت پیش کی۔ امین نے حسین کو معاف کر کے لشکر مرتب کرنے اور جنگ طاہر پر جانے کا حکم دیا۔ حسین نے ایک

گراں بہا خلعت مرحمت فرما کر اور انعامات کے علاوہ اپنے تمام ملک عرب کا گورنر مقرر کر کے کمال احترام سے رخصت کیا۔ لوگ مبارکباد دیتے ہوئے پل تک آئے جب لوگوں کا مجمع کم ہو گیا تو حسین پل کو عبور کر کے بھاگ کھڑا ہوا امین نے حسین کے تعاقب پر سواروں کا لشکر متعین کیا چنانچہ بغداد سے ایک فرسنگ کے فاصلہ پر یہ لوگ حسین سے جا ملے ایک خفیف سی لڑائی ہوئی حسین مارا گیا اس کا سر اتار کر امین کے پاس لایا گیا۔ اسی واقعہ کے بعد فضل بن ربیع ایسا روپوش ہو گیا کہ اس کی اطلاع کسی کو کانوں کان نہ ہوئی۔

طاہر کی کارگزاریاں: جس وقت مامون کا فرمان والا شان مشہور ہو گیا اہواز طاہر کے پاس صادر ہوا طاہر نے حسین بن عمر رستمی کو اہواز کی جانب روانہ کیا اور خود بھی اس کے بعد ہی اہواز کی طرف کوچ کر دیا۔ اثنائے راہ میں اس کے مخبروں نے آ کر یہ خبر دی کہ خلیفہ امین کی طرف سے محمد بن یزید بن حاتم ایک عظیم الشان لشکر لئے ہوئے طاہر اور اس کے ہمراہیوں کے پیچھے [illegible] سے اہواز کو بچانے کے لئے بڑھا آ رہا ہے۔ طاہر نے اپنے ہمراہیوں میں سے محمد بن طالوت، محمد بن علاء اور عباس بن بخارا کو زبردست فوج کے ساتھ رستمی کی کمک پر مامور کیا اور یہ حکم دیا کہ نہایت تیزی سے مسافت طے کر کے رستمی کے لشکر سے جا ملو اور پھر ان لوگوں کی معیت میں قریش بن شبل کو بھیجا اور خود بھی کوچ کر کے ان لوگوں کے قریب پہنچ گیا محمد بن یزید کا لشکر عسکر مکرم میں پڑا ہوا تھا طاہر کا لشکر قریب آ جانے سے محمد بن یزید کے ہمراہیوں نے یہ رائے دی کہ کھلے میدان میں لڑنے سے زیادہ مناسب ہے کہ اہواز واپس چلئے اور وہیں سے قلعہ بندی کر کے جنگ کیجئے تاکہ بصرہ سے آپ کی قوم (ازد) آ جائے۔

اہواز پر قبضہ: محمد بن یزید نے اس مشورہ کے مطابق اہواز کی جانب مراجعت کی ادھر طاہر نے قریش بن شبل کو محمد بن یزید کے تعاقب پر مامور کر کے یہ حکم دیا کہ اہواز کی قلعہ بندی سے پیشتر محمد بن یزید کے ہمراہیوں کو مع اس کے ہمراہیوں کے گرفتار کر لو۔ اس میں قریش کو کامیابی نہ ہوئی۔ محمد بن یزید قریش کے پہنچنے سے کئی روز پہلے اہواز پہنچ گیا اور جب قریش اہواز کے قریب پہنچا تو محمد بن یزید لشکر آراستہ کر کے مقابلہ پر آیا اور نہایت سخت لڑائی ہوئی محمد بن یزید کے ہمراہیوں کے قدم میدان جنگ سے اکھڑ گئے لیکن محمد اور اس کے جان نثار غلاموں نے مرنے پر کمریں باندھ لیں اور داد مردانگی دے کر میدان جنگ پر تلواروں کے سایہ کے نیچے جان بحق تسلیم کر دی۔

واسط، کوفہ اور بصرہ پر قبضہ: جنگ کے خاتمہ پر طاہر نے اہواز پر قبضہ کر کے یمامہ، بحرین اور عمان پر اپنی طرف سے والی مقرر کئے بعد ازاں واسط کا قصد کیا ان دنوں واسط میں سندی بن یحییٰ حرشی اور ہیثم بن شعبہ (خزیمہ بن خازم کا نائب) تھا یہ دونوں طاہر کی آمد کی خبر سن کر بھاگ گئے۔ طاہر نے واسط پر بلا مزاحمت و مقاومت قبضہ کر کے اپنے سپہ سالاروں میں سے ایک سپہ سالار کو کوفہ کی جانب روانہ کیا کوفہ کی گورنری پر عباس بن ہادی کا تقرر تھا اس نے فوراً خلیفہ امین کی معزولی کا اعلان کر کے مامون کی خلافت کی بیعت کر لی اور طاہر کے پاس ایک اطلاعی تحریر لکھ کر بھیج دیا۔ منصور بن مہدی گورنر بصرہ اور مطلب بن عبداللہ بن مالک گورنر موصل نے بھی بصرہ و موصل میں اسی کا اتباع کیا۔ طاہر نے سب کو ان کے عہدوں پر بحال

۱۔ یہ واقعہ [illegible] ۱۹۶ھ کا ہے۔ [illegible] مطبوعہ مصر۔

۲۔ یہ واقعہ ماہ رجب ۱۹۶ھ کے [illegible] تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۶ صفحہ ۱۰۱ مطبوعہ مصر۔

رکھا۔ حرث بن ہشام اور داؤد بن موسیٰ کو قصر ابن ہبیرہ کی جانب روانگی کا حکم دیا اور خود جرجرایا میں خیمہ زن رہا۔

مدائن پر قبضہ: ان واقعات کی خبریں خلیفہ امین کو پہنچیں تو اس نے اپنے نامور سپہ سالار محمد بن سلیمان اور محمد بن حماد بربری کو قصر ابن ہبیرہ کی طرف روانہ کیا۔ حرث اور داؤد ہم طرح بہ طرح گھمسان جنگ میں لڑنے کو آئے اور نہایت سختی سے لڑ کر محمد بن سلیمان اور محمد بن حماد کو بغداد کی جانب پسپا کر دیا۔ انہیں دنوں خلیفہ امین نے فضل بن موسیٰ کو کوفہ بھیجا تھا۔ طاہر نے اس سے مطلع ہو کر محمد بن علاء کو ایک لشکر جرار کے ساتھ فضل کے مقابلہ پر مامور کیا۔ اثنائے راہ میں محمد و فضل سے ملاقات ہوئی فضل بن موسیٰ نے یہ کہہ دیا کہ "میں مامون کو مطیع ہو کر آیا ہوں تم ناحق میرے اوپر لشکر لے کر آتے ہو"۔ محمد اس چکمہ کو تاڑ گیا۔ جس وقت فضل نے محمد کے لشکر پر شب خون مارا محمد نے سینہ سپر ہو کر مقابلہ کیا لڑائی ہوئی بالآخر فضل اور اس کا لشکر بغداد کی جانب بھاگ کھڑا ہوا۔ اس کے بعد طاہر نے مدائن کا رخ کیا ان دنوں مدائن کا گورنر برمکی تھا اس نے مدائن کی حفاظت کا پورا پورا انتظام کر رکھا تھا اور دارالخلافت بغداد سے برابر امدادی فوجیں اور رسد آ رہی تھی طاہر نے مدائن کے مضافات میں پہنچ کر قریش بن شبل کو بڑھنے کا حکم دیا جوں ہی قریش حملہ کے ارادہ پر آیا برمکی نے حملہ کی تیاری کر دی اور لشکر کی صفیں درست کرنے میں مصروف ہوا مگر تیراندازی و نقارہ کے شور سے درہم برہم ہو جاتا تھا۔ جب ایک صف درست کر کے دوسری صف کی درستی کی طرف مصروف ہوا تو درست شدہ صف منتشر ہو جاتی آخر کار برمکی نے گھبرا کر ساقہ کو واپس ہونے کا حکم دیا پھر کیا تھا لشکریوں نے بغداد کا راستہ لیا اور طاہر مدائن اور اطراف مدائن پر قبضہ کر کے صرصر پر جا اترا اور وہیں ایک پل بنوایا۔

حجاز میں مامون کی بیعت: جس وقت امین نے بیت اللہ شریف سے خلیفہ ہارون کا عہد نامہ منگوا کر چاک کر ڈالا اور داؤد بن عیسیٰ گورنر حجاز کو مامون کی معزولی کا حکم دیا داؤد بن عیسیٰ نے لوگوں کو جمع کر کے امین کے اس حکم کی تعمیل سے انکار کر کے کہا: "کیا تم لوگوں کو یاد نہیں ہے کہ خلیفہ ہارون نے اپنے تینوں شہزادوں کی ولی عہدی کی بیعت مسجد حرام میں لی تھی اور کیا تم لوگوں سے یہ اقرار نہیں لیا تھا کہ مظلوم کا ساتھ دینا ظالم سے لڑنا دیکھو محمد امین نے ظلم و ستم کا بیڑہ اٹھایا ہے اور اپنے دونوں بھائیوں (مامون و مؤتمن) کو خلافت سے محروم کر کے اپنے چھوٹے لڑکے کو جو دودھ پی رہا ہے اپنا ولی عہد بنایا ہے اور اس کی بیعت لی ہے اور خلیفہ ہارون کے لکھے ہوئے عہد نامہ کو خانہ کعبہ سے منگوا کر علانیہ چاک کر ڈالا ہے۔ میں تم کو یقین دلاتا ہوں کہ امین کی [illegible] بیعت دو۔ مامون کی بیعت خلافت سے تم پر اللہ تعالیٰ ناراض نہ ہو گا بلکہ تم لوگوں سے راضی و خوش ہو گا کیونکہ تم اس اقرار و عہد کو پورا کرتے ہو جو اس سے پیشتر خلیفہ ہارون کے ہاتھ پر کر چکے تھے"۔ حاضرین نے بطیب خاطر داؤد بن عیسیٰ کی اس تقریر سے متاثر ہو کر مامون کی خلافت کی بیعت کر لی داؤد نے مکہ معظمہ کے اطراف و جوانب میں اس کی منادی کرا دی خطبہ میں مامون کا نام پڑھا اور اپنے لڑکے سلیمان کو جو مدینہ منورہ کا گورنر تھا لکھ بھیجا اس نے بھی ایسا ہی کیا یہ واقعہ رجب ۱۹۶ھ کا ہے۔

اس واقعہ کے بعد داؤد نے مکہ سے براہ بصرہ و فارس و کرمان مرو کی جانب کوچ کر دیا اور مامون کی خدمت میں حاضر ہو کر تمام واقعات عرض کئے۔ مامون نے خوش ہو کر اس کے عہدہ پر اس کو بحال رکھا اور اس کے بیٹے یوسف کو بھی اس کے ہمراہ صوبجات حجاز سے مخصوص کر دیا اور روانگی کے وقت پانچ لاکھ درہم بطور انعام مرحمت فرمائے اور اپنے برادر زادہ عباس بن موسیٰ بن عیسیٰ بن موسیٰ کو موسم حج کا ناظم مقرر کر کے اس کے ہمراہ روانہ کیا اور یزید بن جریر بن یزید بن خالد قسری کو

ہرثمہ نے ایک لشکر جرار یمن کی سمت کو زید کی حمایت کرنے کے لئے یمن کی جانب روانہ کیا۔ یہ لوگ طاہر کی طرف سے اسی وقت ہوکر گزرے تھے جب کہ طاہر بغداد کا محاصرہ کئے ہوئے تھے طاہر نے ان لوگوں کو بالکل اجازت دی اور ان سے قسم اٹھوانے کے بعد انہیں یزید طاہر سے رخصت ہوکر مکہ پہنچا اور اہل مکہ کو جمع کرکے مامون کی بیعت اور امین کی معزولی کا خطبہ دیا۔ داؤد ضریبا اور تمام اہل مکہ نے مامون کی خلافت کی بیعت کرلی اور قریش نے پوری اطاعت کے لئے گردنیں جھکا دیں۔

معرکۂ صرصر: جس وقت امین کو حسین بن علی بن عیسیٰ کے مارے جانے کی خبر پہنچی اور اس نے اپنی آنکھوں سے طاہر کی فتوحات کا سیلاب بڑھتا ہوا دیکھا اس وقت وہ خواب غفلت سے بیدار ہوا۔ اور جنگ کا بار پر کر تعداد لشکر بڑھایا پہلے ماہ شعبان ۱۹۶ھ میں چار سو سپہ سالار اس کے لئے منتخب کئے اور ان سب پر علی بن محمد بن عیسیٰ بن نہیک کو امیر بنا کر ہرثمہ کی طرف کوچ کرنے کا حکم دیا۔ اس لشکر نے نہروان کے قریب ماہ رمضان کے شروع میں ہرثمہ سے جنگ کی مگر اتفاق ایسا پیش آیا کہ پہلے ہی حملہ میں بھاگ کھڑا ہوا۔ ان کا نامی سپہ سالار علی بن محمد گرفتار کرلیا گیا ہرثمہ نے اس کو مامون کی خدمت میں بھیج دیا اور خود نہروان جا کر مقیم ہوگیا۔ ادھر طاہر صرصر میں مورچہ قائم کئے تھے خلیفہ امین کی طرف سے پے در پے فوجیں آرہی تھیں اور طاہر ان کو شکست دے دیتا تھا خلیفہ امین نے جنگ کا ڈھنگ بدلا اور نیز طاہر کے لشکریوں کو مال و اسباب دے کر سازش شروع کردی قریباً پانچ ہزار فوج طاہر کے لشکر سے نکل کر امین کے پاس چلی گئی امین نے ان لوگوں کو مال و اسباب سے مالا مال کردیا اس میں امین کو ایک گونہ کامیابی ہوئی تو سرداران لشکر کو بلانے لگا رفتہ رفتہ ان کا گروہ کا گروہ بھی امین سے جا ملا امین نے ان لوگوں کو حسب لیاقت و حیثیت انعامات دئے اور اپنے دوستوں اور ہمراہیوں کو خلعت دے کر فوج کے دستوں پر مقرر کرکے جنگ کی ترغیب دی اور چونکہ اس وقت کامیابی کی متوقع امید تھی اور حملے دینے کا عزم کر کے میدان جنگ میں آ پڑا لڑائی ہوئی تمام دن لڑائی ہوتی رہی۔ شام ہوتے ہی امین کے لشکر کو شکست ہوئی طاہر کی فوج نے امین کے لشکرگاہ کو لوٹ لیا۔

جب یہ شکست خوردہ فوج امین کے پاس پہنچی تو امین نے ایک دوسرا لشکر مرتب کرکے لشکریوں کو بہت سا مال و اسباب دیا۔ اس لشکر میں سے ایک شخص کو بھی شریک نہ کیا اور جنگ آزمودہ سپہ سالاروں کو فوج کے جدا جدا دستوں کا افسر مقرر کرکے طاہر کے مقابلے پر روانہ کیا۔ طاہر نے اپنی حکمت عملی سے اس لشکر کو اپنے ساتھ ملا لینے کی تحریک کی جب یہ دوسرے جنگ کرنے کے لئے نکلے ان کی طرف شور و غل پاتے ہوئے بے خوف ہے امین نے اس جدید فوج کو ان سے جنگ کرنے کا حکم دیا بہر حال ان میں تیاریوں اور بناوٹ کے ساتھ یہ مرتب کی گئی تھی۔ طاہر نے ان سے بھی سازش کرلی اور بہت سا مال و اسباب دے کر ان میں سے چھ ہزار آدمیوں کو بطور رشوت کے اپنے پاس لشکر بند کرلیا۔

محاصرۂ بغداد: طاہر نے صرصر سے اپنے ہمراہیوں اور بہت سا مال و اسباب لے کر صرصر سے کوچ کرکے باب الانبار پر جا اترا اور اپنی چالوں اور سازشوں کی بدولت امین کے لشکر سے ایک گروہ کثیر کو توڑ لیا عوام الناس میں ایک تہلکہ مچ گیا۔ قیدی جیل کے دروازے توڑ توڑ کے نکل آئے بدمعاشوں، بازاریوں اور اوباشوں نے لوٹ مار شروع کردی شریفوں اور بے کسوں پر ٹوٹ پڑے۔ زہیر بن مسیب ضبی نے ایک طرف اپنا مورچہ قائم کیا منجنیقیں کھڑی کیں اور منجنیقیں نصب کیں پتھر برسانے شروع کئے

---

۱ [illegible]

کیا اہتمام و انتظام کیا۔ یہ واقعہ [illegible] تھا۔ ہرثمہ اور طاہر نے باب [illegible] لیا۔ [illegible] محاصرہ کر لیا گیا سے بغداد والوں پر زمین تنگ ہو گئی۔ ماہ ذی الحجہ ۱۹۷ھ تک [illegible] محاصرہ کے طول کھنچ جانے سے مصیبت پر مصیبت نازل ہوئی۔ مجبوراً [illegible] مال و اسباب اور [illegible] سامان [illegible] فروخت کر کے اشیائے [illegible] لینے لگے اور [illegible] طاہر کی طرف [illegible] اور [illegible] جگہ جگہ [illegible] ایک دن [illegible] واقعہ میں [illegible] تمام [illegible] کے پاس چلا آیا۔ طاہر نے [illegible] دریائے [illegible] کو [illegible] اور [illegible] کی [illegible] کے [illegible] میں [illegible] ہو جائے اور [illegible] کی [illegible] سے بہت سا اسباب و سامان [illegible] ایک [illegible] کا [illegible] برباد کر دیا۔

قصر صالح کی لڑائی: دوسری طرف سے قصر صالح [illegible] تھے۔ ان لوگوں نے اپنے محاصرہ [illegible] آگ باری سے کام لیا اور منجنیقوں سے [illegible] جو شخص اس قتل میں مزاحمت کرتا تھا اس سے [illegible] لڑائی [illegible] مال و اسباب کو تباہ کر لیا جو [illegible] طاہر کے مقابلہ پر آئے تھے ان سے [illegible] جنگ میں [illegible] کی طرف [illegible] طاہر [illegible] خدمت میں [illegible] قصر صالح کے [illegible] تھا۔ طاہر نے [illegible] قصر صالح [illegible] طاہر [illegible] حاصل [illegible] قصر صالح کی طرف سے [illegible] واقعہ میں [illegible] گیا۔

امین کو شکست: طاہر نے قصر صالح پر قبضہ کرنے کے بعد امین نے [illegible] شروع کی اور [illegible] جب [illegible] ان لوگوں نے [illegible] سب سے پہلے [illegible] بغداد [illegible] امین کے [illegible] طاہر [illegible] امین کے [illegible] طاہر نے قصر [illegible] جانے کا حکم دیا [illegible] بغداد [illegible] آیا۔

نوراں پر روزانہ جنگ ایک قیامت خیز مصیبت تھی جس کو برداشت کرنا انسانی قوت سے باہر تھا مگر بایں ہمہ نہایت استقلال کے ساتھ اہل بغداد لڑ رہے تھے عبداللہ بن وضاح کو اس نوآزمودہ فوج نے شکست دے کر شماسیہ پر قبضہ کر لیا ہرثمہ یہ خبر پا کر ان کی اعانت کو آیا تو اس نے بھی منہ کی کھائی شکست کھا کر بھاگا گرفتار کر لیا گیا۔ یہ خبر طاہر کو ملی اس نے ہمراہیوں سے اپنی شکست کھلی ہے دیکھ کر اٹھا طاہر نے جنگ کا نقشہ بدل دیا، کیونکہ شماسیہ میں ایک پل تھا جو کہ توڑ دیا وہاں کا مال مرد قتل۔ ہرثمہ کے لشکر پہنچ کر اس شدت کا حملہ کیا کہ امین کے لشکر کو شکست دے دی دو مجبوراً پیچھے کو ہٹا عبداللہ بن وضاح پھر اپنے مورچے پر حسب دستور سابق قابض ہو گیا ایک گروہ کثیر اس معرکہ میں کام آیا خلیفہ امین کے مکانات شماسیہ جو خیزرانیہ میں تھے جلا دیے گئے جس کی تیاری میں بیس لاکھ درہم صرف ہوئے تھے۔

عبداللہ بن خازم کا فرار خلیفہ امین کو اپنے قتل کا یقین اور اپنی ناکامی کا وثوق ہو گیا۔ عبداللہ بن خازم بن خزیمہ امین کے خوف سے مدائن بھاگ گیا کیونکہ امین اس کی طرف سے مشتبہ ہو گیا تھا اور اس کی ایذا رسانی پر آمادہ ہو گیا اور کمینوں کو مامور کیا تھا بعض کا یہ بیان ہے کہ طاہر نے اس سے خط و کتابت کی تھی اور بصورت عدم تعمیل مال و اسباب کے ضبط کر لینے کی دھمکی دی تھی اس وجہ سے اس نے خلیفہ امین کی رفاقت ترک کر دی تھی۔ اس کے بعد ہرثمہ نے مع اپنے ہمراہیوں کے بغداد سے نکل کر جزیرہ عباس اور مضافات بغداد کی طرف کوچ کیا طاہر کے لشکریوں نے بڑھ کر تھوڑی لڑائی ہوئی ایک گروہ کثیر دریا میں ڈوب کر مر گیا باقی ماندہ تیغ اجل کی نذر ہو گئے ان واقعات سے خلیفہ امین کو سخت صدمہ پہنچا اس کے تمام کاموں میں ضعف آ گیا۔ اسی اثناء میں موسیٰ بن رشید اپنے بھائی مامون کی خدمت میں حاضر ہوا۔ مامون نے جرجان کی گورنری پر بھیج دیا۔

بغداد پر قبضہ طاہر نے خزیمہ بن خازم اور محمد بن علی بن عیسیٰ بن ماہان کو خفیہ امین کے معزول کرنے پر تیار کر لیا۔ چنانچہ ان دونوں نے آٹھویں محرم ۱۹۸ھ کو دجلہ کے پل کو جلا دیا اور امین کی معزولی کا اعلان کر دیا اور ہرثمہ کو جو ان کے مقابلے پر تھا بلا تجسس ہرثمہ نے بلا مزاحمت و مخالفت مہدی کی لشکرگاہ میں داخل ہو کر قبضہ کر لیا۔ بعدہ طاہر شہر اور کرخ کی طرف بڑھا اہل شہر و کرخ نے مدافعت کی لڑائی ہوئی طاہر نے ان کو شکست دے کر قبضہ کر لیا وہاں کی منادی کرا دی اور لشکریوں کو بازار کرخ اور قصر وضاح میں ٹھہرا کر مدینۃ المنصور قصر زبیدہ و قصر خلد کا دروازہ پل سے بصرہ کے دروازہ تک اور شط صراۃ سے دجلہ کے اس کنارہ تک جہاں پر دجلہ میں یہ نہر گرتی تھی اپنے لشکر کو پھیلا دیا اور موقع موقع سے منجنیقوں کو نصب کر کے سنگ باری کا حکم دے دیا۔ خلیفہ امین مع اپنی ماں اور لڑکوں کے شہر مدینۃ المنصور میں جا کر پناہ گزیں ہوا اور نہایت استقلال و صبر سے محاصرہ کی سختیوں کو برداشت کرنے لگا اس کے اراکین سلطنت میں سے صرف حاتم بن صقر ہرثمی اس کے ساتھ رہ گئے اور باقی لشکری اور کیا لونڈی غلام اس سے علیحدہ ہو گئے کوئی کسی کا پرسان حال نہ تھا محمد بن حاتم بن صقر اور محمد بن ابراہیم بن اغلب افریقی نے امین کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا "ہماری بری حالت میں بھی اس وقت سات ہزار سوار ہیں۔ امیر المومنین کے حکم کے منتظر ہیں۔ مناسب یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہم ان میں سے امرا اور رؤسا اور اراکین دولت کے لڑکوں کو منتخب کر کے ان کا افسر مقرر کریں اور کسی دروازہ سے بحالت غفلت نکل کر جزیرہ و شام کی طرف چلے جائیں اور پھر جدید سلطنت کی بنا ڈالیں عجب نہیں کہ اس سے عوام الناس کا میلان طبع آپ کی جانب ہو جائے اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے کوئی راستہ پیدا کر دے۔ خلیفہ امین نے اس رائے کو پسند کیا اور بغداد سے جزیرہ و شام کی طرف چلے جانے کا قصد مصمم کر لیا۔

امین کی امان طلبی: طاہر کو اس کی اطلاع ہوئی تو اس نے سلیمان بن منصور، محمد بن عیسیٰ بن نہیک اور سندی بن شاہک کو خط لکھا اور دھمکی دی کہ اگر تم لوگ امین کو اس قصد سے باز نہ رکھو گے تو تمہارے حق میں بہتر نہ ہوگا۔ ان لوگوں نے خلیفہ امین کی خدمت میں حاضر ہو کر جنگ زرگری شروع کر دی اور یہ کہنے لگے کہ امیر المومنین کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ خود کو اپنا قلب اور اپنی حرم کے قبضہ میں دے دیں۔ یہ لوگ خائن اور غیر معتبر ہیں بہتر یہ ہوگا کہ آپ ہرثمہ بن اعین سے امان طلب کیجئے اور اس کے پاس چلے چلئے۔ بعض حرم اس رائے سے مخالفت کر کے بولا "اگر امیر المومنین امان ہی طلب فرما رہے ہیں تو بہتر یہ ہے کہ طاہر سے امان طلب کیجئے اور اس کے پاس جائیے"۔ امین نے اس سے انکار کیا اور طاہر کے پاس جانے اور امان طلب کرنے کو شگون بد تصور کر کے ہرثمہ کے پاس امان کا پیام بھیجا۔ ہرثمہ نے اس درخواست کو منظور کر کے کہلا بھیجا کہ "میں بالاستقلال آپ کے اور لوگوں سے لڑوں گا اور اگر وہ بھی امان کے خواستگار ہوں گے تو ان کو بھی میں امان دے دوں گا"۔

امین کے محل سرا کا محاصرہ: طاہر کو اس کی اطلاع ہوئی تو اس کو یہ امر شاق گزرا کہ فتح یابی کا تاج ہرثمہ کے سر پر رکھا جائے اور خلیفہ امین امان حاصل کر کے ہرثمہ کے پاس آ جائے۔ ہرثمہ نے طاہر کے ظاہری طور طریقہ سے اس خیال کو تاڑ کر اپنے ہمراہیوں کو خزیمہ بن خازم کے خیمہ میں جمع کر کے یہ رائے ظاہر کی کہ طاہر سے موجودہ حالات میں شکر رنجی پیدا کرنا مناسب نہیں ہے بہتر یہ ہے کہ طاہر سے اس معاملہ کی صفائی کر لینا چاہئے۔ چنانچہ ہرثمہ مع اپنے ہمراہیوں اور سلیمان، سندی اور ابن نہیک وغیرہ کے طاہر کی خدمت میں حاضر ہوا اور یہ ظاہر کیا کہ خلیفہ امین سوائے ہرثمہ اور کسی کے پاس نہ جائے گا مگر ہاں خاتم خلافت، عصا اور چادر جو حقیقت میں خلافت کی علامت ہیں آپ کے حوالہ کر دے گا۔ طاہر اس امر پر راضی ہو گیا جوں ہی یہ لوگ طاہر سے رخصت ہوئے ہرش پہنچا اور طاہر کے کان میں یہ پھونک دیا کہ یہ لوگ آپ سے دھوکہ کر گئے ہیں خلیفہ امین اپنے ہمراہ خاتم خلافت، عصا اور چادر ہرثمہ کے پاس لے جائے گا۔ طاہر یہ سن کر غصہ سے کانپ اٹھا اسی وقت چند فوجوں کو امین کے محل سرا کے محاصرہ پر متعین کر دیا۔

امین کا فرار: پچیسویں محرم ۱۹۸ھ کو ہرثمہ نے امین کے پاس کہلا بھیجا کہ آج کی شب انتظار فرمائیے کیونکہ آج ہی کنارہ دریا پر چند ایسی باتیں مجھے نظر آئی ہیں جن سے مجھے خطرہ پیدا ہوا ہے۔ امین نے جواب دیا "میرے جس قدر احباب اور ہوا خواہ تھے وہ سب کے سب مجھ سے جدا ہو گئے ہیں میں یہاں اب ایک ساعت بھی قیام نہیں کر سکتا ایسا نہ ہو کہ طاہر کو اطلاع ہو جائے اور وہ مجھے گرفتار کر کے قتل کر ڈالے"۔ اس کے بعد امین نے اپنے دونوں لڑکوں کو گلے لگایا، پیار کیا اور ان دونوں سے رخصت ہو کر سوار ہوا اور دریا کے کنارے پر آیا۔ ہرثمہ ایک حراقہ[1] پر سوار ہو گیا تھا۔ ہرثمہ نے آپ کے ہاتھ و پاؤں کے بوسے لئے اور حراقہ کے کپتان کو یہ حکم دیا کہ جو شخص مزاحمت کرے اس پر بے تامل آتش بازی کرنا۔ جوں ہی حراقہ آگے بڑھا طاہر کی جنگی کشتیوں کا بیڑہ سامنے آ گیا۔ حراقہ کا محاصرہ کر کے لڑائی شروع کر دی اور اس شدت سے تیر باری کی کہ حراقہ

---

[1] حراقہ ان جنگی کشتیوں کو کہتے ہیں جن میں آتش بازی کے سامان ہوتے ہیں جس کے ذریعے سے دشمن پر دور سے آگ پھینکی جاتی ہے۔
ماخوذ از ابن اثیر جلد [illegible]۔

بیکار کر دیا۔ غوطہ زنوں نے حراقہ میں سوراخ کر دیا۔ تھوڑی دیر میں حراقہ پانی سے لبریز ہو کر ڈوب گئی۔

امین کا قتل: احمد بن سلام افسر پولیس بیان کرتا ہے کہ حراقہ کے ڈوبتے ہی امین پانی میں اور میں دونوں کود پڑے ملاح نے میرے سر کے بال پکڑ کر نکال لیا اور جونہی آپ پانی میں گرے تھے امین کے کپڑے پھٹ گئے اور میں تیر کر کنارے پر پہنچا لوگوں نے گرفتار کر لیا طاہر کے پاس لے گئے۔ اس نے میرا حال دریافت کیا میں نے اپنا نام و نسب بتلایا پھر امین کا حال پوچھا میں نے جواب دیا کہ "وہ تو ڈوبتے ہی ڈوب گیا تھا"۔ اس کے بعد طاہر کے حکم سے مجھے ایک مکان میں قید کر دیا گیا قید کی مصیبت مجھ شامت زدہ کے لئے کچھ کم نہ تھی کہ اتفاق سے سننے میں آیا کہ طاہر نے میرے قتل کا حکم صادر کر دیا ہے۔ اس خبر کو سنتے ہی میرے ہوش و حواس جاتے رہے۔ مجبوراً جو کچھ میرے قبضہ میں مال و اسباب تھا اس کو میں نے دے کر اپنی جان بچائی مگر قید سے رہائی نہ پائی۔ تھوڑی رات گزری ہو گی کہ ان لوگوں نے یکایک دروازہ کھولا اور امین کو قید کر کے پھر دروازہ بند کر لیا اس وقت امین صرف ایک پاجامہ پہنے ہوئے تھے۔ سر پر عمامہ اور شانوں پر ایک پھٹا ہوا کپڑا تھا میں انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھ کر رونے لگا۔ امین نے مجھے پہچان کر کہا "تم مجھے اپنے گلے لگا لو میری طبیعت سخت متوحش ہو رہی ہے"۔ میں نے امین کے کہنے کے مطابق ان کو گلے سے لگا لیا اس وقت امین کا قلب اس طرح حرکت کر رہا تھا معلوم ہوتا تھا کہ مارے خوف کے سینہ سے نکلا جاتا ہے تھوڑی دیر کے بعد جب ان کے ذرا ہوش درست ہوئے تو مجھ سے مامون کا حال دریافت کیا میں نے عرض کیا "وہ ابھی زندہ ہے"۔ امین نے کہا اللہ تعالیٰ اس کے وکیل سے سمجھے وہ مجھ سے کہتا تھا کہ مامون مر گیا۔ غالباً اس سے اس کا مقصود یہ تھا کہ میں ان کی جنگ سے غافل ہو جاؤں"۔ میں نے کہا "بلکہ اللہ تعالیٰ آپ کے وزیروں سے سمجھے کہ انہوں نے آپ کو دھوکا دیا"۔ امین نے سر اٹھا کر کہا "کیوں بھائی کیا وہ لوگ وعدہ امان پورا کریں گے؟"

میں نے کہا "ہاں حضور ان شاء اللہ تعالیٰ"۔

ہم لوگ یہی باتیں کر رہے تھے کہ محمد بن حمید طاہری آ پہنچا اور دور سے گھورتا ہوا چلا گیا جب کہ وہ امین کو پہچان کر واپس چلا گیا۔ اس کے بعد تقریباً نصف شب ایک گروہ عجمیوں کا ننگی تلواریں ہاتھ میں لئے ہوئے آیا۔ امین ان لوگوں کو دیکھ کر آہستہ آہستہ پیچھے ہٹنے لگا ان میں سے ایک نے لپک کر امین کو پکڑ کر زمین پر گرا دیا اور ذبح کر کے سر اتار لیا۔ اور طاہر کے روبرو لے جا کر رکھ دیا۔ صبح ہوئی تو لاش کو بھی اٹھا کر لے گئے۔ طاہر نے امین کا سر شہر پناہ پر آویزاں کرا دیا۔ جب لوگوں نے دیکھ لیا تو اپنے ابن عم محمد بن حسن بن مصعب کی معرفت فتح کا اعلان نامہ مامون کی خدمت میں روانہ کیا اور اس کے ساتھ امین کا سر، خاتم خلافت، عصا اور چادر بھی بھیج دی۔ مامون نے ان سب کو دیکھ کر سجدہ شکر ادا کیا۔

باب: ۸

عبداللہ ابوجعفر المامون ۱۹۸ھ تا ۲۱۸ھ

طاہر نے امین کے قتل ہونے کے بعد امان کی منادی کرادی اور جمعہ کے دن شہر بغداد میں اپنی کامیابی کے جھنڈے گاڑتا ہوا جامع مسجد میں نماز جمعہ ادا کی۔ مامون کے نام کا خطبہ پڑھا اور امین کی برائیاں بیان کیں۔ شاہی گھرانوں کی حفاظت پر لوگوں کو متعین کیا اور زبیدہ مادر امین اور امین کے دونوں لڑکوں موسیٰ و عبداللہ کو بالائی زاب کے شہروں کی طرف شہر بدر کر کے بھیج دیا۔ چند دنوں کے بعد موسیٰ و عبداللہ کو مامون کے پاس بھیج دیا۔

بغداد میں شورش: امین کے قتل ہو جانے پر بغداد میں لشکر اور خود طاہر کی فوج کو اپنے کئے ہوئے پر پشیمانی ہوئی۔ مگر اس ندامت سے کچھ نہ حاصل تھا۔ طاہر سے روزینہ طلب کیا۔ وہاں کیا تھا حیلے حوالے سے ٹال دیا۔ لشکریوں میں برافروختگی ہونے لگی۔ رفتہ رفتہ اشتعال اس قدر بڑھا کہ امین کے قتل کے پانچویں روز لشکریوں نے بلوہ کر دیا۔ طاہر مع اپنے ایک گروہ مصاحبان کے عقرقوبا بھاگ گیا اور وہاں سے ان کی سرکوبی کے لئے ایک لشکر مرتب کر کے بغداد کی طرف واپس ہوا تو انہوں نے معذرت کی اور بغاوت کا بار الزام پولیس والوں اور بازاریوں کے سر منڈھ دیا۔ طاہر نے ان کی خطا کی اس شرط سے کہ وہ حسب دستور سابق مطیع و فرماں بردار ہو جائیں معافی دے دی اور چار مہینے کا روزینہ تقسیم کر دیا۔ رؤسا و مشائخ بغداد نے اہل بغداد کی معافی چاہی اور اپنی خطا سے توبہ کی قسمیں کھائیں۔ تب طاہر کا غصہ فرو ہوا اور لڑائی کا بازار ٹھنڈا ہو گیا۔ مشرق سے مغرب تک کل صوبجات و ممالک میں مامون کی حکومت کا ڈنکا بج گیا۔

حسن ہرش کی بغاوت: اسی ۱۹۸ھ میں حسن ہرش نے علم بغاوت بلند کیا۔ ایک گروہ بازاریوں کا اس کے ساتھ ہو گیا اور بہت سے بدوؤں نے اس کی اتباع کی۔ حسن ہرش یہ کہتا ہوا کہ "لوگو! آل محمد کی اطاعت کرو اور انہیں کی حمایت کرو" نیل کی طرف آیا اور یہاں سے جبراً خراج وصول کیا اور جس نے ذرا سی مخالفت کی اس کو لوٹ لیا۔

خلیفہ مامون نے بغداد کے فتح ہونے کے بعد حسن بن سہل برادر فضل بن سہل کو طاہر کی مفتوحات جبل، عراق، فارس، اہواز، حجاز اور یمن کی سند گورنری مرحمت کی۔ جب حسن نے ۱۹۸ھ میں اپنے صوبجات میں پہنچ کر اپنی طرف سے اپنے عمال کو بھیج دیا تو طاہر کو جزیرہ، موصل، شام اور مغرب کا گورنر مقرر کر کے نصر بن شبث کی جنگ پر جانے کا حکم دیا اور ہرثمہ کو خراسان کی جانب روانہ کیا۔

معزولی کا محضر: اس کے بعد دونوں نے اپنے قلم خاص سے اپنی معزولی کا محضر لکھ کر دربار خلافت میں حاضر ہوئے خلیفہ منتصر نے کمال احترام سے اپنے پاس بٹھا لیا اور اطاعت شعاری کا نتیجہ دیکھ کر معذرت کرنے لگا کہ میں نے امراء دولت کے کہنے سننے سے تم لوگوں کو معزول کرنے کا اس وجہ سے قصد کیا تھا کہ مبادا یہ لوگ تم کو کسی قسم کا صدمہ نہ پہنچائیں اب چونکہ تم لوگوں نے اپنی معزولی اپنے قلم خاص سے لکھ دی ہے وہ مطمئن ہو جائیں گے۔ ان دونوں نے دست بوسی کی شکریہ ادا کیا تھا' سرداران بنو ہاشم سپہ سالاران لشکر اراکین دولت اور روساء ہاشمیہ نے اس محضر پر اپنی اپنی گواہی لکھی۔ خلیفہ منتصر نے اسی مضمون کا ایک گشتی فرمان اپنے تمام ممالک محروسہ اور نیز بغداد میں محمد بن عبداللہ بن طاہر کے پاس بھیج دیا۔

وصیف کی روانگی: احمد بن خصیب کو جب ان دونوں کی طرف سے اطمینان ہو گیا اور ان کی معزولی میں پوری پوری کامیابی ہو گئی تو وصیف کے در پے ہو گیا کہ جس طرح ممکن ہو خلیفہ کی نظروں سے دور پھینک دینا چاہئے کیونکہ ان دونوں میں ایک مدت سے ان بن ہو رہی تھی۔ خلیفہ منتصر نے احمد بن خصیب کے اشارہ سے وصیف کو بلا بھیجا تھوڑی دیر کے بعد وصیف نے حاضر ہو کر دست بوسی کی۔ خلیفہ منتصر نے اس سے مخاطب ہو کر ارشاد کیا "وصیف! ہم کو یہ خبر پہنچی ہے کہ رومی حکمرانوں نے سرحدی ممالک میں داخل ہو کر بڑی گڑبڑ پھیلا دی ہے۔ اس حالت میں ان کی سرکوبی کے لئے تم کو یا بغا اکبر کے

ہم بھجوا دینا چاہئے۔ وصیف نے عرض کیا "امیر المومنین" غلام کے ہوتے ہوئے امیر المومنین کو تکلیف کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ خلیفہ منتصر نے احمد بن خصیب کو وصیف کی روانگی کا سامان مہیا کرنے کا حکم دیا۔ لشکر پورا ہو کر حسب حالات آلات جنگ اور رسد وغیرہ مرتب فرما کر روانہ کیا اور وصیف کو ہدایت کی کہ لشکر اسلام سے حدود مملکت میں جا ملے۔ ان کے مقدمۃ الجیش پر مزاحم بن خاقان (فتح کا بھائی) اور [illegible] اور مال غنیمت کے تقسیم کرنے پر ابو الولید قیروانی کا [illegible] مقرر کیا۔

وفات۔ خلیفہ منتصر نے اپنی تخت نشینی کے چھٹے مہینے پانچ ربیع الاول ۲۴۸ھ میں بعارضہ خناق وفات پائی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ کسی طبیب نے زہر آلود نشتر لگا دیا تھا جس سے اس کی موت واقع ہو گئی۔

مستعین باللہ کی خلافت۔ خلیفہ منتصر کے مرنے پر ارکان سلطنت اور خدام خلافت محل سرائے شاہی میں جمع ہوئے۔ ان میں بوغا صغیر، بوغا کبیر اور اتامش ترکی بھی تھے۔ خلیفہ متوکل کے بیٹوں کی بیعت سے انکار کرنے کے [illegible] اور سرداران مغاربہ اور اشروسنیہ نے [illegible] اور بوغا صغیر نے [illegible] شخص خلیفہ مقرر کریں گے اسی کو ہم لوگ بھی [illegible] سردار اور امیر تسلیم کریں گے۔ چنانچہ باہم مشورہ کیا گیا۔ [illegible] ان میں احمد بن خصیب [illegible] سلطنت تھی۔ تھوڑی بحث و تکرار کے بعد یہ خیال سب کو پیدا ہوا کہ خلیفہ متوکل کی اولاد [illegible] لہٰذا [illegible] کے خاندان خلیفہ معتصم کی طرف نظر انتخاب [illegible] پہنچی۔ بالآخر احمد بن محمد بن معتصم کو طلب کر کے اس کے ہاتھ پر خلافت کی بیعت اور مستعین باللہ کا لقب دیا۔ احمد بن خصیب کو بدستور قلمدان [illegible] عطا ہوا (آنریری سیکرٹری شپ) اور اتامش کو [illegible] وزارت یا [illegible] کا عہدہ دیا گیا۔

محمد بن عبداللہ کی مخالفت۔ اگلے دن [illegible] خلیفہ مستعین خلافت کی غرض سے دار العوام [illegible] گزرے تھے [illegible] سرداران بنو ہاشم [illegible] حسب مراتب موجود تھے یکایک شور و غل کی آواز آنے لگی۔ تھوڑی دیر کے بعد [illegible] کی ایک جماعت نے دار العوام کے دروازہ پر پہنچ کر ایک ہنگامہ برپا کر دیا۔ دریافت کیا گیا تو معلوم ہوا کہ یہ لوگ محمد بن عبداللہ بن طاہر کے ہمراہی ہیں اور معتز کو مسند خلافت پر بٹھانے کے خواہاں ہیں۔ ان لوگوں کے ساتھ بازاریوں اور تماشائیوں کا بھی ایک گروہ تھا۔ [illegible] کے ہمراہیوں کے ہاتھ [illegible] پڑ گئے [illegible] سرداران مغاربہ اور اشروسنیہ نے حملہ کر دیا اور [illegible] اور دار العوام سے [illegible] بوغا صغیر نے [illegible] اور [illegible] بازاروں کو لوٹا [illegible]

---

[1] خلیفہ منتصر [illegible]

[2] [illegible]

[3] ابن اثیر جلد [illegible]

دیکھ کر قتل کر ڈالا اسی ہنگامے کے اثنا میں قیدیوں نے جیل کو توڑ دیا اور قیدی نکل آئے۔ اسی دوران میں ترکوں نے خلیفہ مستعین کی بیعت کر لی۔ بیعت کرنے والوں کو تنخواہیں اور جوائز ملنے لگے۔ اس کے بعد محمد بن عبداللہ بن طاہر کے پاس بیعت کا پیام بھیجا۔ اس نے اور سب نے جو بغداد میں تھے خلیفہ مستعین کی بیعت کر لی۔

عمال کا تقرر: تکمیل بیعت کے بعد یہ خبر آئی کہ طاہر بن عبداللہ بن طاہر والی خراسان کا ماہ رجب میں اور اس کے چچا حسین بن طاہر کا مرو میں انتقال ہو گیا۔ خلیفہ مستعین نے ۲۴۸ھ میں محمد بن طاہر کو بجائے طاہر بن عبداللہ کے مرو پر اور محمد بن عبداللہ بن طاہر کو خراسان پر مامور کیا اور اس کے چچا طلحہ کو نیشاپور کی جس کے بیٹے منصور بن طلحہ کو مرو، سرخس اور خوارزم کی امارت دی۔ اس کے چچا حسین بن عبداللہ کو صوبجات ہرات دی۔ اس کے چچا سلیمان بن عبداللہ کو طبرستان کی اور اس کے بیٹے محمد کو رے اور جبال اور ماوراء النہر کی حکومت عنایت فرمائی۔ بغا کبیر کے مرنے پر اس کے بیٹے موسیٰ کو اس کے تمام صوبجات پر متعین کیا۔

عبیداللہ بن یحییٰ کی جلاوطنی: ترکی سرداروں میں سے اوتامش اور بغا صغیر ایک گروہ کے ساتھ عبیداللہ کی جانب روانہ کیا۔ چنانچہ اس نے قتل کرنا چاہا اسی ۲۴۸ھ میں عبیداللہ بن یحییٰ بن خاقان نے حج کی اجازت چاہی۔ خلیفہ مستعین نے اجازت دے دی مگر اس کے روانہ ہونے کے بعد ہی ایک شخص کو پیچھے روانہ کیا جس نے عبیداللہ بن یحییٰ کو جلاوطن کر دینے پر مامور کیا تھا۔ اس نے اس کو برقہ کی طرف جلاوطن کر دیا۔ پھر وہاں سے بغداد میں احمد بن خصیب نے ان لوگوں کو اپنی طرف مائل کر لیا۔ خلیفہ مستعین نے احمد بن خصیب کو بغداد میں نظر بند کر دیا۔ اس واقعہ کے بعد احمد بن خصیب سے مستعین خلاف ہو گیا اور ترکوں نے اس کا مال ضبط کر لیا اور اس کو جزیرہ اقریطش کی جانب جلاوطن کر دیا۔

اتامش کا تقرر: ۲۴۸ھ میں اتامش عہدۂ وزارت پر متمکن کیا گیا۔ مصر و مغرب کی حکومت حوالہ کی گئی اور بغا شرابی کو حلوان، ماسبذان اور مہرجانقذق پر متعین کیا۔ عوام کو قتل کرانے شام کی طرف روانہ کیا اور اہل حمص کو بعد ازاں سلطنت پر مامور کر دیا۔ علی بن یحییٰ ارمنی کو آرمینیہ اور آذربائیجان کی گورنری پر تبدیل کر دیا۔ حمص میں ناتی ایک شخص تھا اہل حمص نے بلوہ کر کے اس کو نکال باہر کیا اور خلافت سے قتل کی اجازت چاہی۔ موسیٰ بن بغا نے اہل حمص کا خون مباح کر دیا اور ان کے سرداروں کو سامرا میں گرفتار کر لایا۔ بعض لوگ جو تخت شاہی میں تھا سامرا سے ساتھ جہاد کرنے کا حکم بھیجا گیا چنانچہ یوسف نے اس حکم کے مطابق حمص میں داخل ہو کر قتل عام کر دیا۔

عمر بن عبیداللہ کی شہادت: ۲۴۹ھ میں عمر بن عبیداللہ اقطع نے جہاد کے لئے رومیوں پر فوج کشی کی۔ عمر بن عبیداللہ اقطع نے جعفر بن دینار کے ساتھ رومیوں پر جہاد کرنے کی غرض سے کوچ کیا۔ ملطیہ سے ایک جماعت کے ساتھ بلاد روم پر فوج کشی کی۔ رومی پچاس ہزار فوجوں سے مقابلہ پر آئے اور چاروں طرف سے گھیر لیا۔ عمر بن عبیداللہ اقطع دو ہزار مسلمانوں کے ساتھ شہید ہو گئے۔

علی بن یحییٰ کی شہادت: اس واقعہ سے مسلمانوں کے دوست بہت رنجیدہ ہوئے۔ علی بن یحییٰ ارمنی کو جس وقت یہ خبر پہنچی تو وہ آرمینیہ سے واپس آ رہا تھا۔ فوراً لوٹا اور ایک ہزار فوج کے ساتھ مقابلہ پر آیا۔

کے شہید ہو گئے۔

بغداد و سامرا میں شورش: جس وقت ان دونوں نامی سپہ سالاروں کی شہادت کی خبر بغداد تک پہنچی اہل بغداد کی آنکھوں سے خون ٹپک پڑا اس وجہ سے کہ یہ دونوں شہید جہاد کے حق میں اسلام اور اسلامیوں کے دلی دوست تھے ملک و قوم کو ان کی ذات سے بڑی تقویت تھی ترکوں پر غفلت اور لاپرواہی کا الزام لگایا خلیفہ متوکل کے مارے جانے اور امور سلطنت پر ترکوں کے متصرف و غالب ہو جانے کا تذکرہ کرتے تھے سب جوش انتقام سے بھرا گئے۔ عوام الناس نے جمع ہو کر جہاد جہاد کا شور برپا کر دیا۔ فوج تھی کہ اس منادی کو سن کر ان لوگوں سے جا ملی۔ دربار خلافت سے اپنی تنخواہیں طلب کیں اور جیل کے دروازے توڑ کر قیدیوں کو نکال لیا۔ بغداد کا پل توڑ ڈالا۔ محمد بن عبداللہ بن طاہر کے کاتبوں کے مکانات لوٹ لئے گئے۔

اہل بغداد نے بہت سا مال و اسباب مجاہدین کو دیا جبال، فارس اور اہواز سے مجاہدین کا گروہ دل بادل کی طرح امنڈ آیا، مرتب و مسلح ہو کر جہاد کی غرض سے نکل کھڑے ہوئے خلیفہ مستعین اور ارکان دولت نے دم تک نہ مارا۔ ان کے بعد عوام الناس نے سامرہ میں آ کر فساد برپا کر دیا جیل کے دروازے توڑ کر قیدیوں کو نکال لیا۔ غلامان دولت کی ایک جماعت اس طوفان کی روک تھام کو آئی عوام الناس ان پر ٹوٹ پڑے غلامان دولت کو شکست ہوئی۔ بغا وصیف اور اتامش سوار ہو کر ترکوں کی فوج لے کر آ پہنچے ایک گروہ کثیر عوام الناس کا مارا گیا اور ان کے مکانات لوٹ لئے گئے بمشکل فساد فرو ہو گیا۔

اتامش کا قتل: خلیفہ مستعین نے مسند خلافت پر جلوہ افروز ہونے کے بعد اتامش اور اپنی ماں اور شاہک خادم کو اس قدر آزادی دی کہ یہ لوگ بلا اختصار بیت المال اور خزانہ شاہی سے جس قدر چاہتے تھے جو چاہتے کر گزرتے جو ہدایا اور تحائف اطراف و جوانب سے آتے بے تکلف تصرف کر ڈالتے اور جو ان لوگوں کی دست برد سے بچتا اس کو اتامش عباس بن مستعین کے صرف کے بہانہ سے لے لیتا کیونکہ یہ اس کی نگرانی میں پرورش پا رہا تھا اس سے بغا اور وصیف کو ناراضگی پیدا ہوئی اتراک اور فراعنہ کا حال پتلا ہو گیا بغا اور وصیف کو اس امر کا احساس ہو گیا اور انھوں نے ان لوگوں سے سازش کر کے ابھار دیا چنانچہ ان میں سے اہل شہر اور محل سرائے شاہی کے محافظین اٹھ کھڑے ہوئے جوسق کا قصد کیا جہاں پر اتامش نے خلیفہ مستعین کے پاس پناہ گزین ہونے کا ارادہ کیا خلیفہ مستعین نے پناہ نہ دی دو روز تک محاصرہ میں رہا تیسرے روز بلوائیوں نے جوسق کا دروازہ توڑ ڈالا گھس پڑے اتامش کو اور اس کے نائب شجاع بن قاسم کو قتل کر کے مال و اسباب کو لوٹ لیا۔

خلیفہ مستعین نے اس کے بجائے ابو صالح عبداللہ بن محمد بن یزداد کو عہدہ وزارت سے ممتاز کیا وصیف کو اہواز کی اور بغا صغیر کو فلسطین کی سند حکومت عطا کی کچھ عرصہ بعد بغا صغیر اور وزیر السلطنت ابو صالح سے ان بن ہو گئی ابو صالح بخوف بغا صغیر بغداد بھاگ گیا تب مستعین نے قلمدان وزارت محمد بن فضل جرجانی کے سپرد کر دیا اور دیوان رسائل پر سعید بن حمید کو مامور فرمایا۔

ابو الحسین کا ظہور: یحییٰ بن عمر بن یحییٰ بن حسین بن زید شہید کوفہ میں رہتے تھے کنیت ابو الحسین تھی ان کی ماں عبداللہ بن جعفر کی نسل میں سے تھیں یہ آل ابو طالب کے مشاہیر بزرگوں میں سے تھے غربت اور کم ہمتی کی وجہ سے افلاس اور تنگی کی

نے کیا تھا یہ ان دنوں خلیفہ الواثق کے عہد میں تھے انہیں دنوں عمر بن فرج الرخجی عہدہ حکومت پر متمکن تھے۔ آل ابو طالب کا معاملہ انہی کے سپرد تھا خراسان سے آیا ابوالحسین ان سے ملنے گئے اپنی فقر و فاقہ افلاس کی ذلت اور حاجات کا حال بیان کر کے ہمدردی اور صلہ رحم کے خواستگار ہوئے عمر بن فرج نے سخت درشت الفاظ سے مخاطب کر کے قید کر دیا جب لوگوں نے ضمانت دی تو رہا کیا گیا۔

ابوالحسین قید سے رہا ہو کر بغداد پہنچے پھر بغداد سے سامرا آئے وصیف سے ملاقات کی اپنی بے کسی اور محتاجی کو بیان کر کے کچھ وظیفہ مقرر کیے جانے کی بابت عرض و معروض کی۔ وصیف نے کچھ بدمزاجی سے جواب دیا۔ ذلت و ملامت اٹھا کر نکلوا دیا۔ مجبوراً نہایت پریشان کوفہ واپس آئے ان دنوں کوفہ میں محمد بن عبداللہ بن طاہر کی جانب سے ایوب بن حسین بن موسیٰ بن جعفر بن سلیمان بن علی والی تھے۔ ابوالحسین نے کوفہ میں پہنچ کر بادیہ نشینان عرب اور اعرابیوں کو جمع کر کے قصبہ میں جمع کیا اور آل محمد کی محبت اور ان سے راضی ہونے کی دعوت دی۔ سب نے بخوشی اس دعوت کو منظور و قبول کیا جیل کے دروازے توڑ کر قیدیوں کو نکال لیا عامل شہر کو شہر سے نکال دیا۔ دفاتر کو جلا دیا بیت المال سے دو ہزار دینار اور ستر ہزار درہم اور ہتھیار دستیاب ہوئے۔

ابوالحسین کی فتوحات: چنانچہ پولیس نے محمد بن عبداللہ بن طاہر کو اس سے مطلع کیا محمد بن عبداللہ نے عبداللہ بن محمود سرخسی کو ایوب بن حسین کے ساتھ جنگ یحییٰ بن عمر پر بھیجا۔ چنانچہ عبداللہ بن محمود اور ایوب نے ابوالحسین سے صف آرائی کی ابوالحسین نے پہلے ہی حملے میں ان کو شکست دے دی۔ ... کے ساتھ مقابلہ کر کے کوفہ کی جانب قدم بڑھائے زیدیہ اطراف سے ... کر کے ... تک پہنچے ... لشکر تیار کیا محمد بن عبداللہ نے پھر حسین بن اسماعیل بن ابراہیم بن مصعب کو اس پر ... دولت تمام ... حسین بن اسماعیل اپنا لشکر مرتب کر کے ابوالحسین کی طرف روانہ ہوا اور ابوالحسین نے کوفہ کی طرف مراجعت کی عبدالرحمن بن خطاب معروف بہ وجہ الفلس سے مڈبھیڑ ہوئی ابوالحسین اس کو شکست دے کر کوفہ چلے گئے اور عبدالرحمن بن خطاب نے میدان جنگ سے بھاگ کر لشکر شاہی میں دم لیا۔

ابوالحسین کا قتل: اہل بغداد اور عراق کے عوام و خواص نے زیدیہ کی امداد پر کمر باندھی ابوالحسین کے پاس جوق در جوق آ کر جمع ہونے لگے اسی اثناء میں حسین بن اسماعیل کوفہ کے قریب آ پہنچا عبدالرحمن بن خطاب بھی پیچھے سے آ ملا ابوالحسین نے کوفہ سے نکل کر صف آرائی کی تمام رات ترتیب لشکر میں مصروف رہے صبح ہوتے ہی حملہ کر دیا۔ حسین بن اسماعیل کے ہمراہیوں نے سنبھل کر ایسا پر زور حملہ کیا کہ ابوالحسین کے رکاب کی فوج میدان جنگ سے بھاگ گئی۔ ... ایک گروہ ... حسین نے ... کو گرفتار کر لیا ... یحییٰ بن عمر (یعنی ابوالحسین) کے مارے جانے پر لڑائی کا خاتمہ ہوا سر اتار کر نامہ بشارت فتح کے ساتھ محمد بن عبداللہ بن طاہر کے پاس بھیج دیا گیا اور محمد بن عبداللہ بن طاہر نے اس کو خلیفہ مستعین کی خدمت میں روانہ کر دیا۔ خلیفہ مستعین نے ایک صندوق میں بند کرا کے سلاح خانہ میں رکھوا دیا اور قیدیوں کو جیل میں ڈال دیا (یہ واقعہ ماہ رجب ۲۵۰ھ کا ہے)

طبرستان میں حکومت علویہ کا قیام: جس وقت محمد بن عبداللہ بن طاہر کو یحییٰ بن عمر پر فتح یابی حاصل ہوئی جیسا کہ آپ اوپر پڑھ آئے ہیں، خلیفہ مستعین نے اس کی خدمت کے صلہ میں طبرستان میں جاگیریں مرحمت فرمائیں، ان میں ایک جاگیر صوبہ دیلم کے قریب اور سرحد پر واقع تھی۔ اس جاگیر کے متعلق ایک قطعہ زمین بھی تھی جس کو لوگ مویشی چرانے اور لکڑیاں کاٹنے کے کام میں لاتے تھے۔ [illegible] محمد بن عبداللہ بن طاہر کی جانب سے اس کا چچا سلیمان بن عبداللہ [illegible] (محمد بن عبداللہ بن طاہر کا چچا) طبرستان کا عامل تھا۔ محمد بن اوس نامی ایک شخص سلیمان کا عامل طبرستان میں [illegible] تھا۔ [illegible] محمد بن اوس نے اپنے لڑکوں کو طبرستان کے شہروں میں مختلف عہدوں پر مقرر کر رکھا تھا۔ ان لوگوں کی [illegible] سے [illegible] اور [illegible] اہل دیلم میں داخل ہو کر [illegible] قتل و غارت کیا۔ [illegible] اہل طبرستان والوں سے مصالحت کی اس سے ان لوگوں کو بھی [illegible] ناگوار گزرا۔

اہل طبرستان کی مزاحمت: اس اثناء میں محمد بن اوس نے [illegible] جاگیرات پر قبضہ کرنے کو روانہ طبرستان ہوا اور آمد [illegible] پر قابض و متصرف ہونے کا قصد کیا [illegible] کے [illegible] مزاحمت کی اور دونوں بھائیوں [illegible] سے [illegible] لوگوں سے اتفاق کر کے [illegible] طبرستان کے پاس [illegible] آئے۔ رستم نے اپنے دونوں بیٹوں [illegible] دیلم [illegible] سلیمان والی طبرستان کا مقابلہ [illegible] کے لئے طبرستان میں [illegible] کی خدمت میں [illegible] امامت کا دعویٰ کیجئے [illegible] ہم [illegible] تمام [illegible] کے [illegible] نے اس سے [illegible] [illegible] کے [illegible] خدمت میں [illegible] ہیں۔

حسن بن زید کی بیعت: رستم نے اپنے ایک خاص آدمی [illegible] محمد بن ابراہیم کے خط کے ساتھ حسن بن زید کی خدمت میں روانہ کیا۔ حسن بن زید [illegible] رے سے طبرستان آ پہنچے [illegible] اہل [illegible] اور دیلم کو ایک [illegible] ہو گیا۔ [illegible] ان کے سردار [illegible] ان سے لوگوں نے [illegible] حسن بن زید کے ہاتھ پر بیعت کی اور سلیمان [illegible] کے عاملوں کو طبرستان سے نکال دیا گیا۔ سلیمان [illegible] ان کے مقابلہ [illegible] طبرستان [illegible] ایک [illegible] ہو گیا۔

آمد پر جنگ: حسن [illegible] [illegible] آمد پر [illegible] محمد بن اوس [illegible] پہنچتے ہی [illegible] [illegible] سلیمان [illegible] [illegible] ان کا [illegible] [illegible] [illegible] نے [illegible] کیا۔ چنانچہ [illegible] ایک میدان میں [illegible] [illegible] حسن بن زید [illegible] ایک [illegible] میدان جنگ [illegible] لشکر میں [illegible] سلیمان [illegible] بھاگ [illegible]

ہوا۔ حسن بن زید نے کوہستان کے ساتھ ساری پر قبضہ کر لیا۔ سلیمان نے [illegible] ایک کشتی پر سوار ہو کے طبرستان سے راستے جرجان بھاگ گیا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ سلیمان نے [illegible] شکست اختیار کی تھی کیونکہ [illegible] معاملات [illegible] تھا

رے پر قبضہ: [illegible] حاصل کر لینے کے بعد حسن بن زید نے [illegible] جاتا [illegible] کی جانب [illegible] کیا [illegible] حسن [illegible] جو حسن بن زید کے [illegible] طرف سے [illegible]

محمد بن جعفر کی گرفتاری: محمد بن جعفر [illegible] حسن بن زید [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] سلیمان [illegible] طاہر [illegible] [illegible] چلے گئے اور [illegible] سلیمان نے [illegible] [illegible]

[illegible] کی آمد: اس [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] چلے گئے [illegible] کے ساتھ قبضہ کر لیا اور [illegible] حسن بن زید کے [illegible] [illegible]

[illegible] کے قتل کی کوشش: [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

کرتا تھا۔ باغر کا جوش اس تقرر کے سنتے ہی قدرے فرو ہو گیا۔ لوٹ آیا۔ بغا صغیر نے ایک شخص عمرانی کو ان تمام واقعات سے مطلع کر دیا اور نیز یہ کہلا بھیجا کہ باغر کے تیور اچھے نظر نہیں آتے۔ ذرا ہوشیار رہنا۔ اور باغر سے [illegible] کیا گیا۔ [illegible] کو معزول کر دیا گیا مگر پھر بھی باغر کا غصہ کم نہ ہوا اور دار الخلافت کی آمد و رفت بند کر دی۔

باغر کے خلاف شکایات: ایک روز بغا صغیر حسب عادت قصر [illegible] میں [illegible] نے خلیفہ مستعین کی خدمت میں حاضر ہو۔ خلیفہ مستعین نے وصیف سے [illegible] کے اقبال اور باغر کی کیفیت دریافت کی۔ وصیف نے عرض کیا اے امیر المومنین اس معاملہ کو [illegible] زیادہ [illegible] چاہتے ہیں [illegible] ہمارے نزدیک باغر اچھا آدمی نہیں ہے۔ خلیفہ مستعین [illegible] کر بغا صغیر کی طرف [illegible] کرنے کی غرض سے متوجہ ہوا۔ [illegible] ترکوں کو اس کی اطلاع ہوئی تو انہوں نے اپنے [illegible] شروع کیا جنہوں نے خلیفہ متوکل کے قتل کا اس سے عہد و پیمان کیا تھا اور ان لوگوں سے [illegible] خلیفہ مستعین اور وصیف کو مار ڈالنے اور خلیفہ معتصم یا واثق کی اولاد کو مسند خلافت پر بٹھانے کا اقرار لیا۔ اس مشورہ سے [illegible] اس کارروائی کے [illegible] کے بعد انہی کے ہاتھ میں ہوئی۔

سازش کا انکشاف: جب یہ خبر خلیفہ مستعین کے کانوں تک پہنچی۔ بغا صغیر اور وصیف کو بلا بھیجا [illegible] دونوں حاضر ہوئے تو خلیفہ مستعین نے ان سے یہ واقعات بیان کئے۔ بغا اور وصیف نے [illegible] خلیفہ مستعین نے باتفاق رائے بغا اور وصیف باغر کو [illegible] کے گرفتار کر کے قید کر دینے کا حکم دیا۔ جس کی تعمیل حکم کے صادر ہوتے ہی نہایت مستعدی سے کی گئی۔

باغر کا قتل: ترکوں میں اس خبر کا پہنچنا تھا کہ [illegible] ہو گئے اور [illegible] اصطبل کو لوٹ لیا۔ [illegible] کے گھوڑوں پر سوار ہو کر [illegible] شاہی کی طرف آئے [illegible] وصیف نے [illegible] قتل [illegible] باغر کے قتل کا ایک [illegible] مستعین [illegible] بغا اور وصیف [illegible]۔

ترکوں میں ہیجان: باغر کے قتل ہو جانے [illegible] پوچھا کہ بغا اور وصیف [illegible] تو ترکوں کا جوش [illegible] اور [illegible] کے [illegible] بازار میں ترکوں نے [illegible] کر رکھا تھا۔ مجبوراً بغا، وصیف [illegible] خلیفہ مستعین سامرا سے نکل کر بغداد چلے آئے اور [illegible] محمد بن عبداللہ بن طاہر کے مکان پر قیام پذیر ہوئے۔ ان لوگوں کے پیچھے آنے کے بعد [illegible] آ گئے۔

[illegible] خلیفہ مستعین [illegible] کے امرا [illegible] سے ان کے [illegible] خیال [illegible] واپس [illegible] کے متعلق [illegible] تھے۔

مستعین کا بغداد میں قیام: جس وقت خلیفہ مستعین نے [illegible] بغداد میں [illegible] مستقل [illegible] ترکوں کو [illegible] بغداد میں خلیفہ مستعین کے پاس آ کے [illegible]

[illegible] خلیفہ مستعین [illegible]

معتز کی بیعت [illegible]

[illegible]

[illegible]

مستعین کا [illegible]

[illegible]

سے خط و کتابت کر رہے تھے اور ہر آن اس کو اپنی طرف بلاتا تھا آخر الامر موسیٰ بن بغا کبیر معتز کی جانب مائل ہو گیا خلیفہ مستعین کی بیعت خلافت توڑ کر معتز کے پاس چلا گیا۔ عبداللہ بن بغا کبیر سامرا سے بغداد آیا خلیفہ مستعین کی دست بوسی کی اور یہ ظاہر کیا کہ میں آپ کے قدموں پر جان نثار کرنے آیا ہوں کچھ عرصہ بعد جب موسیٰ بن بغا کبیر معتز سے جا ملا تو یہ بھی بغداد سے بھاگ کر سامرا پہنچا اور معتز سے یوں بیان کیا کہ میں مستعین کے حالات دریافت کرنے کے لئے بغداد گیا تھا۔ معتز نے اس معذرت کو قبول کر لیا اور اس کے عہدہ پر اس کو بحال رکھا۔ اس کے بعد حسن بن افشین سامرا سے بغداد آ گیا۔ خلیفہ مستعین نے خلعت فاخرہ سے سرفراز فرما کر اشروسیہ کی سرداری عنایت کی۔

بغداد کی طرف پیش قدمی: جس وقت امراء شہر و ارکان دولت جس کو جس طرف ملنا تھا مل گئے اور ایک گونہ کا امن مستعین پر طاری ہوا اسی وقت معتز نے اپنے بھائی ابو احمد بن متوکل ملقب بہ موفق کو جنگ بغداد کا اہتمام عنایت کیا اور ایک بہت بڑا لشکر مرتب کر کے ہمراہ کلباتکین نامی سپہ سالار کلباتکین ترکی موفق کی ماتحتی میں دیا۔ چنانچہ موفق پانچ ہزار کی جمعیت کے ساتھ جس میں اتراک فراغنہ اور مغاربہ تھے بغداد کی جانب بڑھا جب عکبرا پہنچا۔ عکبرا اور بغداد کے جس قدر قصبات و دیہات تھے سب کو لوٹ لیا بغا صغیر کے ہمراہیوں کی ایک جماعت موفق کے پاس چلی آئی۔ موفق کا لشکر بڑھتے بڑھتے باب شماسیہ تک پہنچ گیا۔ خلیفہ مستعین نے حسین بن اسماعیل کو مع ابراہیم بن حسن بن مصعب کو باب شماسیہ پر مامور کیا اور چند نامی سپہ سالاروں کو اس کی ماتحتی میں کام کرنے کا حکم دیا۔ ۹ صفر ۲۵۱ھ کو ترکوں کا ہراول بڑھتا بڑھتا باب شماسیہ کے قریب پہنچا محمد بن عبداللہ بن طاہر نے شماسیہ، دیکال اور بید و قطربل پر حسین بن اسماعیل کی کمک پر روانہ کیا اور اگلے دن ۱۰ ماہ صفر ۲۵۱ھ کو دن کا روتیخ کو محمد بن عبداللہ بن طاہر مع بغا و وصیف اور مجتہد قتالہ کے موفق کے لشکر کے قریب آئے اور پکارا: "کہ تم لوگ خلیفہ وقت سے جہاد کرتے ہو جس طرح اس کے پیشتر تم لوگ اس کی اطاعت میں تھے اسی طرح اب بھی اس کی اطاعت میں آ جاؤ یہ کیا دھوکہ کرتے ہو کہ معتز کو خلیفہ مستعین کے بعد مسند خلافت کا وارث بنائے گئے"۔ موفق کے لشکر والوں نے منظور نہ کیا لوٹ آئے۔

معرکہ شماسیہ: دوسرے دن ان سپہ سالاروں کی جو باب شماسیہ پر متعین تھے اور جن کے سپرد اہتمام جنگ تھا یہ رائے قرار پائی کہ آج جنگ کرنے کا ارادہ نہیں ہے۔ باب شماسیہ سے وہ لوگ بہت قریب آ گئے تھے۔ محمد بن عبداللہ بن طاہر نے پشت دیوار پر لکھ بھیجا کہ کل لڑائی کا ارادہ ہے، یہاں تک کہ دشمن تم پر چڑھ آئے اور وہ حملہ کریں تو تم مدافعت کے علاوہ جنگ نہ کرو اسی روز عبداللہ بن سلیمان نائب بغا صغیر کا معتز سے تین سو آدمیوں کی جمعیت کے ساتھ آ پہنچا محمد بن عبداللہ بن طاہر نے انعام اور خلعت سے عزت بخشی اس کے دوسرے دن ترکوں نے باب شماسیہ کی طرف پھر پیش قدمی کی حسین بن اسماعیل مع فوج کے مقابلہ پر آیا لڑائی چھڑ گئی دونوں طرف کے بہت سے آدمی کام آئے اور سینکڑوں زخمی ہوئے۔ بالآخر حسین بن اسماعیل کے لشکر کو شکست ہوئی ترکوں میں سے ایک گروہ نے نہروان کا رخ کیا۔

خراسان پر قبضہ: محمد بن عبداللہ بن طاہر نے اس سے مطلع ہو کر اپنے ایک سپہ سالار کو تھوڑی سی فوج کے ساتھ ترکوں کی

سامرا کا لشکر باب شماسیہ پر آ پہنچا طبری میں بجائے ... تاریخ کامل جلد ۷ صفحہ ۵۰

روک تھام کے لیے روانہ کیا۔ ترکوں نے اس سپہ سالار کو شکست دے کر خراسان کے راستے پر قبضہ کر لیا اور بغداد کو خراسان سے بے تعلق کر دیا۔ اس کے بعد معتز نے ایک دوسرا لشکر بغداد کی جانب روانہ کیا۔ جس کی تعداد چار ہزار تھی اس لشکر نے بغداد کی جانب غربی مورچہ قائم کیا۔

شاہ ابن میکال کی فتح ابن طاہر نے اس کے مقابلہ پر شاہ ابن میکال کو متعین کیا فریقین خم ٹھونک کر میدان میں آئے لڑائی ہوئی شاہ ابن میکال نے معتز کے لشکر کو زک فاش شکست دی مظفر و منصور میدان جنگ سے واپس ہو کر بغداد آیا ابن طاہر نے اس کو اور ان کل سپہ سالاروں کو جو اس معرکہ میں اس کے ہمراہ تھے ہر ایک کو پانچ پانچ خلعتیں طوق اور سونے کے کنگن مرحمت کئے جنگی ضرورتوں کے خیال اور میدان جنگ کے وسیع ہونے کے لحاظ سے باب شماسیہ تک جس قدر مکانات باغات اور دوکانیں تھیں منہدم کرا دیں۔

اہواز کا خراج اس اثناء میں فارس اور اہواز کا خراج منکجور اشروسنی کے ساتھ آ پہنچا ترکوں نے لوٹ لینے کا قصد کیا ابن طاہر کو اس کا خطرہ پہلے ہی سے پیدا ہو گیا تھا ایک جماعت کو اس کی حفاظت پر مامور کر دیا ترکوں کی ایک بھی پیش نہ گئی منکجور مع خراج فارس و اہواز بلا تعرض بغداد میں داخل ہو گیا۔

جب ترکوں کو اس غارت گری میں کامیابی نہ ہوئی تو کھسیانے ہو کے نہروان کی طرف گئے اور پل کی کشتیوں کو جلا دیا۔

محمد بن خالد کی شکست اس سے پیشتر خلیفہ مستعین نے محمد بن خالد بن یزید بن مزید کو ثغور جزیرہ کا والی مقرر کیا تھا چنانچہ محمد بن خالد لشکر کے انتظار و فراہمی مال میں اب تک وہاں ٹھہرا ہوا تھا ترکوں کی بغاوت اور خلیفہ مستعین کے محصور ہو جانے کی خبر لگی جھٹ پٹ کوچ کر دیا اور بغداد آ پہنچا ابن طاہر نے اس کو بھی خلعت فاخرہ سے سرفراز فرمایا اور ایک عظیم الشان لشکر کا افسر اعلیٰ بنا کر ترکوں سے جنگ کرنے کیلئے روانہ کیا ترکوں نے اس کو بھی شکست دے دی۔ بھاگ کر سواد چلا گیا اور وہیں مقیم ہوا۔ ابن طاہر کو اس واقعہ کی خبر ہوئی بے ساختہ بول اٹھا لا یفلح احد من العرب الا ان یکون معہ نبی ینصرہ اللہ بہ

ترکوں کی لوٹ مار: ان واقعات سے ترکوں کی جرأت بڑھ گئی نہایت تیزی سے شہر کی طرف بڑھے نہایت شدت سے لڑائی شروع کر دی۔ لڑتے لڑتے شہر پناہ کی دیوار تک پہنچ گئے گرد و نواح کے بازاروں کو لوٹ لیا۔ اس روز افزوں جنگ و خوں ریزی سے اہل بغداد پر تو عرصہ جہاں تنگ ہو ہی رہا تھا کہ دفعتاً یہ خبر وحشت اثر پہنچی کہ بعض لوگوں سے معتز کی بیعت خلافت لے رہا ہے ارکان سلطنت یہ سن کر گھبرا گئے ابن طاہر بولا "ایسا نہیں ہے۔ غالباً اس کو خلیفہ مستعین کے مرنے کا گمان پیدا ہو گیا ہے"۔ ابن طاہر کا یہ خیال درحقیقت نہایت صحیح تھا چنانچہ جس وقت عام لوگوں کو معلوم ہوا کہ خلیفہ مستعین بخیر و سلامت مسند خلافت پر رونق افروز ہے اسی وقت معتز کی بیعت فسخ کر کے خلیفہ مستعین کی تجدید بیعت کی اور ایک خط عرض داشت مشعر اطاعت و فرمانبرداری دربار خلافت میں بھیج دی۔

موسیٰ بن بغا کا اختلاف موسیٰ بن بغا جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں ترکوں کے ہمراہ تھا۔ لیکن کچھ سوچ سمجھ کر خلیفہ مستعین سے ملنے کا قصد کیا ہمراہیوں نے اس رائے سے مخالفت کی مخالفت سے مباحثہ شروع ہو گیا اور پھر مباحثہ سے جنگ کی نوبت پہنچ گئی۔ چند آدمی کام آ گئے۔ موسیٰ بن بغا مجبور ہو کر اپنے ارادہ سے باز آیا۔

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

کے لشکر گاہ اور کل مال و اسباب پر قبضہ کر لیا۔ منہزموں کا ایک گروہ اسی شب کو بھاگ کر بغداد پہنچا اور سپہ سالاروں کی ایک جماعت اس کے لشکر سے بعد ابو زمعتز سے مل گئی جس میں علی و محمد پسران خلیفہ واثق بھی تھے یہ واقعہ ماہ رجب ۲۵۱ھ کا ہے۔

اہل بغداد اور ترکوں میں جھڑپیں اس واقعہ کے بعد فریقین میں متعدد لڑائیاں ہوئیں جانبین سے بڑے بہادر کام آئے انہیں لڑائیوں کے اثناء میں ایک مرتبہ ترکوں کا لشکر بغداد میں داخل ہو گیا اور پھر اہل بغداد نے ان کو مار کر نکال باہر کیا۔ بعد ازاں ترکوں نے مدائن کی طرف فوج کشی کر دی۔ ابو الساج سے مدائن میں متعدد لڑائیاں ہوئیں بالآخر ابو الساج ترکوں کی مدافعت نہ کر سکا ترکوں نے مدائن پر قبضہ کر لیا اسی اثناء میں دو ترکی لشکر جو انبار میں تھا بغداد کی غربی جانب سے قتل و غارت کرتا ہوا پہنچا صرصر اور قصر ابن ہبیرہ تک لوٹتے ہوئے بڑھ آئے۔ ماہ ذیقعدہ ۲۵۱ھ تک یہ سلسلہ محاصرہ برابر قائم رہا۔

ماہ ذیقعدہ کی آخری تاریخ میں بہت بڑی خونریز لڑائی ہوئی اس کی نظیر پیشتر کی لڑائیوں میں نظر نہیں آتی۔ ایک روز ابن طاہر نے دیکھا کہ دشمن طویل محاصرہ سے گھبرا کر اپنے تمام سپہ سالاروں اور سرداران لشکر کو جمع کیا۔ دیر تک ایک پر زور تقریر سے ان کو ابھارتا رہا جب ان لوگوں کے چہرے سرخ ہو گئے اور سرخ سرخ آنکھوں سے جوش انتقام کا خون ٹپکنے لگا تو ابن طاہر نے نصر من اللہ و فتح قریب کہہ کر حملہ کا حکم دیا۔ لشکری اس حکم کے صادر ہوتے ہی غراتے ہوئے شیروں کی طرح ڈکارتے ہوئے ترکوں کے لشکر پر جا پڑے ہنگامہ قتل و خونریزی گرم ہو گیا اس واقعہ میں ترکوں کو شکست ہوئی ایک حصہ کثیر ان کی فوج کا کام آ گیا۔ بقیۃ السیف کی رکاب میں جس جگہ کی دستیابی ہوئی اپنی قوم کو چھوڑ کر بھاگے ہوئے ترکوں سے جا ملا جس سے ترکوں کو ایک گونہ قوت ہوئی مرتب ہو کر پھر دوبارہ پلٹ پڑے اہل بغداد کو شکست ہوئی اور بھاگ کھڑے ہوئے۔

مصالحت کی کوشش ماہ ذی الحجہ ۲۵۱ھ میں رشید بن کاؤس برادر افشین فریقین میں مصالحت کرانے کی غرض سے ترکوں کے لشکر میں امان حاصل کر کے گیا ترکوں نے ابن طاہر پر خلیفہ مستعین کے معزول کرنے کی تحریک کی جب رشید ترکوں کے لشکر سے واپس آیا اور اہل بغداد کو معتز اور اس کے بھائی ابو احمد کا سلام پہنچایا اہل بغداد نے یہ سنا اور ابن طاہر کو گالیاں دیں اور سخت و سست کلمات سے مخاطب کیا اور منہ موڑ کر چیخنے کے قصر سے رشید کے مکان کی طرف چلے۔ ابن طاہر خلیفہ مستعین سے اس ہنگامہ کے فرو کرنے کی اجازت حاصل کر کے ان لوگوں کے پاس آیا۔ وہ اس خیال سے جس کو وہ ظاہر کرنا چاہتے تھے وہ کچھ الزامات سے خود کو بری الذمہ ظاہر کیا۔ اہل بغداد کے خیالات اس کے سمجھانے سے درست ہو گئے فتنہ فرو ہو گیا اور سب اپنے اپنے مکانات پر واپس آ گئے۔

بدظنی کی فضا پھر ابن طاہر اور ابو احمد میں خط و کتابت شروع ہوئی عوام الناس اور لشکریوں کو بدظنی کا موقع ملا یہ خیالات فاسدہ جو اس کے طرف سے قبل اس کے پیدا ہو گئے تھے پھر دوبارہ تازہ ہو گئے۔ لشکریوں نے اپنی تنخواہیں اور روزینے طلب کئے ابن طاہر نے ان لوگوں کو فتنہ فرو کرنے کا حکم دیا اور دو مہینہ کی تنخواہ دینے کا وعدہ کیا لشکریوں نے یک زبان ہو کر

کہا: "ہم اس وقت تک اس محل سے باہر نہیں آئیں گے جب تک ہم کو خلیفہ مستعین کی صحیح رائے معلوم نہ ہو، کیونکہ ایسا ہو رہا ہے کہ ہم کو یہ خطرہ پیدا ہو رہا ہے کہ مبادا ترکی لشکر بغداد پر متصرف و قابض نہ ہو جائے اور ہمارے ساتھ بھی وہی برتاؤ نہ کرے جیسا کہ انھوں نے سامرا والوں کے ساتھ کیا ہے"۔ ابن طاہر نے یہ تمام واقعات خلیفہ مستعین سے مخاطب ہو کر بیان کئے۔ خلیفہ مستعین نے ترکوں کو سمجھانے کی غرض سے دارالامارہ کی چھت پر آیا [illegible] احمد بن [illegible] دوسرے دن بھی [illegible] تو تمام ترکی لشکر کو [illegible] ترک لوگ [illegible] قسم [illegible] محمد بن عبداللہ [illegible] ہے اور دوست [illegible] بغداد کو خلیفہ مستعین کی قسم کھانے سے انکار ہو گیا۔ خیالات فاسدہ دور ہو گئے، سب کے سب لوٹ [illegible] اور فتنہ و فساد کا یکسر خاتمہ ہو گیا۔

ابن طاہر کا قصد مدائن: ابن طاہر بغداد والوں کے دن بہ دن رنگ ڈھنگ دیکھ کر بغداد سے مدائن چلے جانے کا قصد کیا، رعایا نے حاضر ہو کر معذرت کی کہ یہ فعل بازاریوں کا ہے، ہم لوگ اس سے بری ہیں اور اگر ہم ایسا قصور وار سمجھے جاتے ہیں تو معاف فرمایئے۔ ابن طاہر نے ان لوگوں کو کمال شائستگی سے نہایت معقول جواب دے کر واپس کیا۔ اس کے بعد خلیفہ مستعین مع ابن طاہر کے مکان سے منتقل ہو کر رزیق خادم کے مکان پر چلا آیا۔ ترکی سرداران لشکر اور سرداران بنی ہاشم کو ابن طاہر کے ہمراہ رہنے اور ان کے ساتھ ہو کر جنگ کرنے کی ہدایت دی گئی۔

ابن طاہر کا نعرۂ خیر خواہی: ایک روز ابن طاہر بہ قصد جنگ مکان سے باہر آیا [illegible] لشکر [illegible] طرف گیا اور سرداران لشکر کو جمع کر کے کہا کہ "واللہ میں خلیفہ مستعین کے سوا اور کسی کا خیر خواہ نہیں ہوں جب تک میرے دم میں دم ہے اس وقت تک خلافت پناہی کی حمایت اور ہمدردی کا حق ادا کرتا رہوں گا"۔ لوگوں نے اس کے نعرے پر [illegible] مرحبا مرحبا، جزاک اللہ خیراً کہا۔ ابن طاہر ان لوگوں سے رخصت ہو کر خلیفہ مستعین کی طرف چلا۔

مستعین کے خلاف سازش: راستہ میں کسی فتنہ پرداز نے یہ خبر دی کہ "تم کس خیال میں ہو، جس کی ہمدردی اور خیر خواہی میں خود کو ہلاک کر رہے ہو اس نے تو بغداد والوں سے تمہارے قتل پر معاہدہ کیا تھا مگر ان لوگوں نے اس حکم کی تعمیل نہ کی"۔ یہ خبر سنتے ہی ابن طاہر کے چہرہ کا رنگ اڑ گیا، اسی تردد اور پریشانی کی حالت میں اپنے مکان پر واپس آیا۔ اس کا [illegible] امرا [illegible] آ گئے۔ ان دونوں نے بھی خلیفہ مستعین کی طرف سے اسی قسم کی خبر بیان کی۔ تب تو ابن طاہر کے ہوش اڑ گئے۔ طرح طرح کے خیالات اس کے دل میں آنے لگے، مگر بڑے استقلال سے ضبط کیا اور کسی پر ظاہر نہ ہونے دیا۔ تاآنکہ عید الاضحیٰ کا دن آ گیا۔

صلح نامہ: عید الاضحیٰ کے بعد ابن طاہر خلیفہ مستعین کی خدمت میں سلام کرنے کو حاضر ہوا، اس وقت فقہاء و قضاۃ اور ارکان دولت بھی موجود تھے۔ ابن طاہر نے عرض کی "امیر المومنین کی مرضی ہو تو ابو احمد سے مصالحت کر لی جائے اور صلح نامہ بھی لکھ دیا جائے"۔ خلیفہ مستعین نے کہا "اچھا"۔ ابن طاہر رخصت ہو کر باب شماسیہ کی جانب آیا اور [illegible] خلیفہ مستعین کی خدمت میں پھر واپس آیا اور عرض کی کہ صلح نامہ مکمل طور پر مرتب ہو گیا ہے اور شرائط صلح یہ ہیں (۱) آپ خود

خلافت سے معزول کیجئے۔ (٢) پانچ ہزار دینار نقد لشکریوں کو مرحمت کیجئے تین برس کی جاگیر دیجئے۔ (٣) دارالخلافہ چھوڑ کر حجاز میں باامن و امان قیام فرمائیے (٤) بغا کو وزارت حجاز اور وصیف کو حکومت جبل دی جائے (٥) خراج کا تیسرا حصہ ابن طاہر اور لشکر بغداد کو دیا جائے اور باقی دو حصہ موالی اور اتراک کو"۔ خلیفہ مستعین نے اولاً اس زعم فاسد سے کہ وصیف اور بغا میرے ہوا خواہ ہیں ان شرائط کو منظور نہ کیا۔ لیکن جب یہ امر پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا کہ یہ دونوں بھی ابن طاہر کے ہم صفیر ہیں راضی ہو گیا۔ علاوہ ازیں ابن طاہر نے اس کو اس سے مجبور کیا تھا اور فقہاء و قضاۃ کو طلب کر کے اس امر کا ان کو شاہد بنایا کہ میں نے اپنے تمام امور کو ابن طاہر کے سپرد کر دیا ہے۔ اس کے بعد سپہ سالاران لشکر کو بلا بھیجا جب وہ سب حاضر آئے تو یہ بیان کیا "کہ اس سے میرا مقصود ہے کہ خون ریزی تھم جائے اور تم لوگوں کی جانیں بچ جائیں جو معرض زوال میں پڑ رہی ہیں۔ لہٰذا تم لوگ میری اس تحریر کے ساتھ مع ہمراہی ابن طاہر معتز کے پاس جاؤ اور میرے اقرار کی شہادت دو چنانچہ یہ لوگ ابن طاہر کے خط کے ہمراہ محرم ٢٥٢ھ کی چار راتیں گزر چکی تھیں معتز کے پاس آئے۔

باب: ۱۷

مستعین کی خلافت سے دستبرداری ۲۴۸ھ تا ۲۵۵ھ

جس وقت وہ صلح نامہ جس کو ابن طاہر نے مرتب کیا تھا سپہ سالاران لشکر اور معتز کے دستخطوں کے ساتھ مکمل ہو گیا اہل بغداد نے معتز کی خلافت کی بیعت کر لی جامع مسجد بغداد میں اس کے نام کا خطبہ پڑھا گیا خلیفہ مستعین نے بھی بیعت کی اور اپنی معزولی کا اعلان کیا خلیفہ معتز نے اس کو رصافہ سے قصر حسن بن سہل میں لا کر ٹھہرایا اور اس کے ہمراہ اس کے اہل و عیال بھی تھے۔ چادر، عصا اور خاتم خلافت لے لی مکہ معظمہ جانے کی ممانعت کر دی۔ بصرہ جانے کی درخواست پیش کی یہ بھی نامنظور کی گئی مزید برآں یہ ہوا کہ قصر حسن بن سہل سے کشتی پر سوار کرا کر واسط بھیج دیا۔

امور سلطنت میں تبدیلیاں: ان واقعات کے بعد امور سلطنت میں بہت سی تبدیلیاں واقع ہوئیں خلیفہ معتز نے احمد بن ابی اسرائیل کو قلمدان وزارت سپرد کیا۔ ابو احمد (خلیفہ معتز کا بھائی) بغداد سے سامرا واپس آیا۔ آخر محرم ۲۵۲ھ میں ابو الساج دیوداد بن دیودست مزاحمت کر کے وارد بغداد ہوا تو ابن طاہر نے سواد کوفہ کا انتظام اس کے سپرد کیا چاہا تھا اس نے اتراک اور مغاربہ کی مزاحمت پر اپنے نائب کو مقرر کیا اور خود کوفہ کی جانب روانہ ہو گیا۔ اس کے بعد خلیفہ معتز نے ابن طاہر کو لکھ بھیجا کہ بغا، وصیف اور ان لوگوں کے نام جو ان کے ہمراہ جنگ میں ہیں دیوان سے خارج کر دیے جائیں۔

بغا اور وصیف کے خلاف سازش: اسی اثناء میں محمد بن ابی عون نامی ایک شخص نے جو ابن طاہر کے سپہ سالاروں میں تھا ابو احمد کی سازش سے بغا اور وصیف کے قتل کا بیڑا اٹھایا اور بارگاہ خلافت سے اس حسن خدمت کے صلہ میں یمامہ، بحرین اور بصرہ کی سند گورنری مرحمت کی گئی اتفاق سے بغا اور وصیف تک یہ خبر پہنچ گئی سوار ہو کر ابن طاہر کی خدمت میں آئے تمام حالات سے مطلع کیا لوگوں کی بد عہدی اور پیمان شکنی کی شکایت کی۔ ابن طاہر نے ان کو تسلی دے کر واپس کر دیا۔ اس کے بعد وصیف نے اپنی بہن سعاد کو مؤید کے پاس بھیجا مؤید نے اس کی آغوش تربیت میں پرورش پائی تھی اس کے کہنے سے خلیفہ معتز کی خدمت میں حاضر ہوا اور وصیف کی سفارش کر کے خطا معاف کرائی۔

ایسے ہی ابو احمد بن متوکل نے بغا کے ساتھ ہمدردی کی خلیفہ معتز نے عفو تقصیر کر کے ایک فرمان مشعر خوشنودی مزاج ان دونوں کے نام بھیج دیا۔ اس کے بعد ترکوں نے خلیفہ معتز سے کہہ سن کر بغا اور وصیف کے نام سامرا میں حاضری کا فرمان بھجوایا اور ادھر ابن طاہر کو لکھ بھیجا کہ بغا اور وصیف اگر سامرا آنے کا قصد کریں گے تو ہرگز نہ آنے دینا۔ بغا اور وصیف نے خلافت مآبی کا فرمان پاتے ہی سامرا کی تیاری کر دی۔ ابن طاہر نے روکنا چاہا۔ لیکن وہ منع کے بغداد سے روانہ ہو کر

سامرا پہنچے خلیفہ معتز نے ان دونوں کو خلعت فاخرہ سے سرفراز فرما کر ان کی گورنریوں پر ان کو بحال رکھا اور موسیٰ بن بغا کبیر کے پاس کے وکیل کو واپس کر دیا۔

لشکر بغداد کی سرکشی: ماہ رمضان ۲۵۲ھ میں باشندگان لشکر بغداد اور ابن طاہر کے ایک فتنہ برپا ہو گیا۔ یہ لوگ اپنے وظائف اور روزینے طلب کرنے کے لئے ابن طاہر کے پاس آئے تھے ابن طاہر نے جواب دیا "میں نے بارگاہ خلافت میں تمہارے وظائف اور روزینے کے متعلق ایک عرضی داشت بھیجی تھی خلافت پناہی نے تحریر فرمایا ہے کہ اگر تم نے لشکر بغداد کو اپنے لئے رکھا ہے تو اس کے مصارف تم برداشت کرو اور اگر ہمارے لئے رکھا ہے تو ہم کو اس کی حاجت نہیں ہے موقوف کر دو"۔ لشکر بغداد یہ سن کر شور و غل مچانے لگا ابن طاہر نے مجبور ہو کر دو ہزار دینار دے دیئے۔ ہنگامہ فرو ہو گیا۔ اپنی فرودگاہ پر واپس آیا۔ اس کے بعد پھر دوبارہ لشکر بغداد نے شورش کی اس مرتبہ ان کے ساتھ بجری۔ ماہ طلبی کی تھی۔ سرداران لشکر کے لئے شماسیہ پر خیمے نصب کئے اور عام سپاہیوں کے لئے سرکنڈے اور لکڑیوں کے مکانات بنائے۔ محمد بن ابراہیم نے بھی اپنے ہمراہیوں کو جمع کیا اور ان مکانوں کو جنگ آوروں سے پُر کر لیا۔ ان ہنگامائیوں کا یہ ارادہ ہوا کہ جمعہ کے روز خطیب کو معتز کے حق میں دعا کرنے سے روک دیں۔ خطیب یہ خبر پا کر گھر بیٹھ رہا اور علالت طبیعت کا بہانہ کر دیا۔ لشکر بغداد پل توڑنے کی غرض سے پل کی طرف بڑھا۔ ابن طاہر کی فوج نے مدافعت کے خیال سے مقابلہ کیا لڑائی ہوئی بالآخر ابن طاہر کی فوج کو اپنے ارادہ میں کامیابی ہوئی۔

بعد ازاں لشکر بغداد نے جانب شرقی لشکر کی مدد سے ابن طاہر کی فوج کو شکست فاش دی۔ ہنگامائیوں نے پل پر قبضہ کر لیا۔ ابن طاہر نے اس ہنگامہ ہوش ربا کو دیکھ کر ان دوکانوں کے جلا دینے کا حکم دیا جو دروازہ پل پر تھیں ان دکانوں میں آگ کا لگنا تھا کہ لشکر بغداد کا آگے بڑھنا موقوف ہو گیا۔ فریقین میں آگ حائل ہو گئی۔ ابن طاہر کی فوج نے پامال ہونے سے نجات پائی اور پیچھے منہ کر کے اپنے کیمپ میں واپس آئی۔ ابن طاہر نے پھر اسی وقت سے فوراً اس لشکر کی طرف توجہ کی اپنے نئے نئے سپہ سالاروں اور جنگ آوروں کو جمع کیا۔ کار آزمودہ سپاہیوں سے ایک تازہ دم فوج مرتب کی۔ اسی اثناء میں لشکر بغداد سے دو شخص ابن طاہر کے پاس آئے اور لشکر بغداد کا ایک پوشیدہ راستہ بتلا دیا۔ ابن طاہر نے شاہ بن میکال کو چند سپہ سالاروں اور تھوڑی سی فوج کے ساتھ اس راستہ کی طرف سے حملہ کرنے کی غرض سے روانہ کیا۔ یہ معرکہ بہت جاں گداز اور روح فرسا تھا۔ لشکر بغداد کا نامی سپہ سالار ابن خلیل اسی لڑائی میں مارا گیا۔ اس کے دوسرے سردار ابوالقاسم عبدون بن موفق نے ابن طاہر پر حملہ کیا۔ مگر کامیابی نہ ہوئی یہ بھی انہیں لڑائیوں کے اثناء میں مر گیا۔

مؤید کی معزولی کا حکم: ماہ رجب ۲۵۳ھ میں خلیفہ معتز نے اپنے بھائی مؤید کو ولی عہدی سے معزول کیا اس وجہ سے کہ علاء بن احمد عامل آرمینیہ نے مؤید کے پاس پانچ ہزار دینار کسی ضرورت سے بھیجے۔ عیسیٰ بن فرخان شاہ کو خبر لگ گئی۔ تاوان دینے سے لئے مؤید نے اتراک اور مغاربہ کو عیسیٰ بن فرخان شاہ کی مخالفت پر ابھار دیا۔ عیسیٰ نے بارگاہ خلافت میں حاضر ہو کر مؤید کی شکایت کی۔ معتز نے مؤید اور ابو احمد کو اسی وقت گرفتار کرا کے قید کر دیا۔ اسی زمانہ میں مؤید سے اس کی معزولی کا حکم نامہ لکھوایا۔

مؤید کا قتل: اس کے بعد خلیفہ معتز تک کسی نے یہ خبر پہنچائی کہ اتراک مؤید کو جیل سے نکال لانے کا ارادہ رکھتے ہیں خلیفہ معتز نے موسیٰ بن بغا سے استفسار کیا موسیٰ بن بغا نے لاعلمی ظاہر کی خلیفہ معتز نے اگلے دن مؤید کو جیل سے باہر لانے کا حکم

وہاں پہنچا تو موید کو باہر نکالا گیا تو مرا ہوا تھا اس کی ماں نے اس کی تجہیز و تکفین کر دی۔ کہا جاتا ہے کہ اس کی ناک اور منہ بند کر دیا گیا تھا جس کی وجہ سے دم گھٹ کر مر گیا۔ بعض کا بیان ہے کہ برف میں ٹھونس دیا گیا تھا اور ایک بہت بڑا نمدا اس پر رکھ دیا تھا جس سے اس کی موت واقع ہو گئی۔ غرض موید کے مر جانے کے بعد اس کا بھائی ابو احمد محمد جیل میں جو پاس تھا کو معتز نے اس کے لئے بھیج دیا گیا۔

سابق خلیفہ مستعین کا خاتمہ خلیفہ معتز نے موید کے قتل کے بعد معزول خلیفہ مستعین کے قتل کا ارادہ کیا۔ محمد بن عبداللہ بن طاہر کو لکھ بھیجا کہ ”بہ تعجیل معزول خلیفہ مستعین کو سعید حاجب کے حوالے کر دو“۔ ابن طاہر نے سیما خادم کی معرفت ایک خط حسب مضمون مذکورہ بالا ان دو شخصوں کے نام لکھ بھیجا کہ جو مستعین کی نگرانی پر واسط میں مامور تھے بیان کیا جاتا ہے کہ یہ کام احمد بن طولون کی معرفت پورا ہوا کیا گیا تھا۔ پھر احمد بن طولون معزول خلیفہ کو واسط سے لے کر قاطول آیا اور سعید بن صالح کے حوالے کر دیا سعید بن صالح نے اسی وقت معزول خلیفہ مستعین کو قتل کر دیا۔ بعض کہتے ہیں کہ مستعین کے پاؤں میں پتھر باندھ کر دجلہ میں ڈال دیا۔ بعض یہ بیان کرتے ہیں کہ مستعین کے مر جانے کے بعد اس کی سواری پر ... اور پھر مستعین کا سر اتار کر دربار خلافت میں بھیج دیا اور اپنا حق ظاہر کیا کہ مرض سے مر گیا ہے اور اس حسن خدمت کے صلہ میں سعید بن صالح کو پچاس ہزار درہم اور بصرہ کی سند گورنری مرحمت کی گئی۔

مغاربہ اور ترکوں میں جنگ ماہ رجب ۲۵۲ھ میں اتراک اور مغاربہ کے درمیان جنگ چھڑ گئی اور خوب چلی۔ ترکوں نے سعید کے اشارہ سے ایک روز عیسیٰ بن فرخان شاہ کو گرفتار کر کے مارا گھوڑا چھین لیا۔ مغاربہ کو اس سے اشتعال پیدا ہوا تو باہم مشورہ کیا اور موقع پا کر ترکوں پر حملہ کر دیا ترکوں کو اس کی خبر نہ تھی مغلوب ہو گئے ان کے گھوڑوں کو لوٹ لیا اور اس پر سوار ہو کر بیت المال کی طرف گئے اسے قبضہ کر لیا۔ ترکوں نے اس شکست کے بعد اور لوگوں کو اپنی جماعت میں ملا کر صف آرائی کی چونکہ ان میں سے کرخ اور ... کے مکانات میں تھے بازاروں اور شاہراہوں پر مل گئے اس سے ترکوں کی قوت گھٹ گئی اور انہیں مقابلہ کا زور مرکز کرنے کی جرأت نہ ہوئی جعفر بن عبدالواحد دونوں فریقوں میں مصالحت کی کوشش کرنے لگا۔ فریقین نے چند روز جنگ و جدال بند رکھا۔ بعد ازاں جس وقت مغاربہ منتشر ہو گئے ترکوں نے پھر حملہ کیا۔ محمد بن راشد اور نصر بن سعید مغربی بھاگ کر محمد بن عزون کے مکان میں جا چھپے۔ ترکوں کو پتہ لگ گیا شور و غل مچاتے ہوئے محمد بن عزون کے مکان پر چڑھ گئے اور ان دونوں کو گرفتار کر کے اسی مکان میں مار ڈالا۔ خلیفہ معتز نے یہ سن کر محمد بن عزون کو اس جرم میں کہ اس نے دونوں کی جان بچانے میں مخالفت کی قتل کرنے کا ارادہ کیا مگر لوگوں کی سفارش سے قتل نہ کیا مگر جلاوطن کر دیا۔

مساور خارجی موصل کی گورنری پر عقبہ بن محمد بن جعفر بن محمد بن اشعث بن یحییٰ خزاعی تھا اور حسن ... موصل کی پولیس افسر حسین بن بکیر کی ماتحتی میں ... مساور بن عبدالحمید بن مساور بجلی بوازیج میں رہتا تھا ایک روز حسین بن بکیر افسر پولیس نے مساور کے چھوٹے لڑکے کو حوثرہ موصل میں گرفتار کرا لیا حوثرہ ایک حسین لڑکا تھا حوثرہ نے اپنے باپ مساور کو لکھ بھیجا کہ حسین

خلیفہ مستعین باللہ ابو العباس احمد بن معتصم ... ۲۲۱ھ میں پیدا ہوا اس کی ماں ... [illegible]
... [illegible]
... [illegible]

بن بکیر افسر پولیس نے مجھے جبراً گرفتار کر لیا ہے۔ دن کو تو قید و تنہائی کی مصیبت جھیلتا ہوں اور شب کے وقت وہ مجھ سے مزدوری کا کام لیتا ہے۔ مساور کو اس خط کے دیکھنے سے سخت اشتعال پیدا ہوا۔ قرب و جوار کے لوگوں کو جمع کر کے حدیثہ موصل کا ارادہ کیا۔ حسین بن بکیر یہ خبر پا کر روپوش ہو گیا۔ مساور نے اپنے بیٹے حوثرہ کو جیل سے نکال لیا۔ رفتہ رفتہ اکراد اور اعراب کے کانوں تک یہ خبر پہنچی ان میں بھی فوری جوش پیدا ہو گیا اور مستعد و آمادہ ہو کر مساور کے پاس آ گئے۔

مساور کی موصل کی جانب پیش قدمی: ان لوگوں کے آ ملنے سے مساور کی جمعیت بڑھ گئی فوجی صورت میں مرتب کر کے موصل کا رخ کیا اور جانب شرقی میں پہنچ کر لڑائی کا نعرہ لگا دیا چند دنوں تک عقبہ بن محمد والی موصل سے لڑتا رہا پھر وہاں سے مراجعت کر کے خراسان کے راستہ پر آ ٹھہرا۔ خراسان کی راہ کی حفاظت پر بندار و مظفر بن سیسل مامور تھے۔ بندار طبری تین سو کی جمعیت کے ساتھ مقابلہ پر آیا مساور کے ہمراہ سات سو خوارج تھے لڑائی ہوئی مساور نے بندار کے ہمراہیوں کو شکست دے کر سب کو مار ڈالا اور بندار بھی مارا گیا تھا۔ صرف پچاس آدمی جان بچا کے مظفر بن سیسل کے پاس بھاگ کر بغداد پہنچے۔

اہل جلولہ سے لڑائیاں: خوارج جلولاء کی جانب چلے آئے اہل جلولا اور مساور سے متعدد لڑائیاں ہوئیں جن میں فریقین کے ہزاروں آدمی کام آ گئے بعد ازاں بارگاہ خلافت سے خطرمش مامور کیا گیا ایک عظیم الشان لشکر لے کر مقابلہ پر آیا مساور نے اس کو بھی شکست دے دی اور اکثر اعمال موصل پر قابض ہو گیا۔

حسن بن ایوب کی شکست: پھر ۲۵۴ھ میں ایوب بن احمد بن عمر بن خطاب تغلبی کو موصل کی حکومت دی گئی اس نے اپنی طرف سے اپنے بیٹے حسن کو بطور نائب کے موصل پر متعین کیا۔ اس نے ایک بہت بڑا لشکر فراہم کیا جس میں حمدان بن حمدون بن حارث بن لقمان (امرائے بنی حمدان کا دادا) اور محمد بن عبداللہ بن سید بن انس بھی تھا حسن نے لشکر مرتب کرنے کے بعد جنگ مساور کو کوچ کر دیا اور نہر زاب کو عبور کر کے مساور کے سر پر جا پہنچا۔ مساور اپنا کیمپ چھوڑ کر پیچھے ہٹ گیا۔ حسن نے بڑھ کر وادی ذیاب میں سخت جنگ ہوا لڑائی کا بازار گرم ہو گیا لشکر موصل کو شکست ہوئی محمد بن سید ازدی مارا گیا حسن بن ایوب مضافات اربل کی جانب بھاگ گیا۔

مساور کا موصل پر قبضہ: اس واقعہ کے بعد ۲۵۵ھ میں ایک خلیفہ (معتز) کی معزولی اور دوسرے خلیفہ (مہتدی) کی خلافت اور گورنر موصل کی تبدیلی سے خوارج نے فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کی۔ عبداللہ بن سلیمان ایک ناتجربہ کار شخص موصل کی گورنری پر مقرر کیا گیا۔ مساور نے موقع پا کر موصل پر چڑھائی کر دی۔ عبداللہ بن سلیمان والی موصل خوف جنگ سے چھپ رہا۔ مساور نے شہر میں پہنچ کر بلا مزاحمت و جنگ قبضہ کر لیا اہل موصل میں سے کسی کے کان پر جوں تک نہ رینگی اس اثناء میں جمعہ کا دن آ گیا جامع مسجد میں اپنے ہمراہیوں کے نماز ادا کرنے کو گیا خطبہ دیا نماز پڑھی اور بعد ادائے نماز جمعہ حدیثہ موصل کی طرف چلا گیا جو اس کا دار الہجرت تھا۔

مساور اور عبیدہ کی جنگ: ۲۵۶ھ میں خوارج میں سے ایک شخص عبیدہ بن زہیر عمری نامی نے مساور کی مخالفت کا علم

۔ جلولا موصل کے قریب اطراف میں ہے۔ یہ لڑائی مساور کی مخالفت ۲۵۲ھ میں پیدا ہوئی اور جنگ ماہ جمادی الاول ۲۵۳ھ میں ہوئی۔

(تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۷ صفحہ ۸۹)

بلند کیا عبیدہ اور مساور سے توبہ خاطی (گنہگار) کے بابت بہت بڑا مباحثہ ہوا عبیدہ کہتا تھا کہ غلطی کی توبہ قبول نہ کی جائے گی اور مساور اس کے خلاف تھا خوارج کا ایک گروہ عبیدہ کے ساتھ ہو گیا۔ مساور نے حدیثہ موصل سے عبیدہ کی طرف جنگ کے ارادہ سے خروج کیا۔ بہت سخت لڑائی ہوئی عبیدہ مارا گیا اور اس کے ہمراہی میدان جنگ سے بھاگ کھڑے ہوئے۔

بلاد عراق پر قبضہ: تھوڑے دنوں بعد بنی زہیر سے ایک دوسرا شخص طوق نامی مساور کی مخالفت پر اٹھا حسن بن ایوب بن احمد عدوی نے اس کے لئے ایک عظیم الشان لشکر فراہم کیا طوق نے ۲۵۳ھ؛ ۲۵۴ھ میں مساور سے صف آرائی کی لیکن ناکامی کے ساتھ پسپا ہو گیا۔ مساور نے عراق کے اکثر بلاد پر قبضہ کر لیا اور خراج بھیجنا بند کر دیا۔ موسیٰ بن بغا اور بکیال نے بسر داری ایک عظیم الشان لشکر کے مساور پر فوج کشی کی [illegible] تک بڑھ آئے۔ ابھی لڑائی نہ چھڑنے پائی تھی کہ یہ خبر پا کر کہ ترکوں نے خلیفہ مہتدی کے خلاف علم بغاوت بلند کیا ہے اور مسند خلافت سے اس کو اتارنے کی کوشش کر رہے ہیں سامرا واپس چلے آئے۔

مفلح کا تقرر: چنانچہ جس وقت خلیفہ معتمد رونق افروز مسند خلافت ہوا تو اس نے ایک بہت بڑے لشکر کے ساتھ مفلح کو جنگ مساور پر روانہ کیا۔ مساور نے حدیثہ سے نکل کر ان دو پہاڑوں کا ارادہ کیا جو اس کے متصل ہی تھے۔ مفلح یہ خبر پا کر مساور کے لشکر کے پچھلے حصہ پر جا پڑا اور نہایت تیزی سے معرکہ کارزار گرم کر دیا۔ مساور پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ گیا اور مفلح اس کا محاصرہ کئے ہوئے دامن کوہ میں ٹھہر گیا اور ایک مدت تک دونوں فریقوں میں متعدد لڑائیاں ہوتی رہیں چونکہ مساور کے ہمراہیوں میں زمانہ جنگ عبیدہ سے اس لڑائی تک زخمیوں کی تعداد بہت زیادہ ہو گئی تھی اس وجہ سے موقع پا کر قلعہ کوہ سے اتر آیا صبح ہوئی تو میدان جنگ میں صرف مفلح کا لشکر نظر آیا مفلح نے اپنے حریف سے میدان کو خالی دیکھ کر موصل کا رستہ لیا۔ پھر موصل سے دیار ربیعہ کو دیار ربیعہ سے سنجار، نصیبین ہوتا ہوا خابور پہنچا اور وہاں کا انتظام کر کے موصل واپس آیا دو ایک روز قیام کر کے حدیثہ کی طرف کوچ کر دیا۔

مفلح کی مراجعت بغداد: جوں ہی مفلح نے موصل کو چھوڑا مساور لوٹ پڑا اور اس کے لشکر کے پچھلے حصہ پر حملہ کر کے غارت کا ہاتھ صاف کرتا ہوا حدیثہ تک پہنچا۔ مفلح کے ہمراہی روزانہ جنگ اور سفر سے تھک گئے تھے اور زندگی سے جان چرانے لگے تھے مفلح نے چند روز حدیثہ میں قیام کر کے ماہ رمضان ۲۵۶ھ میں بغداد کی جانب مراجعت کر دی اور مساور نے دوبارہ ان شہروں پر قبضہ کر لیا ان واقعات سے اس کا رعب داب بڑھ گیا۔ اس کے بعد ۲۵۹ھ میں مسرور بلخی نے حدیثہ پر چڑھائی کی دو سپہ سالار ان ترکوں میں سے [illegible] نامی سپہ سالار کو ایک فوج کثیر کے ساتھ حدیثہ پر حملہ کرنے کا حکم دیا۔ پھر ۲۶۱ھ میں حکمرانان خراسان سے یحییٰ بن جعفر مساور کی فوج پر لڑائی کے لئے روانہ ہوا۔ مسرور نے اس کا تعاقب کیا۔ موفق نے بھی اس کا تعاقب کیا مسرور کا ساتھ دیا مگر ان دونوں نے اس کو نہ پایا۔

وصیف کا قتل: ۲۵۳ھ عہد خلافت معتز میں ترک فراعنہ اور اشروسنیہ کی فوجیں جمع ہو کر چار مہینے کے روزینہ کی

---

۱ پانچ سو۔ تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۷ صفحہ [illegible] سے لکھا جا رہا ہے [illegible]

باب ۱۵:

صفاریہ سلطنت کا قیام ۲۵۱ھ تا ۲۵۵ھ

یعقوب بن لیث اور اس کا بھائی عمرو سجستان میں تانبے پیتل کی دکانداری کرتے تھے انہی کے زمانہ میں ایک شخص ہوا خواہان اہل بیت سے صالح بن نضر کنانی نامی اس اطراف میں ظاہر ہوا اور خوارج سے معرکہ آرائی میں مصروف ہو گیا چونکہ یہ لوگ اس کی امداد رضاکارانہ کرتے تھے اس لیے مطوعہ کے نام سے موسوم ہوئے اسی وجہ سے لوگ اس وقت مطوعی کہے گئے امراء و رؤسا اور عوام الناس کا ایک گروہ اس کے معتقدوں میں داخل ہو گیا تا آنکہ درہم بن حسن اور صالح نے سجستان پر قبضہ کر کے طاہر بن عبداللہ والی خراسان کو نکال دیا اتفاق یہ کہ اس کے بعد صالح کی باحوصلہ زندگی کا خاتمہ ہو گیا اور درہم بن حسن اس کے بجائے اس کے رضاکاروں پر حکومت کرنے لگا اس کے زمانہ میں معتقدین کی بہت کثرت ہوئی مگر چونکہ درہم کا جوش اور صالح جیسا نہ تھا والی خراسان نے حیلہ سے اس کو گرفتار کر کے بغداد بھیج دیا۔ رضاکاروں نے جمع ہو کر یعقوب بن لیث کو اپنا امیر بنا لیا۔

یعقوب بن لیث کی فتوحات: یعقوب بن لیث بڑا شجاع و بہادر شخص تھا اس نے خوارج سے جنگ چھیڑ دی اور کمال مردانگی سے لڑ کر ان کو زیر کیا ان کے قصبات اور گاؤں کو ویران کر دیا۔ آدمی ہوشیار اور چالاک تھا۔ دربار خلافت میں ایک عرضی اس مضمون کی بھیج دی کہ "میں نے خلافت عباسیہ کے مخالفین (خوارج) کو لڑ کے زیر کر دیا ہے اور میں ہر طرح خلیفۃ المسلمین کا مطیع و فرمانبردار ہوں"۔ اور آہستہ آہستہ کل ملک سجستان پر قبضہ کر کے اس کے راستوں کی حفاظت کا انتظام کر دیا۔ لوگوں کو امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا وعظ و پند کرنے لگا۔ اس سے اس کی وجاہت ظاہر میں ترقی ہوئی اور اراکین دولت بھی اس کی عزت کرنے لگے۔

ہرات پر قبضہ: کچھ عرصہ بعد یعقوب بن لیث نے سجستان سے اطراف خراسان کی جانب کوچ کیا ان دنوں خراسان کی حکومت پر محمد بن عبداللہ بن طاہر تھا اور اس کی جانب سے ہرات پر محمد بن اوس انباری حکمران تھا یعقوب کی خبر سن کر ایک لشکر مرتب کر کے مقابلہ پر آیا۔ یعقوب سے لڑائی ہوئی میدان جنگ یعقوب کے ہاتھ رہا۔ محمد بن اوس بھاگ کھڑا ہوا۔ یعقوب نے ہرات اور بوشنج پر بھی کامیابی کا جھنڈا گاڑ دیا اس واقعہ سے والی خراسان اور اطراف و جوانب کے امراء کے ہوش و حواس جاتے رہے ان کے دلوں پر اس کی ہیبت اور رعب کا سکہ بیٹھ گیا۔

کرمان پر قبضہ: اسی زمانہ میں علی بن حسین بن شبل نامی ایک شخص فارس کا گورنر تھا باوجودیکہ اس نے خراج

دربار خلافت میں ایک مدت سے نذر بھیجا تھا۔ لیکن سجستان پر یعقوب کے تصرف و قبضہ کو گوارا نہ کر کے کرمان کی گورنری کی درخواست خلیفہ معتز کی خدمت میں بھیج دی۔ چونکہ خلیفہ معتز ان دونوں علی بن حسین اور یعقوب بن لیث کی حقیقت حال سے بخوبی واقف تھا دونوں کے پاس سند گورنری کرمان بھیج دی تا کہ دونوں لڑ بھڑ کے ختم ہو جائیں اور کم از کم یہ کہ ان دو میں سے ایک ضرور فنا ہو جائے۔ ادھر علی بن حسین نے فارس سے طوق بن مغلس کو اپنا نائب مقرر کر کے کرمان بھیج دیا ادھر سجستان سے خلافت مآبی کا فرمان پاتے ہی یعقوب صفار بھی کرمان کی طرف روانہ ہو گیا مگر اس کے پہنچنے سے پہلے طوق نے کرمان میں پہنچ کر قبضہ کر لیا۔

یعقوب نے قریب کرمان پہنچ کر قیام کیا پھر دو مہینے تک طوق کے انتظار میں ٹھہرا رہا۔ جب طوق نے کرمان سے قدم باہر نہ نکالا تو یعقوب نے سجستان کی طرف کوچ کر دیا طوق نے اس کی مراجعت کے بعد بجائے آراستگی لشکر اور تیاری جنگ کے لہو و لعب کی مجلس منعقد کر دی۔ ابھی یعقوب سجستان ہی کے راستے میں تھا کہ جاسوسوں نے اس کی اطلاع کر دی لوٹ پڑا دو دن کی مسافت کو ایک دن میں طے کر کے طوق کے سر پر آ پہنچا اور چاروں طرف سے گھیر کر قتل و غارت کا بازار گرم کر دیا۔ طوق اور اس کے مصاحبین کا نشہ ہرن ہو گیا۔ حواس باختہ ہو کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ یعقوب نے کرمان پر قبضہ حاصل کر لیا اور طوق کو پابہ زنجیر جیل میں ڈال دیا۔

